**جناب چیئرمین۔** معزز رکن کہہ رہے ہیں کہ اس قسم کے فراڈ کئی دفعہ ہو چکے ہیں اس لئے کوئی ایسا قانون بنایا جائے تاکہ آئندہ ایسے واقعات پیش نہ آئیں ۔

**مخدوم شہاب الدین ۔** جناب والا! اس سلسلے میں گزارش ہے کہ

That person would be the honourable Law Minister over here sir.

Mr. Chairman: The suggestion is that this has been repeated so many times

کہ کبھی لوگ فنانس کمپنیوں کے نام پر کبھی کواپریٹو سوسائٹیز کے نام پر اور کبھی اسی طرح کی دیگر کمپنیاں بنا کر عوام کے پیسے کھا جاتے ہیں۔ اس لئے کوئی ایسا قانون بنایا جائے تاکہ عوام کے پیسے نہ کھائے جاسکیں ۔

**مخدوم شہاب الدین۔** اس پر غور کریں گے ۔

**جناب چیئرمین۔** وزیر صاحب کہتے ہیں کہ ٹھیک ہے، ہم نے نوٹ کر لیا ہے ۔ اس

پر غور کریں گے ۔

**قاضی حسین احمد** ۔ کراچی میں بھی بہت ساری ایسی کمپنیاں ہیں ، ان کے بارے میں وزیر صاحب کیا ارشاد فرماتے ہیں ۔وہ عوام کو لوٹ رہی ہیں ۔

**جناب چیئرمین**۔ یہ سوال ، اس سوال سے متعلقہ نہیں ہے ۔

**قاضی حسین احمد** ۔ جناب والا ۔ کراچی میں بہت ساری فنانس کمپنیاں موجود ہیں اور ان کے بارے میں ان کے پاس ریکارڈ موجود ہے ۔

**جناب چیئرمین**۔ کیا آپ کے پاس کراچی کی فنانس کمپنیوں کے بارے میں جواب ہے ؟

**پروفیسر این ڈی خان** ۔ اگر قاضی صاحب fresh question دیں تو میں اس کا تفصیل سے جواب دے سکوں گا ۔

**قاضی حسین احمد** ۔جناب والا ! ان کے پاس ریکارڈ موجود ہے ۔وہ اس کا جواب دے سکتے ہیں ۔

**جناب چیئرمین**۔ یہ ہو نہیں سکتاہے کہ کراچی کی فنانس کمپنیوں کا ان کے پاس اس وقت ریکارڈ ہو ۔

**قاضی حسین احمد** ۔میں عرض کرتا ہوں کہ اس کے بارے میں آپ کو اور اس ہاؤس کو بتانا چاہیئے کیونکہ لوگ ان سے affected ہیں ۔

**جناب چیئرمین**۔ آپ کا سوال کیا ہے ؟

**قاضی حسین احمد** ۔ میرا سوال یہ ہے کہ کراچی میں جن فنانس کمپنیوں نے لوگوں کے پیسے نہیں دئے ہیں ، حکومت نے ان کےبارے میں بھی ایک پالیسی announce کی تھی ، میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ اس پر کہاں تک عمل درآمد ہوا ہے ؟

**جناب چیئرمین**۔ کیوں جی ، کیا آپ کے پاس اس بارے میں کوئی تفصیل ہے ؟

**پروفیسر این ڈی خان** ۔ جناب والا ! تفصیل سے جواب تو fresh questic.. ملنے پر ہی دیا جا سکتا ہے ۔

جناب چیئرمین- آپ کوئی جنرل بات ہی کر دیں تاکہ قاضی صاحب کی تسلی ہو جائے ۔

سید اشتیاق اظہر- جنابِ والا! کراچی میں کروڑوں روپوں کا گھپلا ہوا ہے ۔

پروفیسر این ڈی خان،- جناب والا! اربوں روپے ہو گا لیکن

I will come up with all the statistics, we are not nervous on this question because the present government has nothing to do with this. I will come up with the file and statistics.

Mr.Chairman: Yes Mr.Shahzad Gul.

Mr. Shahzad Gul: The Board instead of depending upon one agency , appointed its own Recovery Officers to determine the liabilities of the delinquents and ex-management and to effect recovery by the sale of properties under the scheme duly approved by ECC of the Federal Cabinet.

تو ان Recovery Officers نے ابھی ان کمپنیوں کی کتنی پراپرٹی دریافت کی ہے اور اس کو بیچ کر کتنی رقوم وصول کی گئی ہے ۔ یا یہ افسران ایسے ہی تنخواہیں لے رہے ہیں ۔

جناب چیئرمین- یہ کہاں لکھا ہوا ہے

جناب شہزاد گل- پیرا نمبر 3 میں

جناب چیئرمین- صفحہ نمبر 6 پیرا نمبر 3 ۔

The Board instead of depending upon one agency, appointed its own Recovery Officers to determine the liabilities of the delinquents and ex-management and to effect recovery by the sale of properties under the scheme duly approved by ECC of the Federal Cabinet

تو آپ کا سوال کیا ہے ۔

جناب شہزاد گل- میرا سوال یہ ہے کہ یہ جو recovery officers ہیں ' انہوں نے آج تک کیا کیا ہے ؟ کیا انہوں نے ان کمپنیوں کی جائیدادیں دریافت کی ہیں؟ پھر اس کو

بیچا ہے اور اس طریقہ کار سے کتنی رقوم اکٹھی کی ہے؟ کیا یہ رقوم پول میں آئی ہیں یا نہیں ؟

جناب چیئرمین - مخدوم صاحب ! کیا آپ ان سوالات کے بارے میں بتائیں گے کہ ان recovery officers کی کارکردگی کیسی رہی ہے؟ کیا انہوں نے کچھ recover کیا ہے یا نہیں ہے what have they done?

Makhdoom Shahab-ud-Din: This is about the Taj Company affectees

جناب چیئرمین - میرا خیال ہے کہ تاج کمپنی کے بارے میں نہیں ہے This is about cooperative societies. This is not the question of Taj Company. نمبر 3 کے بارے میں کہہ رہے ہیں کہ آپ نے جواب میں صفحہ چھ پر کہا ہوا ہے کہ

The Board instead of depending upon one agency, appointed its own Recovery Officers to determine the liabilities of the delinquents and ex-management and to effect recovery by the sale of properties under the scheme duly approved by ECC of the Federal Cabinet

تو یہ کہتے ہیں کہ انہوں نے کیا کارکردگی دکھائی ہے ؟ کچھ cases identify کئے ہیں یا نہیں کئے ہیں ؟ کچھ کام کیا ہے یا نہیں کیا ہے ؟

مخدوم شہاب الدین - جو مجھے رپورٹ ملی ہے ' اس کے مطابق وہ کچھ progress کر رہے ہیں - کافی recoveries ہو رہی ہیں - اس سلسلے میں We are coming down with a heavy hand as regards the recoveries, be they are financial institution, be it any recovery, we are taking it very seriously کوشش تو یہی ہو رہی ہے اور recovery بھی ہو رہی ہے -

جناب چیئرمین - ٹھیک ہے -

جناب شہزاد گل - جناب والا ! انہوں نے two thousand millions کمرشل بنکوں سے loan لئے ہیں اور اسی سے payments ہو رہی ہیں - کہ سو ملین پرائم منسٹر فنڈ سے اور سو ملین فیڈرل گورنمنٹ set up پہ بطور revolving fund استعمال ہوا - اس کے بعد پھر

دوسری instalment سو ملین کی دی گئی -

اس کے علاوہ انہوں نے کہا کہ پانچ کمپنیوں کی payment کے لئے دو ہزار ملین کی payments جتنی آپ نے اور obtained from the nationalized commercial banks ہیں ، وہ صرف ایک ہزار ملین تک بنتی ہیں ، تو میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا آپ نے ان کمپنیوں کی پراپرٹی حاصل کی ہے اور ان کو بیچا ہے اور ان سے کچھ رقم وصول کی ہے یا جو جو قرضے بنکوں سے لئے ہیں ، ان سے ہی لوگوں کو payments کر رہے ہیں ؟

**جناب چیئرمین**-سوال یہ ہے - آپ سمجھ گئے ہیں-

**مخدوم شہاب الدین**- میں سمجھ گیا ہوں- گزارش یہ ہے - ان کا فرمان یہ ہے کہ کیا آپ بنک سے لیکر دے رہے ہیں ----------

**جناب چیئرمین**- یا گورنمنٹ کے پیسے دے رہے ہیں یا ان کی پراپرٹی بیچ کر دے رہے ہیں -

Makhdoom Shahab-ud-Din: Sir, I will have to be clear on that.

**جناب چیئرمین**-O.K تو کیا کیا جائے اس سوال کا- He needs time to answer.-

**مخدوم شہاب الدین**- جناب اس سلسلے میں

I would like to have a fresh question, on this particular issue.

Mr. Chairman: But this is pertaining to this. Why a fresh qestion. It arises out of this.

یا تو کوئی نئی بات تو نہیں کہی-

**مخدوم شہاب الدین**- جناب اس پورشن کو ڈیفر کر دیں- جو انہوں نے پوچھا ہے-

**جناب چیئرمین**- نہیں ، یہ بھی تو اسی سے متعلق ہے-

**مخدوم شہاب الدین**- آپ سارے کو کر دیں-

**جناب چیئرمین** - تو اس طرح کریں - When can you give us the information.

کب تک دے سکیں گے۔

**مخدوم شہاب الدین۔** اگلے سیشن میں دیں گے۔

**جناب چیئرمین۔** کیوں جی Next Session ٹھیک ہے۔

**جناب شہزادگل۔** تو پھر سارے سوال کو ڈیفر کیا جائے۔

**مخدوم شہاب الدین۔** جناب ایسے کریں ' پرسوں کرلیں۔ ترسوں کرلیں۔

**Mr. Chairman:** If you are ready, it depends on you.

**Makhdoom Shahab-ud-Din:** Sir, I have to get in touch with my Department.

**Mr. Chairman:** OK. We will take it up on Sunday.

سنڈے کو تو پرائیویٹ ممبر ڈے ہے۔ Monday کو کرلیں۔

**مخدوم شہاب الدین۔** Monday کو کرلیں۔

This particular portion should be mentioned.

**جناب چیئرمین۔** اس پر ساری information منگوا لیں۔

So that, if there is anything they want--- this is something which affects so many people obviously, members are interested to know--

ابھی تک کیا پراگریس ہوئی ہے۔ آئندہ کا کیا پروگرام ہے۔

How many people have been satisfied? How many still remain? How much has been obtained by sale of properties? How many obtained by loans through banks and Government funds?

**Makhdoom Shahab-ud-Din:** I will be most grateful sir, if the honourable member puts in writing and I take it from him.

**جناب چیئرمین۔** اگر آپ کے ذہن میں کوئی سوالات ہیں تو آپ ان کو دے دیں۔

جناب شہزاد گل۔ یہ ایک سوال تو ہے یہ ان کے سامنے آ گیا ہے۔

جناب چیئرمین۔ یہ آ گیا ہے اور بھی کوئی ہے تو ان کو دے دیں۔

Next question No.43 Prof. Khurshid Ahmed.

43. *Prof. Khurshid Ahmed: (on his behalf) Will the Minister for Finance, and Economic Affairs be pleased to state:

(a) the amount received by the Privatization Commission in respect of the enterprises privatized from the inception of the Commission to June, 1993 and from November, 1993 uptil now;

(b) the amounts given back in the form of golden handshake;

(c) the amount utilized by the Commission so far;

(d) the policy of government in respect of utilization proceeds and how far they are being utilized for liquidation of national debt; and

(e) the expenses incurred on the work of the Privatization Commission during the said peiods separately?

Makhdoom Shahab-ud-Din: (a) The desired information is given below:-

(i) upto June, 1993: Rs. 5767.05 million

(ii) From November, 1993 to date. Rs. 30002.00 million

(b) The amount given back to the workers in the form of golden handshake is as Rs. 584.25 million. An amount of Rs.493.66 million has also been paid under the voluntary retirement/separation scheme to the officers of privatized units.

(c) Rs. 13980.41 million.

(d) These proceeds were utilized to retire domestic debt of Rs. 6.13 billion

during 1994-95 as well as for PSDP/SAP as given below:-

| | Rs. In billion |
|---|---|
| 1993-94 | 2.0 |
| 1994-95 | 5.0 |
| 1995-96 | 12.0 |

(e) The expenditure of Privatization Commission through the annual budget every year is given below:-

| | Rs. in million. |
|---|---|
| Upto June 1993. | 98.790 |
| November 1993 to date. | 30.267 |
| Total Rs. | 129.057 |

جناب چیئرمین۔ سپلیمنٹری۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل۔ جناب انہوں نے یہاں کل رقم جو 5 ارب 5 ہزار 4 سو 67 ملین ، جو ۵۴۶ کروڑ بنتے ہیں۔ پھر ۲۰۰۲ تین ہزار کروڑ ، تیس ارب ، تمام پروسیڈ ۳۵ ارب ملے۔ یہ ٹوٹل ہے۔ اس کے بعد جناب والا ! پانچ ارب اور چار ارب یہ گولڈن شیک ہینڈ اور Voluntary retirement scheme اس میں دیتے ہیں نو ارب ۔ آپ سمجھیں یہ دس ارب بنتے ہیں اور پھر utilization وہ ۱۲ ارب بنتی ہے ۔ یہ سب ملا کر جو میں نہیں سمجھ رہا ہوں جو انہوں نے سوشل ایکشن پروگرام میں کہا ہے ۔ سوشل پروگرام میں ۱۹ ارب یہ اور ۶ ارب domestic debt کی payment ہوئی ۔ یہ سب ملا کر ۳۵ ارب روپے نہیں بنتے۔ یہ فگر کیسے ہیں۔

مخدوم شہاب الدین۔ کیسے نہیں بنتے؟

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل۔ آپ حساب لگائیں۔

مخدوم شہاب الدین۔ میں عرض کرتا ہوں اس میں تھوڑا سا ابہام اس لئے ہے کہ پہلے جو اخراجات ہوا کرتے تھے ۔ اس کے دو فیز ہیں ۔ ایک پرائیویٹائزیشن ہم نے کی ہے ۔ ایک پرائیویٹائزیشن پچھلی حکومت نے کی ہے ۔ دوسری بات یہ ہے کہ پہلے budgetary measures

سے بھی اس کو پرائیوٹائزیشن کو فنانس کیا جا تا تھا - میرے خیال میں اس کی وجہ سے کوئی confusion ہو رہی ہے - و گرنہ یہ جو فگرز ہیں۔ .There is no confusion at all۔

**جناب عبدالرحیم خان مندوخیل**- چونکہ ٹائم کی کمی ہے - ورنہ یہ جو فگرز ہیں اس میں بھی ---

**مخدوم شہاب الدین**- آپ میرے ساتھ بیٹھ کر calculate کر لیں -

We can sit together, we can calculate.

**جناب عبدالرحیم خان مندوخیل**- یہ آپ نے domestic debt پہ 6ارب روپیہ خرچ کیاہے - جو آپ کا بڑا کلیم ہے کہ ہم domestic debt ختم کریں گے اور اس لئے یہ بڑاضروری ہے پرائیویٹائیزیشن کے argument میں domestic debt کتنا ہے ہمارا ، جس کے مقابلے میں آپ نے چھ ارب روپیہ خرچہ کیا ہے اور جس پہ آپ نے بڑے یونٹس فروخت کردیئے ہیں ؟

**مخدوم شہاب الدین** - domestic debt ہماری کل کتنی ہے ؟

**جناب عبدالرحیم خان مندوخیل**-جی ہاں -

**مخدوم شہاب الدین** -میں عرض کرتا ہوں جی- domestic debt دوقسم کی ہے جی - ایک ہے - sorry, I thought you are talking in terms of total debt جو ہے نا جی domestic debt ہماری یہ تقریباً 23 billion بنتی ہے -

**جناب عبدالرحیم خان مندوخیل**-کتنے؟

**مخدوم شہاب الدین** - I am calculating in terms of dollars یہ آٹھ سو بلین روپے۔

**جناب عبدالرحیم خان مندوخیل**-سادہ ہماری زبان میں آٹھ کھرب روپے -

**مخدوم شہاب الدین** - جی ہاں - آٹھ سو ارب روپے - کھرب نہیں جی -

**جناب عبدالرحیم خان مندوخیل**- تو اس آٹھ کھرب روپے کے مقابلے میں آپ نے اتنے بڑے یونٹ فروخت کئے - اور اس سے چھ ارب روپے آپ نے دے دیئے - یعنی جو

آپ نے payment کیا آٹھ سو ارب سے چھ ارب روپے آپ نے دیئے۔ یعنی سات سو چورانویں ارب قرضہ اب بھی ہے۔ یعنی ہمیں اس حوالے سے کیا فائدہ ملا، اور employees کا یعنی یہ سوال بھی ہونا چاہیے کہ employees ہم نے کتنے unemployed کر دیئے۔ خیر میں ابھی اس defer وقت یہ سوال کرتا ہوں کیا ہم نے کوئی فائدہ کیا؟

**مخدوم شہاب الدین** ۔جناب آپ جتنی بھی debt retire کریں فائدہ ہے-----

**جناب چیئرمین**۔ لیکن وہ آپ نہیں کر رہے ناں۔ This is what I am noticing, that you should have done آپ نے 19 billion کا خرچ کیا ہے SAP and PSBP اور صرف چھ بلین کا debt retire ظاہر کیا ہے۔ تو

We are selling our family cellar and just utilizing it on--

Makhdoom Shahab-ud-Din: No. Sir, we are not utilizing it on just

**جناب چیئرمین**۔ نہیں اگر debt retirement کریں تو پھر تو فائدے کی بات ہے۔ لیکن یہ تو ادھر ادھر بکھر جائے گا۔

**مخدوم شہاب الدین** ۔نہیں جناب نہیں بکھر جائے گا۔ کیونکہ ہم نے کوئی اس کو dissipate نہیں کردیا۔

**جناب چیئرمین**۔ debt retire کریں تو پھر تو بہتر بات ہے۔

**مخدوم شہاب الدین** ۔ retire کریں گے جناب۔

**جناب چیئرمین**۔ نہیں صرف چھ بلین کا انیس بلین تو آپ کا ادھر خرچ ہوگیا۔ یعنی 19billioin has gone to SAP and PSBP صرف 6 billion کیا ہے۔

**مخدوم شہاب الدین** ۔ ----Sir, SAP etc. they are۔

**جناب چیئرمین**۔ نہیں بہرحال priority پرائیویٹ بات ہے۔ زیادہ بہتر تو یہ ہوتا کہ debt retire کرتے آپ۔ آپ کی liability کم ہوتی، آپ کا بجٹ بہتر ہو جاتا۔

**مخدوم شہاب الدین** - جی ہاں جناب - اب ہم next phase میں کر رہے ہیں - بالکل اگلے مرحلے میں کر رہے ہیں جناب -

**جناب چیئرمین**-اس پر سوچیں -

**ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ** -چیئرمین صاحب! میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ دیکھیں جناب یہ سارے ملک اور اس کے عوام کی دولت ہے- اور آپ نے بجا فرمایا- یہ جو انہوں دکھایا ہے کہ انیس ارب اور یا چھ ارب جو ہے وہ گھریلو قرضوں میں دیا ہے- کیا یہ بات بہتر نہ ہوتی- باقی یہ شہ خرچیوں میں گئے ہیں - کیا اس حکومت نے یا پچھلی حکومت نے' یہ کئی ہزار کے اثاثوں کے جو سودے کئے ہیں اپنے ملک کے' اور بہت سے بیچارے لوگوں کو بیروزگار بھی کیا ہے- کیا اس کا بہتر استعمال اس طرح سے نہیں ہوتا کہ ہم قرضوں کے بوجھ کے تلے خاص کر بیرونی اور اندرونی قرضے ارب ہا کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں- اور صرف انہوں نے یہ بتایا کہ چھ ارب ہم نے یہ دیا - انیس ارب روپیہ domestic debt- کیا یہ بہتر نہ ہوتا کہ یہ ساری رقم جو ہے' چاہے یہ حکومت یا ماضی کی حکومت تھی یہ سب قرضوں میں دیتے - تو ایک بہتر نتیجہ اس کا ملک کے لئے نکلتا - اور ملک کے اثاثوں کا صحیح استعمال ہوتا - یہ صرف شہ خرچیوں پر یہ بھی اور پچھلی حکومت نے بھی خرچ کیا ہے-

نمبر۲ اگر شہ خرچیاں کرنی ہیں اور آپ نے عوام کا پیسہ لوٹنا بھی ہے تو اس کا یہ انداز اور طریقہ درست نہیں ہے - اور اس سے بہتر ہے جو یہ تمام وفاقی وحدتوں کا یہ پیسہ ہے- تمام صوبوں کا یہ پیسہ ہے - سارے وفاق کا یہ پیسہ ہے- تو کم از کم وفاقی وحدتوں کو تو کچھ ان کی ترقی اور ان کی خوشحالی کے لئے دیتے- نہ آپ نے قرضوں میں دیا -ملک جو قرضوں کے' تلے دبا ہوا ہے- ہر بچہ بچہ ہمارے ملک کا جو پیدا ہوتا ہے وہ قرضوں کے نیچے دبا ہوا ہے- بیرونی اور اندرونی قرضے- تو آپ ان رقوم کو نہ وفاقی وحدتوں کو دیتے ہیں اور صرف یہاں اسلام آباد میں شہ خرچیوں پر خرچ کرتے ہیں - صرف انیس ارب اور چھ ارب یہ پچیس ارب آپ نے بتایا کہ ہم نے جی اس کو استعمال کیا ہے- باقی حساب کہاں ہے یہ ایوان آپ سے پوچھنا چاہتا ہے کہ باقی رقم کا بھی آپ ہمیں حساب دیں تفصیل سے اس حکومت کا بھی اور پچھلی حکومت کا بھی کہ کہاں ہے اور کہاں کہاں خرچ کیا ہے؟

جناب چیئرمین۔-جی جناب مخدوم شہاب الدین صاحب ۔

مخدوم شہاب الدین، جناب والا سوال ان کا بہت ہی relevant ہے ۔ انہوں نے استفسار کیا ہے کہ یہ رقم کہاں ہے ۔ کیسے خرچ ہو رہی ہے اور اس کو قرضوں میں کیوں نہیں دیا گیا ۔ جناب والا۔ میرا بھی ذاتی طور پر یہ موقف ہے اور اس حکومت کی بھی یہی ہے اگر تھوڑا سا سوشل ایکشن پر ہم نے خرچ کر دیا اور یہ Public Sector Development Programme پر کیا اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ اب ہمارا پروگرام ہے ہی یہی کہ سوشل ایکشن پروگرام پر یہ چلتا رہے گا۔ جناب والا۔ بنیادی جو ہمارا مطمع نظر ہے وہ یہ ہے کہ ہم maximum domestic debt retirement کریں گے پہلے کیوں کہ وہ costly ہے۔ domestic retirement کریں گے اس لئے out of the two, be it the foreign debt or be it the domestic debt, sir. So out of the two domestic one is more costly so we are going to concentrate on that, sir.

انشااللہ آپ دیکھیئے گا کہ مہینے ڈیڑہ یا دو مہینے تک ہم ان کو اچھی خبر دیں گے ۔

+44. *Prof. Khurshid Ahmed: Will the Minister for Finance, Revenue and Economic Affairs be pleased to state whether it is a fact that the Privatization Commission has short-listed nine companies, including Goldman Sachs International, an American firm with close link to Israel, pre-qualifying them for the role of "strategi investor" in respect of 26% shares of the PTC, if so, the criteria on which this selection has been made?

Makhdoom Shahab-ud-Din: M/s Goldman Sachs International were short-listed for Financial Advisory Services for the strategic sale of 26% share, of P.T.C. alsongwith management control. However, the job of Financial Advisory Services was assigned to M/s. Morgan grenfell, a British firm on the basis of competetive offer.

---

+ Question Hour is being over. The remaining questions and their answers were placed on the table of the House.

45. *Prof. Khurshid Ahmed: Will the minister for commerce be pleased to state:

(a) whether it is a fact that Sweden had shipped a huge amount of toxic waste, including lead, heavy metals and plastics, to Pakistan during 1993-94;

(b) whether it is also a fact that according to Swedish export statistics secondary materials that are suspected toxic are shipped from Sweden to Pakistan; and

(c) if the answer to 'a' and 'b' is in affirmative, were the circumstances under which this health hazard material was imported by Pakistan from Sweden?

Ch. Ahmed Mukhtar: According to Import Policy, import of all kinds of health hazard wastes into Pakistan are banned. However, the wastes of heavy metals used as industrial raw materials, not classified as health hazard, have been imported from Swedens as per details below:-

| | (US Milliom $) | |
|---|---|---|
| | 1993-94 | 1994-95 |
| (i) Waste of heavy metals | 0.5 | 0.2 |
| (ii) Plastic wastes. | ---- | 0.1 |
| (iii) Lead wastes. | ----- | ----- |

(b) Swedish export statistics of secondary materials can only be obtained from Sweden for which Pakistan High Commission in Sweden has been requested to provide the desired information. As soon as the information is received, will be placed before the House.

(c) Wastes of heavy metals, not classified as health hazard, has been imported by the Industry as raw material.

46. *Mr. Sartaj Aziz: Will the Minister for Finance, Revenue and Economic Affairs be pleased to state:

(a) the privileges and facilities that are admissible to the non Executive Directors of Government owned commercial banks and the DFIs under the rules; and

(b) whether the privileges and facilities allowed to recently appointed Directors in these institutions are in line with those admissible under the rules?

Makhdoom Shahab-ud-Din: (a). NCBs and DFIs are allowing the following privileges facilities to non-executive directors:-

Nationalized Commercial Banks:

(i) Fee Rs. 500 for attending the Board meeting.

(ii) Travel expenses--- one return air passage.

(iii) Accommodation:- Hotel Bill on actual basis, if the meeting is held at the stat on other than that of their residence.

(iv) Transport facility during Board's meeting.

Development Financial Institutions (DFIs)

(i) No privileges to non-executive directors except travelling, daily allowance.

(ii) Accommodation: Hotel bill on actual basis.

(iii) Transport facility during the Board's meeting.

(b) Yes.

47. *Mr. Sartaj Aziz: Will the Minister for Finance, Revenue and Economic Affairs be pleased to state:

(a) whether it is a fact that all the government owned commercial banks

and DFIs are heavily overstaffed in relation to their total deposits and level of activities; and

(b) whether it is also a fact that despite this overstaffing a large number of officers are being recruited in these institutions on the basis of political recommendations rather than merit?

Makhdoom Shahab-ud-Din: (a) No. Infact there are certain banks/DFIs which are facing shortage of technical staff like computer operator, stenographer, cashier etc., which are not easily available in the local market.

(b) No. Recruitment is made purely on merit and through well defined system like Pakistan Banking and Finance Services Commission.

48. *Mr. Manzoor Ahmed Gichki: Will the Minister Incharge of the Cabinet be pleased to state whether it is a fact that the Capital Development Authority has appointed a Press Advisor, if so, its reasons and the name, qualification and public relationing experience of the incumbent.

Minister Incharge of the Cabinet Division: In order to facilitate the day to day work relating to public relations and to improve upon the functioning of the CDA, Mr. Zafar Mehmood Sheikh having qualification of B.A. LL.B, M.Sc. (Political Science) was appointed in CDA w.e.f. 03-04-1995 as Honorary Press Advisor (without any remuneration). However, his services were dispensed with w.e.f. 6-8-1995.

49. *Mr. Manzoor Ahmed Gichki: Will the Minister for Finance, Revenue and Economic Affairs be pleased to state whether there is any proposal under consideration of the government to revise the decision regarding the imposition of ban on the import of reconditioned cars, if so, when, if not, its

reasons?

Ch. Ahmed Mukhtar: At present there is no proposal under consideration in the Ministry of Commerce to lift the ban on the import of re-conditioned cars. The reasons are as under:-

(i) Commercial import of new cars in CBU condition has been banned since long in order to promote local assembly/manufacturing;

(ii) High tariff rates are levied even on cars imported under Personal Baggage and Gift Schemes. Depreciation, however, is allowed on import of old cars under TR Scheme.

(iii) The prices of cars have gone up; due to depreciation of Pakistani rupee against Yen. Therefore, opening of used cars imports will not result in reduction of prices of new cars;

(iv) Allowing import of used cars will hamper the development of local automobile industry in the country and will also cause discouragement to the new investors in the field.

50. *Mr. Manzoor Ahmed Gichki: Will lthe Minister for Commerce be pleased to state the total number of persons working in the Ministry and its attached departments/corporations with province-wise and grade-wise break-up?

Ch. Ahmed Mukhtar:

| | | |
|---|---|---|
| 1. | Main Ministry | 449. |
| 2. | Export Promotion Bureau | 536 |
| 3. | Department of Insurance | 50 |
| 4. | Textile Management Quota | 109 |
| 5. | Trade Marks Registry | 77 |

| | | |
|---|---|---|
| 6. | Cotton Board | 14 |
| 7. | Rice Export Corporation of Pakistan | 2353 |
| 8. | Cotton Export Corporation | 1148 |
| 9. | National Tariff Commission | 75 |
| 10. | Foreign Trade Institute | 28 |
| 11. | Pakistan Tobacco Board | 210 |
| 12. | Trading Corporation of Pakistan | 216 |
| | Total: | 5265 |

Provincewise/grade-wise information in respect of the Main Ministry and above departments/corporations is annexed.

( Annexures have been placed in the Senate Library)

51. ***Mr. Sajid Mir**: Will the Minister for Commerce be pleased to refer to Senate Starred Question No.79 replied on 12-7-1995 and state the prescribed terms and conditions for import of gold into Pakistan?

**Ch. Ahmed Mukhtar**: According to current Import Policy, gold is importable by companies specifically registered and authorized for the purpose. The terms for registration of firm for import of gold/silver into Pakistan and its sale are:-

(i) Companies name and address (in Pakistan and or overseas) with branch net work whether sole-proprietorship, partnership or limited liability, with date of establishment.

(ii) A certificate from a reputable bank stating the net worth of the individual/proprietor/partner/director and standing of the company with market reputation and credibility.

rescinded in the past for non-fulfilment of any contractual obligations nor the company is/was blacklisted due to any act against the State and or unlawful activities etc.

(iv) Latest balance sheet of the company duly authenticated by a reputable firm of Chartered Accountants/Auditors.

(v) The documents should also include photo-copies of the (proprietor/partner/director etc. ), passports and National Identity Cards duly certified by the Notary Public and/or by the respective Embassy/Consulate General of Pakistan in their area.

(vi) Income Tax Registration Certificate T & R/GIR number and assessment certificate of Income Tax Circle concerned or Income Tax clearance certificate for the year 1993-94.

(vii) The importing company should have experience in this particular trade of not less than 15 years with international exposure.

(viii) The importing company should have technical manpower available alongwith the names of the Banks who intend to arrange storage/sale of Gold/Silver on behalf of the importer and should furnish certificate/letter of intent from the Bank.

(ix) A certificate should be provided by the company that no Foreign Exchange is/will be required from the Government of Pakistan alongwith a certificate that a certain minimum quantity of gold and silver shall be imported into Pakistan annually with an estimate of duty payable.

(x) The importing company shall provide a clearance certificate from the banks that the company is not on the list of defaulters of any of the banks in Pakistan.

The firms after registration are authorized to import gold subject to the conditions detailed at Annexure-A.

Annexure 'A'

The registration of firms for import of gold/silver would be subject to the following conditions:-

(i) The firm will be got registered in Pakistan as a company under the Companies Order 1984.

(ii) The firm would be registered with the E.P.B. Government of Pakistan as importer/exporter.

(iii) It should be registerd with the Income Tax Authority in Pakistan

(iv) It would not be allocated foreign exchange of the Government of Pakistan for the import of billion.

(v) It will route its imports through the scheduled banks of Pakistan who would receive the consignment on behalf of firm and release after collecting the import duty at the rate of US $ 1.40 per Tola in case of gold and US $ 2 per Kg. in case of silver. The import duty will be realized in foreign exchange.

(vi) Income tax will be changed at the rate of Rs. 2 per Tola in case of gold and Rs. 5 per Kg. for the silver at the time of release of the consignment(s) from the bank(s). This would be charged as full and final settlement of Income tax.

(vii) No other charges would be applicable except bank charges/commission, if any.

52. *Mr. Sajid Mir: Will the Minister for Finance, Revenue and Economic Affairs be pleased to refer to Senate Starred Question No.80 replied on 12th July, 1995 and state the percentage of the proceeds from privatization used since October, 1993 to finance Social Action Programme Projects and retirement of

domestic debt?

Makhdoom Shaha-ud-Din.

| | (Rs. in billion) |
|---|---|
| (a) Total procedds. | 29.8 |
| (b) Amount used for SAP Projects. | 7.0 |
| | 23.5% |
| (c)Amount used for Debt retirement | 6.1 |
| | 20.5% |

53. ***Mr. Sajid Mir:** Will the Minister for Finance, Revenue and Economic Affairs be pleased to state the amount spent by the government on the advertisements published in various newspapers during the recent months on the publicity of facts and figures about the performance of present regime and last regime of Nawaz Sharif?

**Makhdoom Shahab-ud-Din:** An amount of Rs. 1,567,735.56 were paid upto 30-6-1995 on verification by the Press Information Department (Ministry of Information and Broadcasting), against bills of Rs. 4,634,484.12. The balance would be paid after verification by PID.

54. Transferred to the Ministry of Communications.

55. ***Dr. Muhammad Rehan:** Will the Minister for Finance, Revenue and Economidc Affairs be pleased to state the number of raids conducted by the Custom Authorities on Stores/Shops in Federal Capital Territory for recovery of smuggled items during the period from 1st July, 1994 to 30th June, 1995.

**Makhdoom Shahab-ud-Din:** No raid was conducted by the Customs authorities on store/shops located in the Federal Capital Territory during

the period from 1st July, 1994 to 30th June, 1995.

56. ***Qazi Hussain Ahmed**: Will the Minister for Finance, Revenue and Economic Affairs be pleased to state whether it is a fact that the Government has withdrawn the benefit of restoration of surrendered portion of pension in lieu of commutation/gratuity, if so, its reasons and the time by which the government will review this order?

**Makhdoom Shahab-ud-Din**: The government has already withdrawn the orders (Annex).

<u>Annexure</u>

GOVERNMENT OF PAKISTAN

Finance Division

(Regulation Wing)

No.F.5(2)-Reg.6/95 Islamabad, the 17th Sept., 1995

OFFICE MEMORANDUM

SUBJECT:- Withdrawal of Restoration of Pension surrendered in Lieu of Commutation/Gratuity.

The undersigned is directed to say that this Division's O.M. No. 5 (2)-Reg. 6/95 dated 28-6-1995 on the subject noted above is withdrawn *ab initio*. The previous policy of restoration of pension surrendered in lieu of commutation/gratuity will remain operative as it was in vogue before the issuance of the said O.M.

NASIR MAHMOOD

Deuty Secretary (R-III)

All Ministries/Divisions/Departments.

58. *Chaudhry Muhammad Anwar Bhinder: Will the Minister for Finance, Revenue and Economic Affairs be pleased to state:

(a) the total external debt of Pakistan, long term debt, short term debt and I.M.F. credit as on 30-6-1980, 30-6-1993 and 30-6-1994; and

(b) the repayment made during the Interim Government of Mr. Mueen Qureshi alongwith the dates of payments and the amount and the names of the agencies to whom the payments were made regarding external debt?

Makhdoom Shahab-ud-Din: (a) The position of disbursed and outstanding external debt of Pakistan which includes medium and long-term debt, short term debt and IMF credits as on 30-6-1980 30-6-1993 and 30-6-1994 is as under:-

($ Million)

| 30-06-1980 | 30-06-1993 | 30-06-1994 |
|---|---|---|
| 9,376 | 20,533 | 22,343 |

(b) The requisite information is given in the statement annexed.

(Annexures have been placed in the Senate Library).

59. *Chaudhry Muhammad Anwar Binder: Will the Minister for Commerce be pleased to state:

(a) The quantity if Irri-6 rice alongwith its price contracted to be sold by the RECP to Bangladesh this year;

(b) whether it is a fact that RECP sold 4,50,000 tonnes of irri-6 at the rate of $182per tonne to other private parties, if so, the names of those parties; and

(c) the reasons for variation of the price between (a) and (b) above?

Ch. Ahmed Mukhtar: (a) No quantity of Irri-6 rice has been

contracted to be sold by RECP to Bangladesh this year.

(b) RECP sold quantity of 450,000 tonnes of Irri-6 Sindh 15__20% broken rice on 11-8-1994 to the following buyers at US $ 182.50 PMT representing respective Governments:-

| | |
|---|---|
| 1. M/s Geomin Romania | 150,000 tonnes |
| 2. M/s Agrimpex-Hungary. | 150,000 tonnes |
| 3. M/s Seychelles Marketing Board. | 150,000 tonnes |

(c) As no rice dhas been sold by RECP to Bangladesh, question of price variation does not arise.

60 ***Chaudhry Muhammad Anwar Bhinder**: Will the Minister for Finance, Revenue and Economic Affairs be pleased to state:

(a) whether it is a fact that the Collector Customs (Export), Karachi, has rejected the claim of duty drawbacks worth Rs. 800 million put forth by the exporters of Karachi, if so, the reasons thereof;

(b) whether any notice was issued to the exporters before rejecting their claims; and

(c) whether it is also a fact that the claims have been rejected to meet serious drop in revenue collection by the Central Board of Revenue in the current year?

**Makhdoom Shahab-ud-Din**: (a) It is incorrect that the Collector of Customs (Export) has rejected claims of duty drawback worth Rs. 800 million. However, Collectorate has disallowed certain claims involving an amount of Rs. 60 million. This was necessitated due to various reasons such as misdeclaration and time bar claims etc.

(b) Objection memos were issued to the parties and the required legal formalities were fulfilled before the claims were rejected.

(c) No.

61. Transferred to the Ministry of Communications.

UNSTARRED QUESTIONS AND THEIR ANSWERS.

5. **Dr. Javed Iqbal:** Will the Minister for Finance, Revenue and Economic Affairs be pleased to state:

(a) whether it is a fact that the people who deposit their savings in Government Securities have to stand for hours in long queues in order to collect profit etc. on their deposits in the National Savings Centers, if so, the steps taken by the government to overcome this problem of the depositors; and

(b) whether there is any proposal under consideration of the government to merge all National Savings Centres with or transforming them into banks?

**Makhdoom Shaha-ud-Din:** (a) It is not factually true that the depositors have to wait for hours for getting profit etc; on their deposits in the National Savings Centres. However, sometimes when the number of transactions are extra-ordinary high, the depositors have to wait for their turn.

(b) There is no proposal under consideration to merge National Savings Centres with or transforming them into banks.

6. ***Mr. Safiullah Khan Paracha:** Will the Minister for Finance, Revenue and Economic Affairs be pleased to state:

(a) the change in CPI during 1994-95; and

(b) the inflation rate during this period and the method adopted to

determine it?

Makhdoom Shahab-ud-Din: (a) The change in CPI during 1994-95 was 12.92 per cent.

(b) The inflation rate during this period (1994-95) was 12.92 per cent. Annualized change in CPI is used to measure inflation rate. CPI is a weighted average index of retail prices of 464 consumer items in 25 big Urban Centres of the country.

7. Hafiz Hussain Ahmed: Will the Minister for Finance, Revenue and Economic Affairs be pleased to state:

(a) the number of UBL Assistants promoted during the years 1990 to 1994 (last 5 years promotion declared in 1994);

(b) the seniority list of Assistants promoted; and

(c) the persons not promoted out of seniority list with reasons?

Makhdoom Shahab-ud-Din: (a) In UBL 1633 Assistants were promoted during the promotion exercise conducted in 1994.

(b) Seniority list of the Assistants promoted is being placed in the Library of the House for perusal.

(c) 1381 Assistants were not promoted either they did not qualify the seniority criteria or could not come up in the merit list due to one of the following reasons:

(a) They were not eligible for promotion as per laid down promotion policy, or

(b) Due to their below standard in performance or due to limited number of vacancies, or

(c) They had adverse reports.

8. **Hafiz Hussain Ahmed:** Will the Minister for Finance, Revenue and Economic Affairs be pleased to state:

(a) the number of UBL Officers Grade 1 promoted during the the year 1992 (last three year promotion declared in 1992)

(b) the number of UBL Officers Grade 1 promoted during the year 1994 (last three years promotion declared in 1994);

(c) the seniority list of UBL officer grade 1 promoted; and

(d) the persons not promoted out of seniority list with reasons?

**Makhdoom Shah-ud-Din:** (a) No UBL Officers Grade-1 were promoted in the year 1992.

(b) 263 Officers Grade-1 were promoted in the year 1994.

(c) Seniority list of Officers Grade-1 promoted will be placed in the Library of the House on receipt.

(d) 1332 Officers were superseded or were not promoted either did not qualify seniority criteria or could not come up in the merit list due to the following reasons:

(a) they could not secure minimum qualifying marks, for interview, or

(b) they secured below standard marks in interview, or

(c) they had adverse reports, or

(d) due to limited number of vacancies they could not come up.

**جناب چیئرمین:** وقفہ سوالات ختم ہو گیا ہے جی ۔ اب ختم ہوگیا ہے جی اب سوا گیارہ بج گئے ہیں ۔ قانون کے خلاف ہے اب بات ۔ پوائنٹ آف آرڈر جناب ساجد میر صاحب ۔

**Mr. Sajid Mir:** Sir, in the last session I made a suggestion which you

were kind enough to approve that similar questions should be put together. If you look at Question No. 52 Sir, you will see that it is very similar in nature with the question which we are now discussing.

جناب چیئرمین، اس سلسلے میں میرا ان سے یہی سوال تھا اور وہ کہتے ہیں کہ سوال جس تاریخ سے آتا ہے ہم اس ترتیب میں لگاتے ہیں ۔ میرا سوال ان سے یہ بھی تھا کہ اگر ایک سوال similar ہے تو پھر allow کیوں ہوتا ہے ۔ وہ انفارمیشن جب آ رہی ہے آپ اس پر سوال پوچھ سکتے ہیں تو why do we have two questions on the same item تو وہ کہتے ہیں کہ اس کو بھی examine کریں گے کہ دو similar question ہونے ہی نہیں چاہئیں۔

جناب ساجد میر، وہ تو پہلے ہی بہت سے سوالات کو اس بنیاد پر kill کر رہے ہیں آپ انہیں اور موقعہ دے رہے ہیں ۔

جناب چیئرمین، دیکھیں ناں similar question جو ہے اگر جواب آتا ہے اور آپ کا سوال بھی وہی ہے کسی اور کا بھی وہی ہے ۔ تو دو دو دفعہ اس کو پوچھنے کا کیا فائدہ so there should be only one question the earlier in point of time should be admitted and the second should be disallowed on the ground کہ یہ similar question آ چکا ہے ۔اور اگر آپ نے کوئی مزید انفارمیشن لینی ہے تو ضمنی سوال میں پوچھ لیں اصول تو یہ ہونا چاہیے ۔ جی جناب اشتیاق اظہر صاحب۔

سید اشتیاق اظہر، جناب چیئرمین ! میں یہ سمجھتا ہوں کہ کل ٹیلیویژن پر کراچی میں ایک SP کے بیٹوں اور گارڈ کا قتل ہوا تھا اس پر first head line تھی پاکستان ٹیلیویژن پر اور اسی حوالے سے پنو عاقل کے قریب جہاں ہماری فوجی چھاؤنی ہے 27 ڈاکوؤں کو رہا کرا لیا گیا اور سات پولیس والے مار دیئے گئے اس پر کوئی ذکر ٹیلیویژن پر نہیں ہوا ۔ آخر یہ خصوصیت کیوں برتی جا رہی ہے کہ جہاں ایم کیو ایم کو ملوث کرنا ہوتا ہے وہاں پبلسٹی بہت زیادہ ہوتی ہے اور جہاں حقائق اس سے زیادہ تلخ ہیں اس کو کیوں ignore کیا جاتا ہے۔ میں یہ سوال کرنا چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین، جی وزیر صاحب نہیں ہیں آئیں گے تو پھر ان سے معلوم کریں گے جی جناب عبدالحئی صاحب۔ آپ کچھ کہنا چاہتے ہیں این ڈی خان صاحب جی فرمائیے ۔

**پروفیسر این ڈی خان:** میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ حکومت کی پالیسی ایسی نہیں ہے اور میں نے بارہا we are at the record کہ ایم کیو ایم کے خلاف یا کسی سیاسی تنظیم کے خلاف ہم نہیں ہیں لیکن

We have strong condemnation of terrorism whether that is in Panmo Aaqil or in Karachi, we strongly condemn that.

**جناب چیئرمین:** شکریہ جی جناب ڈاکٹر حیٔ صاحب۔

**ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ:** شکریہ جناب چیئرمین صاحب! میں اس معزز ایوان کی توجہ آپ کے توسط سے دلانا چاہتا ہوں کہ ہزاروں، لاکھوں کلرکس جو ہیں بیچارے آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن جنہوں نے اپنے مطالبات منوانے کے لئے اسلام آباد میں احتجاج کا فیصلہ کیا تھا کیا یہ اسلام آباد پاکستان سے کوئی الگ جگہ ہے کہ یہاں مظاہرہ اور احتجاج نہیں کرنے دیا جاتا۔ بلکہ ان لاکھوں اور ہزاروں کلرکوں کو لاٹھیوں سے ڈنڈوں سے مارا پیٹا گیا اور زخمی کیا گیا جیلوں میں بھی ان کو ڈال دیا گیا۔ ہم جمہوریت کی بات کرتے ہیں سب سے بڑے ادارے یہاں ہیں جمہوریت کے ---

**جناب چیئرمین:** ہوگئی ناں بات اتنی لمبی نہ کیا کریں آپ نے بات کہہ دی اب جواب لے لیتے ہیں۔ آپ بات کو لمبی کرلیتے ہیں جس سے پوائنٹ آف آرڈر ختم ہو جاتا ہے۔ یہ پھر تقریر بن جاتی ہے۔ you want to respond to this? وہ کہتے ہیں کہ کلرکوں پر بڑا تشدد ہوا ہے اسلام آباد میں مظاہرے کی اجازت کیوں نہیں یہ قانون کا حق ہے۔

**پروفیسر این ڈی خان:** اس کے لئے پہلے اگر اسلام آباد کی انتظامیہ سے اجازت لے لیتے کیونکہ

144 imposed and that was the violation of section 144. So in result of that it happened.

**جناب چیئرمین:** جی مولانا فضل محمد صاحب۔

**حافظ فضل محمد:** جناب چیئرمین صاحب! شکریہ۔ میں ایک دعائے معفرت کے لئے

آپ سب حضرات کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں۔ جناب مولانا عبدالواحد صاحب مرکزی نائب امیر، جمعیت العلمائے اسلام جوکہ حافظ حسین احمد صاحب کے بہنوئی بھی ہیں ۲ دن پہلے وفات پا چکے ہیں۔ ان کے لئے دعائے مغفرت کرنی چاہیئے۔

FATEHA

**جناب چیئرمین** : جی ہاں کریں۔ پیر دیول شریف صاحب کے لئے ۔

(دونوں مرحومین کے لئے دعائے مغفرت مانگی گئی)

**جناب چیئرمین** : جی جناب ساجد میر صاحب۔

**جناب ساجد میر** : جناب یہاں پر وقتاً فوقتاً ایسے پوائنٹ نصابی کتب کے بارے میں سامنے آتے رہتے ہیں کہ ان کے اندر نظریہ پاکستان کے بارے میں خود پاکستان کے سرکاری موقف کے بارے میں بالکل الٹ اور متضاد باتیں درج ہوتی ہیں۔ اس کی ایک مثال بڑی ہی افسوس ناک میرے سامنے آئی ہے۔ یہ ہمارے کالج آف سٹاف سٹڈیز ریئر ہیڈ کوارٹرز پشاور کی چھپی ہوئی کتاب ہے۔ international relations پر ٹیکسٹ بک ہے۔

جناب ! ہم سب جانتے ہیں کہ 1965ء اور 1971ء میں انڈیا نے ہمیں شدید جارحیت کا نشانہ بنایا ہے۔ لیکن کتاب یہ بتا رہی ہے کہ پاکستان نے انڈیا پر حملہ کیا تھا۔ جناب میں relevant آپ کی اجازت سے پڑھنا چاہتا ہوں۔

"When India was attacked by China in 1962 the United Nations was not able to accomplish much. However, when India was attacked by Pakistan in 1965 the United Nations succeeded in bringing about a cease fire. Then India was attacked, in 1971, Pakistan the United Nations failed to stop the war."

اسی بات کو آگے بڑھاتے ہوئے پھر اسی صفحے پر، صفحہ ہے 143 پھر اس پر دوبارہ کہا گیا ہے۔

"When China attacked India in 1962 nobody helped India in the name of collective security the same applied to the Pakistani attack of India in 1965 and 1971."

تو جناب یہ بڑا serious مسئلہ ہے۔

**جناب چیئرمین :** میرے خیال میں پروفیسر صاحب لاءمنسٹر کو دے دیں he can look into it جی ہاں۔

**جناب ساجد میر :** ائیرفورس کے جوانوں کو بتایا جا رہا ہے کہ پاکستان نے جارحیت کی تھی۔

**جناب چیئرمین :** ان کو دے دیں تا کہ اس سے نوٹ کر لیں۔

**جناب ساجد میر :** جی میں فوٹو کاپی دے دوں گا۔

**جناب چیئرمین :** جی نسرین جلیل صاحبہ۔

**بیگم نسرین جلیل :** چیئرمین صاحب! میں آپ کی توجہ دلانا چاہتی ہوں۔ یونائٹیڈ نیشنز ورلڈ کانفرنس آن ؤمن بیجنگ میں منعقد ہوئی تھی اور ۴ ستمبر کو شروع ہوئی تھی۔ وہاں وزیراعظم کو یہ اعزاز حاصل ہوا کہ وہ پہلی سپیکر تھی وہاں پر۔ اور جو کچھ انہوں نے وہاں کہا وہ قابل تعریف بھی ہے اور قابل تقلید بھی۔ اس کے ساتھ ساتھ ان کے یہاں واپس آ جانے کے بعد TV اور اخبارات نے جو basic concept ہے کہ human rights are women rights. اس کے اوپر بہت تفصیل سے بتایا گیا اور کہا گیا کہ خواتین کی بہبود اور ان کے حقوق کے لئے حکومت کام کر رہی ہے لیکن اس کے برعکس جو چیز سامنے آ رہی ہے وہ یہ ہے کہ اربن سندھ میں خصوصاً کراچی میں جو آپریشن جاری ہے اس میں خواتین کے ساتھ بے انتہا' بہیمانہ برا سلوک کیا جا رہا ہے ۔ ان کی بے عزتی کی جا رہی ہے اور ان کے تقدس کو پائمال کیا جا رہا ہے۔ میں اپنے میں ہمت نہیں پاتی کہ آپ کو ان چیزوں کے بارے میں بتاؤں کہ خواتین کے ساتھ کیا رویہ اختیار کیا گیا ہے ۔ بالکل ایسے ہے جیسے کہ کسی مفتوحہ علاقے میں جب فوجیں داخل ہو جاتی ہیں تو ان کے ساتھ کیا کیا جا تا ہے۔ میں جو بات آپ کے علم میں لانا چاہ رہی ہوں وہ یہ ہے کہ وزیراعظم نے بیرونی ممالک اور مغربی ممالک کے consumption کے لئے جو وہ کہتی ہیں وہ کچھ اور ہوتا ہے اور جو کچھ ہمارے ملک میں ہو رہا ہے وہ کچھ اور ہو رہا ہے۔ and she has proved that we are tyrant Mr. Chairman. پالن نیوبرگ نے اس کے بارے میں باقاعدہ اس پر مضمون لکھا ہے اور جو کچھ بھی یہاں ہو رہا ہے وہ کسی کی نظروں سے اوجھل نہیں ہے۔ یہ

political perspectives میرے پاس موجود ہے۔ اخبارات اور رسائل میں مستقل طور پر ان چیزوں کے بارے میں تفصیلات آتی ہیں۔ میں یہ کہنا چاہ رہی ہوں جناب چیئرمین کہ جو خواتین' جن کو زد و کوب کیا جاتا ہے' جن کے کانوں سے بندے چھینے جاتے ہیں' جن کے ہاتھوں سے چوڑیاں اتاری جاتی ہیں' جن کے گلوں سے لاکٹ کھینچے جاتے ہیں تو وہ سب کچھ سرکاری اہلکاروں کے نا پاک ہاتھ کر رہے ہوتے ہیں۔ کون سا مذہب اس بات کی اجازت دیتا ہے۔ جناب چیئرمین! کیا اسلام اس کی جازت دیتا ہے؟ کیا ہمارا آئین کیا کوئی قانون-------

**جناب چیئرمین۔** جی جناب قاضی صاحب آپ بھی فرمائیں۔ لمبی ہو گئی ہے آپ کی تقریر۔

**بیگم نسرین جلیل۔** جناب چیئرمین! میں تقریر تو نہیں کر رہی ہوں۔ میں آپ کو بتانا چاہتی ہوں۔

**قاضی حسین احمد۔** میں اس کو support کرتا ہوں کہ یہاں پر خواتین کے ساتھ جو سلوک کیا جاتا ہے کراچی میں بھی ہمارے rural areas میں بھی وہ ایک ناروا سلوک ہے اور آئے دن اخبارات میں اس طرح کی خبریں بھی آتی ہیں کہ خواتین کو برہنہ کر کے پھیرایا گیا۔ یہاں پر torture کو intsrument کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ یہاں کا وڈیرا یہ سلوک کرتا ہے اور یہاں کی انتظامیہ بھی یہ سلوک کرتی ہے۔ اس کی مذمت میں ہم شامل ہیں لیکن جناب چیئرمین! یہ ہمارا ایک دینی فرض اسلامی فرض ہے کہ ہم خواتین کا احترام بحال کریں اور اسلام میں privileged اور ایک امتیازی مقام خواتین کو حاصل ہے جو دنیا کے کسی بھی مذہب یا culture میں نہیں ہے۔ خواتین کا احترام کرنا یہ ہمارا دینی فریضہ ہے اور اس کو restore کرنا ہمارا دینی فریضہ ہے۔ لیکن میں اس کے ساتھ اپنی بہن کو متوجہ کرتا ہوں کہ اس کو بیجنگ کانفرنس کے ساتھ برائے مہربانی بریکٹ نہ کریں کہ بیجنگ کانفرنس میں جو قراردادیں پاس ہوئیں اور جو فیصلے ہوئے ہیں تو وہاں پر ایران نے اور ویٹیکن نے کھل کر اس کی مخالفت کی ہے۔ لیکن بہت سارے دوسرے اسلامی ممالک نے مسلم ممالک نے اپنے reservations کا اس پر اظہار کیا ہے۔ بدقسمتی سے ہماری حکومت کی طرف سے ان پر کوئی reservation کا اظہار نہیں ہوا جس میں کہا گیا کہ خواتین کو اپنے جسم پر مکمل حقوق حاصل ہیں چاہے وہ abortion کریں'

چاہے وہ اس کو فروخت کریں اور چاہے وہ بغیر شادی اور نکاح کے کسی کے ساتھ جنسی تعلقات قائم کریں اپنے جسم پر اپنی جنس پر اس کو حقوق حاصل ہے۔ جناب والا! یہ حقوق ہمارے culture میں ہمارے مذہب میں ہماری دین اور ہمارے عقیدے میں مرد کو بھی حاصل نہیں ہیں۔ خواتین کی بات نہیں ہے مرد کو بھی حاصل نہیں ہیں۔ یہاں مرد اور خاتون کی بات نہیں اور میں اس پر سخت احتجاج کرتا ہوں کہ پاکستان کی حکومت نے اتنی ہی اہمیت کا اظہار نہیں کیا کہ جتنا دوسرے ممالک نے اپنی reservations کا اظہار کیا کہ جو ہمارے دین اور ہمارے culture کے خلاف ہے ہم اس کے ساتھ نہیں ہیں۔ یہ بھی ان کو توفیق نہیں ہوئی۔ تو اس لئے میں کہتا ہوں کہ خواتین کے حقوق کی بات کریں جنس کے حوالے سے کریں، دین کے حوالے سے، قرآن کے حوالے سے۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حوالے سے جو خواتین کے حقوق کے محافظ تھے۔

**جناب چیئرمین**۔ جی جناب آفتاب صاحب۔ آپ نے کچھ مزید کہنا ہے آفتاب صاحب کے بعد کہہ لیں لیکن لمبی بات نہ کریں یہ مختصر کریں۔

**جناب آفتاب احمد شیخ**۔ جناب چیئرمین! آپ اور یہ ہاؤس ہمیشہ جلدی میں رہا ہے time ہمارے پاس کم ہوتا اور ایجنڈا لمبا چوڑا ہوتا ہے لیکن ہمارے پاس کوئی فورم نہیں ہے بات کرنے کے لئے۔ عرض یہ ہے کہ آپ کے علم میں یہ بات ہے کہ کچھ ایسے حالات تھے جس کی وجہ سے ہم نے قومی اسمبلی کے انتخابات میں حصہ نہیں لیا۔ صوبائی اسمبلی میں عالم ہے کہ ہمارے ممبران پارلیمنٹ، ممبران اسمبلی یہاں پر زبردستی اسلام آباد لائے جا چکے ہیں۔

**جناب چیئرمین**۔ پہلے یہ بات نہ ختم کر لیں جو قاضی صاحب اور نسرین جلیل صاحبہ نے کی ہے۔

**جناب آفتاب احمد شیخ**۔ میں اسی بات پر آرہا ہوں۔ صوبائی اسمبلی کی صورت حال یہ ہے جناب چیئرمین! کہ ہمارے صوبائی اسمبلی کے ممبران اسلام آباد میں لا کے بٹھائے گئے ہیں اور ان کو وہاں پر صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں شرکت کی اجازت نہیں ہے۔ یہاں سے ان کو لے جایا نہیں جاتا ہے۔ مجھے نہیں معلوم کہ حکومت نے ان کو لا کر کیوں بٹھایا ہوا ہے۔ میں جو بات کرنے کے لئے کھڑا ہوا ہوں جناب چیئرمین! میں اپنی بہن مسز نسرین جلیل کو support

کروں گا اور میں یہ کہوں گا کہ اور سب cases چھوڑ دیجئیے ڑیس فاطمہ کا case اس جگہ پر' اس فورم پر ' اس ہاؤس میں بار بار اٹھایا گیا ہے۔ آج تک اس خاتون کا پتا نہیں ہے ۔ She is unmarried حکومت یہ بتانے کو تیار نہیں ہے کہ اس کو کب گرفتار کیا کہاں رکھا گیا ہے۔ کون سے قانون میں' کون سا case اس پر لاگو کیا گیا ہے حکومت یہ بات کرنے کو تیار نہیں ہے ۔ مجھے شرم آتی ہے یہ کہتے ہوئے کہ جناب والا! یہاں کوئی دستور بھی ہے۔ یہ ایک مہذب معاشرہ ہے جہاں اس ملک کی ایک بیٹی کو حکومتی اداروں نے پکڑ کر جیل میں نہ جانے کس custody میں رکھا ہوا ہے۔

دوسری بات جو میں عرض کر رہا تھا کہ ایک اور خاتون شازیہ فاروق ' میری آواز میں جو اونچائی ہے وہ صرف اس لئے ہے کہ میں خواتین کے کیس آپ کے سامنے پیش کر رہا ہوں۔ شازیہ فاروق کا بھی یہی عالم ہے' وہ ایک حاملہ خاتون ہے' ان کا بھی کوئی پتا نہیں ہے کہ وہ کہاں ہیں۔ جناب والا! بات یہ ہے کہ آپ جو کچھ کر رہے ہیں مردوں کے ساتھ' جعلی مقابلے دکھا دکھا کے گولیاں مار رہے ہیں' بڑے شوق سے ماریئے' اس سے یہ معاملہ طے ہونے والا نہیں ہے۔ آپ کتنی ہی گولیاں مار لیں۔ آپ MPAs کو اور دوسرے لوگوں کو یہاں لا کے آپ تیسری ایم کیو ایم بنانے کی بات کرتے ہیں' آپ کوشش کر لیں' دل کی بھڑاس نکال لیں لیکن کوئی فرق پڑنے والا نہیں ہے۔ لیکن آپ جو سلوک خواتین کے ساتھ کر رہے ہیں للہ اس کارروائی کو روکیں' خواتین کے ساتھ ایسا سلوک نہ کریں۔ ہمیں بتایا جائے کہ شازیہ فاروق کہاں ہےہمیں بتایا جائے کہ ڑیس فاطمہ کہاں ہے۔

میرا تیسرا مطالبہ یہ ہے کہ ہمارے ایک بڑے اہم کارکن جس کا نام انیس قائمخانی ہے' اس کو یہاں اسلام آباد میں لایا گیا ہے' یہاں ایف آئی نے اس کو جھوٹے کیسوں میں ملوث کیا ہوا ہے۔ میں آپ سے صرف اتنی عرض کرنا چاہتا ہوں' اس سے پہلے بھی آپ کو کہہ چکا ہوں کہ آرٹیکل 10 اس دستور کا اس بات کی اجازت دیتا ہے کہ ایک آدمی جو کسی بھی کیس میں ملوث کیا گیا ہو اس کو اس کے وکلاء سے ملنے کی اجازت ہے' وہ اپنی مرضی کا وکیل کر سکتا ہے۔ آج سے ڈیڑھ مہینہ ہو گیا ہے' اس شخص کے ساتھ تمام طریقے سے ظلم کیا جا رہا ہے---

**جناب چیئرمین:** نہیں آپ ہائی کورٹ میں گئے ہیں آرٹیکل 10 کے بارے میں--- ہائی کورٹ نے کیا کیا ہے۔

**جناب آفتاب احمد شیخ :** سوال یہ ہے کہ ہائی کورٹ میں رٹ چل رہا ہے، کسی بھی عدالت کی رٹ جو ہے وہ ایف آئی اے یا آرمی یا دوسرے اداروں پر لاگو نہیں ہے۔ صرف انسانی ہمدردی کی بنیاد پر میں آپ سے اپیل کرتا ہوں کہ یہ کوئی طریقہ نہیں ہے کہ constitution کو اس طرح flop کیا جا رہا ہے، لوگوں کو گولیاں ماری جا رہی ہیں یہ کہہ کر کہ مقابلہ ہوا ہے، کوئی مقابلہ نہیں ہو رہا ہے، fake مقابلے ہیں سارے کے سارے، یہ سب بکواس ہے۔ میں یہ کہتا ہوں کہ یہ ہری کتاب آپ نے ہمیں کیوں دی ہے اس کتاب کی کیا value ہے اس میں چادر اور چار دیواری کی protection کے بارے میں جو لکھا ہوا ہے اور یہ جو واقعات بتائے جا رہے ہیں اور جو میں آپ سے عرض کر رہا ہوں، پاکستان کی حکومت کیا protection دے رہی ہے، خصوصاً ایک وزیراعظم جو خود خاتون ہیں۔ یہ سوچنے کا مقام ہے، وزراء یہاں پر کھڑے ہو کر الٹے سیدھے جواب دیتے ہیں اس طرف سے نہ کوئی انکوائری کرتے ہیں نہ کوئی معلومات کرتے ہیں کہ جو واقعات میں بیان کر رہا ہوں ہو صحیح ہیں یا غلط ہیں۔

**جناب چیئرمین :** شکریہ جی۔ جی نسرین جلیل صاحبہ آپ کچھ اس میں add کرنا چاہتی ہیں۔

**بیگم نسرین جلیل :** چیئرمین صاحب! دو تین ایسے خاص قسم کے واقعات ہیں جو میرا خیال ہے کہ ہاؤس کے علم میں لانا ضروری ہیں۔ شازیہ فاروق اور نفیس فاطمہ کا تو انہوں نے بتایا ہے۔ اس کے علاوہ سیما زرین ایم کیو ایم کی ایک کارکن تھیں ان کو حال ہی میں ان کے گھر سے اٹھایا گیا ہے صبح چار بجے۔ وہ اپنے سونے کے کپڑوں میں ملبوس تھیں، ان کو 17 گھنٹوں تک پولیس سٹیشن پر زد و کوب کیا گیا اور interogate کیا گیا۔ اس کے علاوہ ایک خاتون یاسمین کو 8 گھنٹوں تک پولیس سٹیشن میں الٹا لٹکایا گیا ہے ' اس کے علاوہ پروین اقبال نامی ایک خاتون اے ایس آئی ان کا تعلق ایک خاتون پولیس سٹیشن سے تھا ان کو 12 روز تک اجمیر نگری تھانے میں تشدد کا نشانہ بنایا گیا ہے بغیر کسی کورٹ میں پیش کئے۔ جناب چیئرمین! میں یہ معلوم کرنا چاہتی ہوں کہ حکومت ہمیں بتائے کہ آخر siege, searchs اور محاصرے جو ہیں یہ کب تک جاری رہیں گے، ان کا کوئی ارادہ ہے کہ مہاجر خواتین کو آبرومندانہ زندگی گزارنے کی یہ اجازت دیں۔ ان کو ان کا محافظ ہونا چاہیئے جبکہ اس کے برعکس ہو رہا ہے اور اگر individuals کچھ کرتے ہیں یا

معاشرے کی کوئی برائیاں ہیں تو اس کے لحاظ سے بقیہ پاکستان میں کچھ ہو رہا ہے وہ تو فرق ہے لیکن اگر حکومت جان بوجھ کر اس قسم کے اقدامات کر رہی ہے اس کے بارے میں اس ایوان کو آواز اٹھانی چاہیئے۔ میں اب بھی کہتی ہوں کہ آپ human rights کمیٹی کیوں نہیں جاتے، کیوں نہیں وہاں جا کر لوگوں سے بات کرتے ہیں اور ایک رپورٹ لائیں اور حکومت کو بتائیں کہ ----

**جناب چیئرمین**، تو آپ نے چیئرمین صاحب کی توجہ اس طرف دلائی ہے-----

**بیگم نسرین جلیل** ، جی جناب چیئرمین پچھلے سولہ ماہ سے ہم ان کی توجہ مبذول کروا رہے ہیں۔

Mr. Chairman: I am sure he will look in to it. In this case.

**جناب آفتاب احمد شیخ** ، جی جناب چیئرمین بالکل اسی معاملے میں۔

**جناب چیئرمین**، مولانا صاحب آپ بھی اس معاملے میں بات کرنا چاہتے ہیں۔

**مولانا محمد عبدالستار خان نیازی** : جناب چیئرمین! میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ ایک صیہونی سازش ہے جس نے اسلامی شرافت، ثقافت، معاشرت، اخلاق کو تباہ کر دیا جائے۔ قاہرہ اور بیجنگ جیسی ان کانفرنسوں کا بائیکاٹ ہو اور پاکستان کا آئین جس میں کہ state religion اسلام ہے، جس میں کہ principles of policy کے اندر شرافت، کے بارے میں باقاعدہ propagate کے لئے لکھا گیا ہے۔ اس کے لئے پاکستان خود مرکز بنے، قاہرہ کے اندر، بیجنگ کے اندر جو ہوا ہے، اس خباثت کا توڑ الخبیثات للخبیثین والخبیثون للخبیثات و الطیبات لطیبین و الطیبون لطلیبات، ترجمہ پلید عورتیں پلید مردوں کے لئے ہیں اور پاک عورتیں پاک مردوں کے لئے--- حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد فاتقوا اللہ فی النساء کے مطابق ھن لباس لکم و انتم لباس لھن اور ذھن مثل الذی علیھن، قرآن کی آیات ہیں۔ آخری خطبے میں حضور نے فرمایا کہ عورتوں کے حقوق کے متعلق خدا سے ڈرو، وہ تمہاری عزت ہیں، تم ان کی عزت ہو، تمہارے ان پر حقوق ہیں اور ان کے تمہارے اوپر حقوق ہیں۔ اس طریقے سے abortion اسقاط حمل کے خلاف پاکستان کو کھڑے ہو کر اپنی کانفرنس کرنی چاہیئے، نیز عالم اسلام کو اس چیلنج کا مقابلہ کرنے کے لئے اپنی کانفرنسیں منعقد کرنی چاہیئں۔

**جناب آفتاب احمد شیخ** ، جناب چیئرمین اس پر کوئی کارروائی نہیں ہو رہی ہے' اور یہ بات ہم نے آپ کے سامنے اس دن بھی کہی ہے۔ جناب چیئرمین! ہم احتجاجاً واک آؤٹ کریں گے' اس لئے کہ ہم پہلے بھی آپ کی توجہ دلا چکے ہیں' ہم نے یہ درخواست کی تھی چیئرمین صاحب کو' اب تک ہمیں ان کا کوئی پتہ نہیں ہے' نہ کوئی اس بارے میں کارروائی ہو رہی ہے۔

(مداخلت)

**جناب چیئرمین** ، جی human rights commission chairman جناب خلیل صاحب۔ آپ کے پاس یہ درخواستیں آئی ہیں۔

**جناب خلیل الرحمن** : جناب چیئرمین! جب بھی یہ رپورٹس کمیٹی کے سامنے پیش ہوئی ہیں کمیٹی نے ان کی مذمت کی ہے اور جہاں ضروری سمجھا وزارت داخلہ کو خط لکھے گئے ہیں کہ یہ حالات ہیں' ان کو investigate کر کے ہمیں بتائیں' لیکن ابھی تک کوئی جواب نہیں آیا۔

**جناب چیئرمین** ، جی جناب وزیر قانون صاحب۔

**پروفیسر این۔ ڈی خان** ، جناب چیئرمین! جو باتیں کراچی کے حوالے سے اور خواتین سے متعلق کہی گئی ہیں' میں وقت کے اختصار کی وجہ سے تفصیلات میں نہیں جانا چاہتا۔ یہ بدقسمتی کی بات ہے کہ چند ایک واقعات کا تذکرہ کر کے حکومت کو مطعون کرنے کی کوشش کی گئی ہے لیکن خواتین کی بہتری کے لئے خاتون وزیراعظم کی سربراہی میں پچھلے دو سال میں جو اقدامات کئے گئے ہیں ان کا کوئی تذکرہ نہیں کیا گیا ہے۔ نہ صرف یہ کہ خواتین کے حقوق کے تحفظات کے لئے اقدامات کئے گئے ہیں' خواتین کے علیحدہ پولیس اسٹیشن قائم کئے گئے ہیں۔ یہ پہلی مرتبہ ہے کہ اعلیٰ عدالتوں کے اندر خواتین کی نمائندگی ہوئی ہے اور اس حکومت نے خواتین کے جو hard ship cases ہیں انسانی حقوق کے حوالے سے' اس سلسلے میں وزیراعظم کی ذاتی دلچسپیاں ہیں اور اس قسم کے کیسز کے لئے human rights cell actively کام کر رہا ہے۔ ان سب باتوں کو نظرانداز کر کے چند ایک واقعات کو isolation کے ساتھ پیش کیا گیا ہے۔ میں نے جیسا کہ ابتدا میں عرض کیا کہ کراچی کے حالات و واقعات میں نہیں جانا چاہتا اور میں یہ چیز کہنا چاہتا ہوں کہ خواتین کو سیاسی مقاصد اور سیاسی فائدوں کے لئے استعمال کرنے سے گریز کرنا چاہیئے۔ جن واقعات کا ذکر میری بہن خاتون سینیٹر نے کیا ہے' ریکارڈ پر اس سے پہلے بھی

ہم نے پوری طرح سے تفصیل بتائی ہے، لیکن بدقسمتی سے واقعات کو political milage obtain کرنے کے لئے اس انداز سے پیش کیا جاتا ہے کہ پاکستان کا image خراب ہو۔ جہاں تک human rights کے حوالے سے بات ہے، جہاں جہاں human rights کی طرف سے یہ اعتراضات آئے ہیں، تو ہم نے ان کی پوری وضاحت کی ہے کہ دوسری طرف کو بھی سنیں، ہمارا version بھی سنیں اور اس کے بعد پاکستان کی جیلوں میں کوئی prisoner of conscience نہیں ہے۔ جہاں تک قاضی صاحب نے بیجنگ کانفرنس کے حوالے سے تذکرہ کیا ہے تو میں ریکارڈ کو درست کرنے کے لئے یہ بات کرنا چاہتا ہوں کہ دیگر مسلم ممالک کی طرح پاکستان نے بھی in consultation with muslim countries اپنے constitution اور Islamic faith کو پیش نظر رکھتے ہوئے، اس کی reservations ہیں، اور باقاعدہ یہ چارٹر جو ہے بیجنگ کا اس کو ہم نے کابینہ کے اندر discuss کیا ہے۔ جہاں جہاں وہ متصادم ہے ہمارے constitution سے، یا ہمارے اسلامی عقائد سے، اس کے اوپر ہماری reservations ہیں اور میں یہ نہیں سمجھتا کہ یہ باتیں یہاں کیوں کی گئی ہیں جبکہ آپ دیکھیں کہ بیجنگ کانفرنس کے حوالے سے کہ پاکستان کی وزیراعظم کو مسلم ممالک کے اخبارات نے خراج تحسین پیش کیا ہے کہ انہوں نے پاکستانی ثقافت اور اسلامی تمدن کی جس طرح سے وہاں نمائندگی کی ہے وہ قابل ستائش وتحسین ہے۔ میں آپ سے یہ بات پھر عرض کرنا چاہتا ہوں کہ کراچی کے حوالے سے جن مذاکرات کا تذکرہ کیا گیا ہے، مذاکراتی ٹیم کے اندر اس پر ہمارا نقطہ نظر تفصیل کے ساتھ ہے۔ ہم خواتین کی عزت اور احترام کو واجب اور لازماً سمجھتے ہیں اور کہیں بھی ہم نے خواتین کے ساتھ جہاں ان کی عزت اور حرمت کو خطرہ ہو وہاں حکومت پاکستان کی طرف سے ہماری کارکردگی آپ کے سامنے ہے۔ اس کا جائزہ لیا جا سکتا ہے لیکن چونکہ اس وقت قومی اسمبلی کا اجلاس بھی چل رہا ہے سینٹ بھی چل رہا ہے وقت بھی تنگ ہے ہمارے اوپر بھی کام کا دباؤ ہے تو میں کہتا ہوں کہ آپ سینٹ کے فلور کے اوپر ایک سیر حاصل گفتگو اس پر رکھ لیں حکومت اپنا موقف پیش کرنے کے لئے تیار ہے۔

## LEAVE OF ABSENCE

**جناب چیئرمین** ۔ ملک صاحب ذرا لے آئیں ناں ان کو میرے خیال میں اب ---تو اب کیا ہے Article 234 پر بات کرنا ہے --in the mean time leave applications میں پڑھ

دیتا ہوں جناب رفیق احمد شیخ صاحب نے اپنے بیٹے کی علالت کی بنا پر مورخہ 27 اور 28 ستمبر کے لئیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

**جناب چیئرمین:** جناب امداد علی اعوان صاحب نے ذاتی مصروفیات کی بنا پر آج 28 ستمبر کے لئیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

**جناب چیئرمین:** جناب ساجد میر صاحب بعض ناگزیر وجوہات کی بنا پر مورخہ 26 ستمبر کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے اس لیے انہوں نے ایوان سے اس تاریخ کے لئیے رخصت کی درخواست کی ہے کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

**جناب چیئرمین:** جناب سیف اللہ پراچہ نے ذاتی موجوہات کی بنا پر آج مورخہ 28 ستمبر کے لئیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

**جناب چیئرمین:** چوہدری احمد مختار صاحب نے اطلاع دی ہے کہ وہ اپنے والد صاحب کے چہلم کی وجہ سے آج 28 ستمبر کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکیں گے۔

جی آ گئے ہیں جی۔ اچھا جی یہ کچھ فارمل کارروائی ہے آرڈیننس ہیں یہ lay کر دیں راجہ صاحب آئیں تو ان سے --- ایک منٹ راجہ صاحب آج معلوم ہوتا ہے کہ Article 234 پر آپ نے بحث کا فیصلہ کیا ہے اکٹھے اس سے پہلے اگر یہ Ordinances lay کر دیں دو منٹ کا کام ہے یہ

**راجہ محمد ظفر الحق** ۔ روز ے آئیں گے روز ۔۔

**جناب چیئر مین** ۔OK جی 234 کون move کرے گا جی۔

**راجہ محمد ظفر الحق** ۔میں کرتا ہوں جی move ۔

**جناب چیئرمین** ۔move کریں جی۔

**Raja Muhammad Zafar-ul-Haq:** Mr. Chairman, I beg to move

that under Rule 236 of Rule of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988, the requirement of Rules 27 and 76 of the said Rules be dispensed with, enabling the House to discuss the situation in Punjab Province on the imposition of Article 234 of the Constitution of Islamic Repubic of Pakistan, 1973.

Mr. Chairman: It has been moved by Raja Zafar-ul-Haq under Rule 236 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988, that the requirement of Rules 27 and 76 of the said Rules be dispensed with, enabling the House to discuss the situation in the Punjab Province on the imposition of Article 234 of the Constitution of the Islamic Republic of Paksitan, 1973.

*(The motion was carried)*

DISCUSSION ON IMPOSITION OF ARTICLE 234 IN THE PUNJAB

جناب چیئرمین۔ جی اس پر کون شروع کرے گا جی ۔

راجہ محمد ظفر الحق ۔میں شروع کروں گا جی ۔

جناب چیئرمین ۔آپ فرمائیں گے ' جی جناب راجہ صاحب ۔

راجہ محمد ظفرالحق ۔ جناب چیئرمین! انتہائی دکھ سے میں اس کی ابتدا کرتا ہوں کہ مختلف اوقات میں گزشتہ دو سال کے اندر حکومت نے جس طریقے سے Constitution کے مختلف provisions کو بائی پاس بھی کیا' violate بھی کیا underbuying بھی کیا کہ ایسے محسوس ہوتا ہے کہ ان کے نزدیک آئین کی یا Constitutional set up کی کوئی اہمیت نہیں ہے۔ خواہ وہ صوبائی حکومت ہو یا فیڈرل ۔ اس میں legislative process ہو جیسا کہ اس سے پہلے آرڈیننسز کے ذریعے سے قانون سازی کا مسئلہ ہو ' ایوان میں ارکان کو لانے کا مسئلہ ہو ' سپیکر اور چیئرمین کی پاورز کا معاملہ ہو ۔ ان سارے معاملات میں ------

( اس مرحلہ پر جناب مخدوم سید حامد رضا گیلانی کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

راجہ محمدظفرالحق ۔ جناب چیئرمین صاحب! ایسا رویہ اختیار کیا گیا ہے کہ جس سے یہی

ایک تاثر ابھرتا ہے کہ حکومت اپنی من مانی کرنے کے لئے کسی ادارے کے کسی تقدس کو ذہن میں نہیں لاتی۔ یہ پنجاب میں جو کچھ ہوا ، جو کھیل کھیلا گیا وہ بھی کوئی نیا نہیں ہے۔ اس سے پہلے انہوں نے ایک جمی جمائی، آئین کے مطابق کام کرتی ہوئی صوبہ سرحد کی صوبائی حکومت پر شب خون مارا تھا اور مسئلہ کچھ بھی نہیں تھا ۔ مسئلہ صرف یہ تھا کہ وہ وہاں اپنی جماعت کا اور اپنی پارٹی کا وزیر اعلیٰ لانا چاہتے تھے ۔ اس سے پہلے انہوں نے کوشش کی ہارس ٹریڈنگ کے ذریعے ، پریشرز کے ذریعے اور لوگوں کو لالچ دے کر لیکن وہ اس وقت تک کامیاب نہیں ہو سکتے تھے جب تک کہ اسمبلی کے ساتھ غیر آئینی کارروائی نہ کرتے اور توڑ مروڑ کر ایک ایسی کیفیت میں نہ لے آئیں جہاں یہ کارروائی کرنا آسان ہو جائے۔ انہیں اس بات کا کوئی خیال نہ تھا کہ ادارے جو آئین کے تحت قائم کئے جاتے ہیں ۔ ان کی نشو و نما کے لئے جہاں اپوزیشن کا کام ہے اور فرائض ہیں وہاں حکومت کے اس سے بھی زیادہ فرائض ہوتے ہیں اور اگر حکومت ایک طرف تو زبانی دعوے اس بات کے کرے کہ جمہوریت کے لئے اس نے قربانیاں دی ہیں ،وہ جمہوریت کی پیداوار ہیں، وہ جمہوریت کو قائم کررکھنا چاہتے ہیں لیکن جونہی انہیں حکومت میں آنے کا موقع ملے تو جو کچھ اپوزیشن میں ہوتے ہوئے وہ کہا کرتے تھے یک سر ان کا رویہ بدل جاتا ہے۔ ان کے نزدیک آئین کی، جمہوری روایات کی، قطعاً انسانی حقوق کی کوئی قدر سامنے نہیں رہتی۔

اس کے بعد ایک اور ان کا کوئی نفسیاتی مسئلہ ہے ۔ وہ نفسیاتی مسئلہ یہ ہے کہ یہ کسی دوسرے کے ساتھ نہ power share کر سکتے ہیں اور نہ کسی دوسرے کے وجود کو خصوصاً اپوزیشن کے وجود کو برداشت کر سکتے ہیں ۔ یہی وجہ ہے کہ آج پورا پاکستان ایک عجیب کشمکش میں مبتلا ہے اور یہ بالکل اپنی آنکھیں بند کئے ہوئے اس راستے پر چل رہے ہیں۔ عموماً ہوتا یہ ہے کہ کوئی چھوٹی سی organization بھی ہو ، کوئی پرائیویٹ organization بھی ہو تو وہ بھی تین چار ماہ ، چھ ماہ یا سال کے بعد اپنے طرز عمل اور اپنی کارروائی اور طریقہ کار کو review کرتے ہیں اور وہ یہ دیکھتے ہیں کہ آیا اس سے جو ہم نے رویہ اختیار کیا ہوا تھا اس سے فائدہ ہوا ہے یا نقصان ہوا ہے ۔ اس سے کوئی ملک پاکستان کی یا آئین کی یا جمہوریت کی کاز آگے بڑھی ہے یا کہ نہیں بڑھی لیکن یہاں معاملہ اس کے بالکل برعکس ہے ۔ اس سے پھر لوگوں کے ذہنوں میں شک پیدا ہوتا ہے کہ ان کے اصل عزائم ، ان کا اصل ایجنڈا کیا ہے کیا یہ پاکستان کو پھلتا پھولتا دیکھنا چاہتے ہیں ، پاکستان کی ترقی کو برداشت کرنے کے لئے تیار ہیں یا کوئی مخصوص

وجوہات کی بنا پر خواہ وہ سیاسی ہوں یا کوئی نفسیاتی ہوں تو پاکستان کو کمزور کرنے کا ہی ایجنڈا لے کر آئے ہیں کیونکہ ایسے ہی لگتا ہے۔ جس طریقے سے یہ چل رہے ہیں۔ بالکل سیاست کی ابجد سے بھی کوئی واقف ہو تو وہ بھی اس نتیجے پر پہنچے بغیر نہیں رہ سکتا کہ جو راستہ اس حکومت نے اختیار کیا ہوا ہے۔ وہ ملک کی کمزوری کا ہے، ملک کی تباہی کا ہے اور ملک کے مستقبل کو تاریک کرنے کا ہے۔ اس میں کوئی روشن پہلو نہیں ہے۔ اس میں خواہ کراچی کا معاملہ ہو۔ خواہ بگٹی سوئی area کا معاملہ ہو یا صوبہ سرحد میں مختلف اوقات میں جو کارروائیاں کی گئی ہیں ان کا معاملہ ہو، کلرکوں کا معاملہ ہو، طلباء کا معاملہ ہو، پریس والوں کا معاملہ ہو، حکومت یہ سمجھتی ہے کہ طاقت اور قوت کے ذریعے سے کوئی بھی سر اٹھائے اس کا سرقلم کر دیا جائے یا اسے کچل دیا جائے یا اسے نیچے بٹھا دیا جائے تا کہ وہ آئندہ جرات نہ کرے۔

جناب چیئرمین! آپ بھی باہر کے ملک جاتے رہتے ہیں، باقی ارکان بھی جاتے ہیں میں کل صبح واپس آیا ہوں، کہیں بھی آپ چلے جائیے، دوست ہوں یا ویسے کوئی neutral قسم کے لوگ ہوں، ہر آدمی آپ سے اس بات کے بارے میں پوچھتا ہے کہ پاکستان کو کیا ہو گیا ہے۔ پاکستان کے داخلی حالات اتنے خراب کیوں ہیں۔ لیکن بیرون ملک، خواہ اپوزیشن ہی سے انسان تعلق کیوں نہ رکھتا ہو، ملک کے بارےمیں زیادہ محتاط ہو جاتا ہے، لہذا میں وہاں کوئی ایسا جواب نہیں دے سکتا جس کا کوئی حرف یا تاثر پاکستان کے بارے میں خراب پیدا ہوتا ہو، خواہ اس میں حقیقت یہ ہو کہ حکومت نے یہ حالات پیدا کئے ہوئے ہوں، لیکن انسان محتاط رہتا ہے، میں انہیں یہی کہتا رہا۔ یقین کیجئے کہ کوئی 42ممالک کے نمائندے لیبیا میں اکٹھے تھے، کم و بیش ان میں سے تین چوتھائی نے آ کر مجھ سے باری باری یہ پوچھا کہ ہمیں پاکستان کی بڑی فکر ہے، کراچی کے حالات کی وجہ سے، باقی حالات کے وجہ سے، concentration کے حالات کی وجہ سے، یہ کیا ہو رہا ہے، اِدھر کشمیر کا معاملہ ہے، اُدھر انڈیا کی تیاریاں ہیں، اُدھر دیگر معاملات ہیں، اِدھر آپ کے economic مسائل ہیں، لیکن کسی کی طرف کوئی توجہ نہیں ماسوائے اس کے کہ اپوزیشن کو کیسے کچلا جائے اور پاکستان کا total control کیسے حاصل کیا جائے۔

قدرت کا یہ ایک نظام ہے کہ کوئی بھی آدمی جب فرعون بننے کے کوشش کرتا ہے تو پھر وہ اپنے limits کو پہنچ جاتا ہے، پھر ایک دوسری کارروائی شروع ہو جاتی ہے اور اندرونی طور پر ہی پھر قدرت اس کا انتظام کر دیتی ہے، خواہ اپوزیشن اس میں زیادہ کارکردگی دکھائے یا

نہ دکھائے ، قدرت کا ایک نظام ہے اورقرآن حکیم میں ہے (عربی) کہ اگر اللہ تعالیٰ ایک کا زور دوسرے سے نہ توڑتے رہتے تو دنیا میں پھر خدا کی عبادت کے لئے جو عبادت گاہیں بنی تھیں ، مساجد تھیں ، کلیساء تھے ، یہ سارے پھر منہدم ہو جاتے اور لوگ کسی خدا کی طرف ، کسی اخلاق کی طرف ، کسی قاعدے کی طرف نہ دیکھتے ، لیکن اللہ تعالیٰ کہتے ہیں ہم ایسا نہیں ہونے دیتے ، ہم ان لوگوں کا زور خود توڑ دیتے ہیں ، اپنے وزن سے وہ گر جاتے ہیں ، خواہ فرعون ہی کیوں نہ ہو ، total control رکھنے والا انسان بھی آخر انسان ہوتا ہے اور یہ بات ان کی سمجھ میں نہیں آتی۔

اس زمانے میں یہ ممکن ہی نہیں ہے ، اس سے پہلے بھی نہیں تھا ، یہ خلق اللہ ہے اور وہ تبدیل نہیں ہوتی ،یعنی nature جو ہے وہ بدلتی نہیں ہے ، 1400، کچھ اور پھر 1900 ، کچھ آ جاتا ہے ، دن بدلتے ہیں صبح سورج چاند یہ تبدیل ہوتے رہتے ہیں لیکن nature جو ہے وہ تبدیل نہیں ہوتی ۔ یہ total control کرنے کی پالیسی پاکستان کے اندر ، یہ قطعاً کامیاب نہیں ہو سکتی ، اس کا نقصان خود ان کو کئی بار ہوا بھی ہے اور اس کا نقصان آئندہ بھی ہو گا ، لیکن ان کے ذاتی نقصان کا بھی ہمیں نقصان ہوگا ، ہمیں افسوس ہو گا ، لیکن یہ بات ضرور ہے کہ اس کا نقصان جب پاکستان کو پہنچنے لگتا ہے تو پھر اس سے زیادہ دکھ ہوتا ہے کیونکہ اس سے میرا مستقبل ، پوری 13 کروڑ قوم کا مستقبل وابستہ ہے ، اور جو ان کی کارروائی اور کارکردگی ہے ، غیر آئینی اقدامات ہیں ، غیر اخلاقی اقدامات ہیں ، جس کے بارےمیں کبھی MQM چیختی ہے ، کبھی کوئی اور لوگ چیختے ہیں ، کبھی کراچی کے لوگ دعائیں مانگتے ہیں ، کبھی پنجاب کے لوگ دعا کرتے ہیں ، کبھی کیا ہو جاتا ہے ، پورا ملک ایک عذاب میں آیا ہوا ہے وہ اس نظریہ حکومت کی وجہ سے ہے کہ total control اس ملک پر ہونا چاہئیے ، اگر نہیں ہوتا تو ملک تباہ ہوتا ہے تو بیشک ہو جائے ، یہ فلسفہ بڑا تباہ کن ہے ، اسی چیز کو حاصل کرنے کے لئے پنجاب کے اندر کارروائی کی گئی ، پنجاب کے اندر PDF کی coalition Government تھی ، اس میں دو جماعتوں کے علاوہ ایک ایک دو آزاد اور minorities کے ارکان بھی تھے ۔لیکن یہ معاملہ چلتا رہا کہ حکومت پیپلز پارٹی کی ہی ہونی چاہیئےکسی دوسرے minority والے کو دے کر ہمارے لوگ پریشان ہیں وہ satisfiedنہیں ہیں اور مسلسل یہ بیان بھی دیئے جاتے رہے کہ PDF قائم ہے اور وٹو Chief Minister قائم رہے گا۔ وٹو صاحب بہت عقل مند آدمی ہے ، بڑا زیرک ہے اور بڑی تندہی سے کام کر رہا ہے اور کوئی بحران نہیں ہے ۔ لیکن ساتھ ساتھ اس کی جڑیں بھی کاٹنے کی کارروائی جاری رہتی ہے ۔

دوسرے صوبوں سے لوگوں کو بلوا کر وہاں بھیجا جاتا ہے ۔ وہ ممبروں کو invite کرکے اپنے صوبوں میں لے جاتے ہیں ۔ وہاں ان سے سودابازی کرنے کی کوشش کرتے ہیں ۔ کچھ لوگ خاموش رہتے ہیں اور کچھ اقلیت کے رکن وہاں سے بھاگ کر لاہور آ کر پریس کانفرنس کرتے ہیں کہ ہمیں اس کے لئے وہاں بٹھایا جا رہا تھا ۔ طرح طرح کے حربے اختیار کیے جا رہے تھے لیکن جب یہ کارروائی بھی کامیاب نہ ہوئی اور یہ ممکن نہیں ہو سکا کہ وہ اپنی اکثریت سے کوئی کارروائی کر سکیں کیونکہ آئین میں یہ Article 234 emergency provisions کے باب میں ہے ۔ جو normal کارروائی ہے اس میں 234 نہیں ہے۔ normal کارروائی دوقسم کی ہے ایک یہ ہے کہ اگر کسی وقت بھی گورنر یہ محسوس کرے کہ Chief Minister کو ایوان کا اعتماد حاصل نہیں رہا۔ وزیروں سے استعفیٰ جات دلوا دیئے ہیں ۔ کچھ لوگ توڑ بھی لیے ہیں لہذا اب اس کو اکثریت حاصل نہیں رہی ہے ۔ ایوان کا اعتماد اسے حاصل نہیں رہا ہے تو پھر اسے وہ Article 130 (5) کے تحت کہہ سکتے ہیں کہ وہ vote of confidence حاصل کرے ۔ Article 130 (5) میں ہے۔

"The Chief Minister, shall hold office during the pleasure of the Governor. But the Governor shall not exercise his power under this clause, unless he is satisfied that the Chief Minister does not command the confidence of the majority of the members of the Provincial Assembly. In which case, he shall summon the Provincial Assembly and require the Chief Minister to obtain a vote of confidence from the Assembly".

اگر گورنر کو یہ خیال پیدا ہو کہ اسے اکثریت کا اعتماد حاصل نہیں رہا ہے تو اور کوئی کام نہیں ۔ گورنر کا اختیار صرف یہ ہے کہ اسمبلی کو summon کرنے کے بعد وہ Chief Minister کو یہ کہے کہ آپ اعتماد کا ووٹ لیں۔

"The Governor shall --

He doesn't have to dissolve or suspend, he has to اگر یہ خیال ذہن میں آتا ہے تو summon the Assembly اور وزیر اعلیٰ کو کہہ سکتا ہے کہ آپ اعتماد کا ووٹ لیں ۔

**Mr. Presiding Officer:** (Makhdoom Syed Hamid Raza Gilani) I think, Leader of the Opposition deserves patient listening and attention.

Thank you.

راجہ محمد ظفر الحق۔ لیکن یہ کارروائی نہیں کی گئی ۔ گورنر صاحب نے کہا Chief Minister زیادہ میٹھا کھا گئے ہیں ۔ یہ بیان اخبار میں آیا ہے۔ انہوں نے کہا کچھ commotion یہاں موجود ہے۔ حالات درست کرنے میں کچھ دیر لگے گی۔ اسے کہا جاتا ہے کہ تم علاج کے لیے باہر چلے جاؤ۔ اسے باور کرایا جاتا ہے کہ تمہاری غیرحاضری میں کچھ نہیں ہوگا لیکن حقیقت اس سے مختلف تھی۔ یہ حزب اختلاف کے ساتھ نہیں ہو رہا تھا' یہ اپنے ہی ایک political partner کے ساتھ ہو رہا تھا جس کے ذریعے سے حکومت بنائی گئی تھی اسے یہ نہیں کہا گیا کہ تمہیں اعتماد حاصل نہیں رہا' confidence کا ووٹ لو ۔ ایسا نہیں کہا گیا۔ اس کے بعد provision ہے کہ اگر اسے آپ نہیں کہتے کہ وہ اعتماد کا ووٹ لے تو پھر Article 136 ہے جس کے تحت vote of no confidence اس کے خلاف پاس کی جا سکتی ہے

And Article 136 reads, " A resolution for a vote of no confidence moved by not less than 20 per cent of the total membership of the Provincial Assembly, may be passed against the Chief Minister by the Provincial Assembly"

اور اس کے لیے procedure ہے کہ تین دن سے لے کر سات دن کا notice ہوگا جس دن یہ قرارداد پیش ہوئی ہے اور اگر قرارداد پاس ہوجائے (3) 136 کے تحت

If a resolution referred to in clause 1 is passed by a majority of total membership of the Provincial Assembly the Chief Minister shall cease to hold office.

پھر مزید کسی کارروائی کی ضرورت نہیں رہتی اسمبلی کو suspend کرنے کی ضرورت نہیں رہتی' proclamation کی ضرورت نہیں رہتی ۔ چیف منسٹر آفس میں رہتا ہے اور آفس میں رہتے ہوئے پھر اس کے خلاف No Confidence ہو سکتا ہے ۔ چیف منسٹر آفس میں رہتا ہے اور اسے vote of confidence لینے کے لئے کہا جاتا ہے لیکن انہیں یہ منظور نہیں تھا لہٰذا انہوں نے یہ طریقہ نکالا جو emergency provisions ہیں ۔

emergency provisions جناب یہ Chapter 10 ہے جس کے تحت emergency provisions یہ آئین کا حصہ ہے ایک چھوٹا سا chapter ہے لیکن یہ وہ حالات ہیں جو normal نہ ہوں غیر معمولی ہوں اور ان کو اس وقت عمل میں لایا جائے جب کہ normal Constitution کی

running ہے' جو اس کی theme ہے ' جو اس کی philosophy ہے جس پر وہ base کرتی ہے' وہ چیزیں نہ ہو سکتی ہوں تو ایسی کوئی صورتحال آن پڑے تو پھر اس کے بعد پھر emergency provision کی اجازت ہوتی ہے لیکن یہ normal procedure اختیار نہیں کیا گیا ۔ آئین کے ان آرٹیکز کی طرف دیکھا ہی نہیں گیا کیوں کہ ان آرٹیکز کے ذریعے سے چیف منسٹر آفس میں رہتا ہے۔ خدشہ یہ تھا کہ اگر چیف منسٹر آفس میں رہتے ہوئے اس کے خلاف no confidence شاید پاس ہو سکے نہ ہو سکے ۔ آفس میں رہتے ہوئے اس سے کہیں کہ confidence کا ووٹ لو تو شاید پھر بھی لے لے لیکن یہ صورتحال چونکہ بد نیتی پر مبنی تھی objectives clear نہیں تھے constitutional نہیں تھے morally correct نہیں تھے morally justified نہیں تھے لہذا وہ طریقہ اختیار کیا گیا جس سے پوری اسمبلی کو suspend کرنے کے provisions ہیں' چیف منسٹر کے سارے اختیارات لینے کے provisions ہیں ' cabinet کے سارے اختیارات لینے کے provisions ہیں تا کہ اس کے پاس کوئی manoeuvrability باقی نہ رہے ۔ وہ جس کے ذریعے سے PDF کی حکومت بنائی گئی تھی جس میں Peoples Party پارٹنر تھی جس میں اور لوگ بھی پارٹنر تھے اور اس کے ذریعے سے ساری کارروائی کی جاتی رہی ۔ دو سال اسی کے سہارے پر پنجاب کے اوپر حکومت کی جاتی رہی لیکن برادشت وہ بھی نہیں ہو سکا ۔ خدا معلوم اتنے دن بھی کئی لوگ کہتے ہیں کہ کیسے کاٹے گئے اور پھر یہ کہا گیا کہ جی گورنر صاحب نے رپورٹ دے دی ہے کہ normal طریقے سے وہاں کارروائی نہیں چل سکتی ۔ normal طریقے سے چلائی کب گئی ہے جو میں نے 130 provisions کے (5)136 کی پڑھی ہیں وہ normal کارروائی تھی اگر آپ وہ کارروائی کرتے اور ایسی صورتحال پیدا ہوتی کہ چیف منسٹر کے خلاف عدم اعتماد ہو جاتا کسی دوسرے کو آپ invite کرتے وہ بھی ہاؤس کا اعتماد نہ لے سکتا اس کو آپ ٹائم بھی دیتے وہ بھی نہ کابینہ بنا سکتا ہے نہ ہاؤس کا اعتماد لے سکتا ہے تو پھر justified ہے کہ آپ کہیں کہ ٹھیک ہے آپ کسی اور گروپ کو کہیں ' یہ دنیا بھر میں ہوتا ہے ۔ چھوٹی چھوٹی افریقہ کی اور South America کی ریاستوں میں بھی ہوتا ہے ۔ وہاں بھی کچھ نہ کچھ خیال ضرور کیا جاتا ہے کسی ادارے کا لیکن یہاں کوئی خیال نہیں کیا جاتا ۔ جمہوریت کشی عملاً ان لوگوں کے ہاتھ سے عمل میں آ رہی ہے جو جمہوریت کا نام لیتے نہیں تھکتے تھے ۔ ان کے ذریعے سے ہو رہی ہے لیکن میں کہتا ہو ں اسے اعتماد کے ووٹ کا کہتے وہ اعتماد کا ووٹ نہ لے سکتا پھر کسی اور کو کہتے اور

اگر وہ بھی حکومت نہ بنا سکتا تو پھر گورنر صاحب صدر صاحب کو لکھ کر بھیج سکتے تھے کہ میں نے بڑی کوشش کی ہے میں نے اپنا کردار ادا کیا ہے میں نے ایک ریفری کے طور پر رول ادا کیا ہے اور اس ریفری کے طور پر رول ادا کیا ہے جس کا میں نے حلف اٹھایا ہوا تھا۔

جناب چیئرمین! جب حضرت قائد اعظم گورنر جنرل کے عہدے پر پاکستان میں فائز ہوئے تو وہ مسلم لیگ کے بھی سربراہ تھے اور مسلم لیگ کے ذریعے سے انہوں نے پاکستان کی تحریک کامیابی سے چلائی تھی اور یہ کسی کے تصور میں بھی نہیں آ سکتا تھا۔۔۔ وہ مسلم لیگ کے کوئی ordinary ممبر نہیں تھے کہ انہوں نے چھوڑ دیا۔ وہ کوئی صوبائی اسمبلی یا قومی اسمبلی کے رکن نہیں تھے۔ وہ کوئی executive کے ممبر بھی نہیں تھے۔ وہ اس کے نہ صرف سر براہ تھے بلکہ 1937 کے بعد جو مسلم لیگ recreate ہوئی اس کے وہ خود خالق تھے اور تحریک انہوں نے چلائی اور کامیابی سے چلائی۔ اس کے بعد یہ تصور کسی مسلم لیگ رکن کو بھی نہیں آ سکتا تھا کہ قائداعظم صاحب کی قیادت کے بغیر مسلم لیگ آگے کیا کرے گی۔ مجھے علم ہے کہ آپ کے والد محترم اس زمانے میں بھی انگریز کے خلاف لڑتے ہوئے حضرت قائداعظم کے ساتھ تھے لیکن یہ سارا background ہوتے ہوئے سب سے پہلے انہوں نے مسلم لیگ کی کونسل کا اجلاس بلوایا اور انہوں نے address کرتے ہوئے یہ کہا کہ

"Gentlemen, I have assumed the Governor- Generalship of the country. It does not behove of me that I should remain President of Muslim League, not only because I will not able to do justice with other political parties and elements but as a Constitution Lawyer I felt that may be somebody feels that he is not talking to the Governor-General, he is talking to the Head of Muslim League". So, he resigned. There was protest in the House everybody said, 'no Sir' we have total confidence in you that you will be able to do justice even as Governor-General while being President of Muslim League. But he said, 'no', try to understand my position, I will not do that and he resigned and Chaudhry Khaliq-u-Zaman was made President of Muslim League.

لیکن یہاں کیا ہوتا ہے حلف لوگ اٹھاتے ہیں کہ we will do justice to all people ریفری

کے طور پر ' جج کے طور پر ' گورنر ہو' پریذیڈنٹ ہو' پرائم منسٹر ہو حلف اٹھاتے ہیں ۔ آئین کے اندر لکھا ہے کہ کوئی آدمی اپنے عہدے پر متمکن نہیں ہو سکتا جب تک وہ یہ حلف نہیں اٹھاتا۔ لیکن مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے with the passage of time بعض لوگوں کو یہ خیال ہوتا ہے کہ یہ ایک رسمی کاروائی ہے۔ اس کے کوئی معنی نہیں ہیں۔ یہ تو اس دیہاتی ان پڑھ جاہل سے بھی آگے چلے گئے ہیں جسے یہ کہا گیا کہ فلاں شخص نے تمہارے خلاف claim کیا ہے تو تم اگر قرآن اٹھا دو تو ہم تمہاری بات مان لیں گے۔ اس نے کہا میں قرآن نہیں اٹھاتا۔ جب انہوں نے insist کیا اور قرآن اس کے سامنے لایا گیا تو شاید اس نے پہلی دفعہ دیکھا تھا' اس نے کہا او ہو اگر اتنا ہی تھا تو ایسے تو میں پانچ دس بھی ہوں تو اٹھا لوں گا لیکن پڑھا لکھا کوئی آدمی یا ان پڑھ دیہاتی یا شہری ہو خدا کے سامنے حلف اٹھانے کے بعد اس سے پھرنے کی جرات نہیں کرتا۔

ہمارے موجودہ حکمران قطعاً" اس قسم کا کوئی تصور اپنے ذہن میں نہیں لاتے کہ ہم نے کیا حلف اٹھایا ہوا ہے ۔ ہم نے ملک کے ساتھ کیا سلوک کرنا ہے ۔ اپنے لوگوں کے ساتھ کیا کرنا ہے اور دوسروں کے ساتھ کیا کرنا ہے ۔ اگر یہ حلف اٹھایا ہوا ہوتا اور اس کے بارے میں کچھ ذہن میں خیال ہوتا' اپنے دل پر ہاتھ رکھ کر کیا صدر' کیا وزیر اعظم یہ بات کہہ سکتے ہیں کہ ان دو سالوں میں اس قوم کے ساتھ انصاف کیا ہے ' اس کے نوجوانوں کے ساتھ' اس کے Members of the Parliament کے ساتھ' یہاں کے علماء کے ساتھ' یہاں کے طلباء اور مزدوروں کے ساتھ' کسی کے ساتھ انصاف کیا ہے ۔ نوکری دینے میں کیا ہے ۔ یہ فنڈز کے بارے میں تو لوگ باتیں کرتے کرتے تنگ آ گئے ہیں ۔ اگر کوئی سنے اس حلف کو پڑھ کر ان کے سامنے بتانے کہ آپ نے تو آفس میں enter ہوتے ہوئے یہ کہا تھا کہ تمام لوگوں سے انصاف کریں گے۔ کیا آپ نے انصاف کیا ہے ۔ اپنے لوگوں کو تو آپ development کے فنڈز دیں ' ان کو تو یہ سہولت دیں لیکن Opposition کے لوگوں کو آپ نہ دیں ۔ کیا یہ حلف کے مطابق ہے کیا جو ملازمتیں دیتے ہیں تو وہ فیکس کے ذریعے سے۔ انٹرویو دینے والے اور ۔ انٹرویو میں پاس ہونے والے اور جناب چیئرمین! روتے ہوئے غریب والدین میرے پاس آئے انہوں نے میرے بیٹے کے بارے میں انٹرویو' ٹیسٹ وغیرہ لے کر کہا' یہ اسلام آباد کے اندر کی بات ہے' کہ مبارک ہو وہ پاس ہو گیا ہے اور آپ اس کا کل پرسوں آ کر appointment letter لے جائیں اور انہوں نے کہا کہ تیسرے دن کے بعد جب وہ وہاں گیا تو انہوں نے کہا کہ I am sorry I

have been given another different list from above and I have to obey it if have to sit in this chair وہ رو رہے تھے۔ کتنے لوگوں پہ آپ ظلم کریں گے۔ کتنے لوگوں کے انصاف کا آپ خون بہائیں گے اور پھر بھی آپ بیٹھے رہیں گے۔ توقع یہ رکھیں گے کہ ملک کے حالات درست ہو جائیں ایسا نہیں ہو سکتا۔ بے انصافی کے اوپر قائم حکومت زیادہ دیر قائم نہیں رہ سکتی۔ بے انصافی کے اوپر اگر ملک ہو تو خدانخواستہ قائم نہیں رہ سکتا۔ بار بار یہ شک کیا جاتا ہے کہ ان حالات سے ملک نہیں چل سکے گا۔ آگے نہیں بڑھ سکے گا۔ روز بہ روز نقصان ہو رہا ہے۔ ہر معاملہ خراب ہو رہا ہے۔ لیکن ان کے کوئی جوں تک نہیں رینگتی۔ ان کو کوئی احساس نہیں۔ ان کو کوئی پتہ نہیں کیا ہو رہا ہے۔

عام آدمی کو میں کہتا ہوں کہ جسے حکومت کا تجربہ نہ ہو اسے بھی پتہ ہو سکتا ہے کہ حکومت sinking everyday, and with it Pakistan is also losing it's prestige. پاکستان کے options close ہو رہے ہیں۔ اندرونی و داخلی حالات درست نہ ہونگے۔ آپ کو آئین کی کوئی قدر نہیں ہوگی۔ انصاف کی کوئی قدر نہیں ہوگی۔ لوگ آپ سے بیزار ہونگے۔ بے انصافیاں ہونگی۔ تو کیا آپ توقع رکھیں گے کہ بیرونی ممالک آپ کی کوئی عزت اور احترام کریں۔ آپ کشمیر کے بارے میں قرارداد پاس کریں تو لوگ اٹھ کر آپ کی حمایت کریں گے۔ وہ تو پھر وہی ہوتا جو جینیوا میں ہوا۔ وہی ہوتا ہے جو U.N.O. کے اندر ہوا۔ وہی ہوتا ہے جو ہر دفعہ ہو رہا ہے۔ وہی ہوتا ہے جو افغانستان میں ہوا ہے۔ اگر پاکستان کا جھنڈا ملک کے اندر بلند ہوگا تو اسی طرح کا جھنڈا آپ کا باہر بھی بلند ہوگا۔ اگر یہاں آپ بے انصافیاں کریں گے۔ غلط کام کریں گے۔ Un-Constitutional کام کریں گے تو باہر بھی آپ کی کوئی قدر اور کوئی عزت نہیں ہوگی۔ اس لئے انہوں نے پھر وہ راستہ اختیار نہیں کیا۔ بے انصافی کا راستہ اختیار کیا۔ Un-Constitutional راستہ اختیار کیا اور Article 234 کے تحت انہوں نے emergency provisions کے تحت کارروائی شروع کردی۔ اور وہ کارروائی بھی آپ دیکھیں کہ اس میں بھی صدر صاحب مجبور نہیں تھے۔ اس میں بھی صدر صاحب کوئی پابند نہیں تھے کہ جو گورنر نے لکھ کر بھیج دیا وہی کریں گے۔ اور یہ بھی لوگ کہتے ہیں کہ گورنر کو یہ کہا گیا کہ آپ یہ لکھ کر بھیج دیں اور پرائم منسٹر صاحبہ دو گھنٹے سے زیادہ صدر صاحب کے پاس بیٹھی رہیں۔ اور جب تک کہ وہ آرڈر proclamation کا نہیں کروا چکیں اس وقت تک وہ وہاں سے ہلی نہیں۔ اب یہ ملک کیسے چل

رہا ہے کس کتاب کے تحت چل رہا ہے کس اصول کے تحت چل رہا ہے وہاں یہ کہا جاتا ہے Article 234 کے تحت بھی جو کارروائی کی گئی ہے اس میں بھی یہ نیتی شامل تھی۔

Article 234 is; "If the President on receipt of a report from the Governor of a Province جیسے اس دفعہ کہا گیا' or otherwise is satisfied یعنی satisfaction پھر بھی اس کی ضروری ہے۔

that the situation has arisen in which the Government of the Province cannot be carried on in accordance with the provisions of the Constitution, the President may ....

Mr. Presiding Officer: Raja Sahib you will excuse me, I leave to...

[At this stage the Chair was occupied by Mr. Deputy Chairm ( Mir Abdul Jabbar ]

جناب ڈپٹی چیئرمین، السلام علیکم!

Raja Muhammad Zafar-ul-Haq: The President may or if a Resolution in this behalf is passed at a Joint Sitting shall by proclamation do ABCD....

یعنی اگر گورنر صدر صاحب کو با خبر کرتا ہے جیسے ان کو پہلے کوئی خبر نہیں تھی کہ کیا جا رہا ہے۔ اگر گورنر کی طرف سے یہ بات آتی ہے report آتی ہے تو لکھا ہوا ہے کہ then the President یعنی اس میں اس کی کھلی discretion ہے' وہ اسے کہہ سکتا ہے کہ آپ یہ نہیں کریں' آپ چیف منسٹر کو کہیں vote of Confidence لے اور اگر ہاؤس میں آپ کے آدمی زیادہ ہوگئے ہیں تو No Confidence لے آئیں' لیکن مجھ سے آپ اس کو ذبح کروانے کی کارروائی نہ کروائیں۔ ادارے کو تباہ کرنے کی کارروائی نہ کریں۔ ایک نئی طرز نہ ڈالیں' ایک نیا معاملہ نہ کریں۔ صدر کو چاہیئے تھا' صدر نے ایسا نہیں کیا۔ مجھے سخت افسوس ہے کہ صدر کے پاس یہ اختیارات ہوتے ہوئے کہ اگر گورنر اس سے کہے تو the President may اور اگر پارلیمنٹ کی resolution ہو جائے تو پھر proclamation, the President shall by proclamation۔

Mr. Deputy Chairman: Please order in the House. Yes, please.

راجہ محمد ظفر الحق: اس لئے گورنر کے اس report کرنے کے باوجود صدر کے پاس یہ اختیار تھا اور اخلاقی طور پر، قانونی طور پر، آئینی طور پر، ان کی ذمہ داری بنتی تھی کہ اسے کہتے کہ باقی جو پہلی provisions ہیں Article 130 کی اور Article 135 کی اس پر کیوں آپ عملدر آمد نہیں کر رہے۔ لیکن انہوں نے خواہ کسی pressure کے تحت، اپنی پرانی party affiliations کے تحت اپنا جو حلف اٹھایا ہوا تھا اس کو بھول کر انہوں نے ایک proclamation جاری کردیا اور آپ نے جناب چیئرمین پڑھا ہوگا کہ اس proclamation میں بھی انہوں نے اسمبلی suspend نہیں کی۔ اسمبلی کی suspension نہیں ہے اس proclamation----- کیونکہ اگر اسمبلی کی suspension ہو تو پھر پارلیمنٹ کو اختیار مل جاتا ہے یہاں ساری legislation کا جو اس province کے بارے میں ہوتی ہے۔ لیکن وہ بات بھی نہیں کی گئی، وہ نہیں دیا گیا۔ کبھی یہ کہا گیا کہ اسمبلی معطل نہیں ہے لیکن بار بار ٹیلیویژن پر، ریڈیو پر غیراخلاقی طور پر یہ تاثر قائم کرنے کے لیے کہ اسمبلی معطل ہو گئی ہے، معطل اسمبلی کے Chief Minister، معطل اسمبلی کے ارکان، روز اگر کوئی ارکان مل رہے تھے وزیراعظم کو تو یہ کہا جاتا تھا کہ معطل اسمبلی کے، پنجاب کی معطل اسمبلی کے چار ارکان، تین ارکان ملے ہیں۔ اور پھر ہارس ٹریڈنگ جو ہے اس کا چکر تیزی سے شروع کر دیا گیا اور اس کے بعد 30 MPAs کے خلاف فوجداری مقدمات بنا دئیے گئے New cases were registered پرانے معاملات جو ہیں وہ سامنے لائے گئے۔ سارا کچھ وہ کیا گیا جو اخلاقی طور پر آئینی طور پر نہیں کرنا چاہئے تھا، سارا کچھ وہ سلسلہ شروع کر دیا گیا۔ اس ملک میں لوٹا کریسی کو ایسا پروان چڑھایا جا رہا ہے اس ملک میں، میں یہ سمجھتا ہوں کہ دنیا اس سے تنگ آ چکی ہے جو یورپ کے اگر ممبر پارلیمنٹ آتے ہیں یا سفیر ہیں وہ پوچھتے ہیں کہ لوٹاکریسی کا کیا معنی ہے تو انہیں بتاتے ہوئے بھی شرم آتی ہے کہ لوٹاکریسی آدمی کیا بتائے۔

حکومت نے ان اداروں کو تباہ کرنے کے لیے ان کو لالچ بھی دئیے منسٹریوں کے، پیسوں کے، اور ایک بڑی شخصیت وہاں بیٹھی رہی اور صوبائی اسمبلی کے ارکان وہاں گئے دو دو کروڑ روپیہ ان کے سامنے رکھا گیا، دو دو کروڑ روپیہ رکھا گیا اور چونکہ وہ معلوم کرنے کے لیے گئے تھے انہوں نے یہ کہہ کر معذرت کی کہ یہ بھی تھوڑے ہیں۔ اب کس قدر افسوس کی بات ہے یہ کیسے اس آئین کے تحت حکومت چل رہی ہے اس آئین کے تحت یہ سلسلہ سارا ہو رہا ہے جو حلف اٹھایا ہوا تھا اس کے تحت ہو رہا تھا اور پھر جس کسی ممبر کا کوئی رشتہ دار، کوئی بھائی، کوئی

بہنوئی، کوئی بھتیجا، کوئی اور سرکاری ملازم تھا اسے بلوایا گیا۔ ایک نے کہا جی کہ وہ آدمی جو ابھی تک ونو کے پاس بیٹھا ہوا ہے اس کا بھائی ایس پی ہے کہا گیا put him in jail اس نے کہا جی کس کو ممبر کو، یا اس ایس پی کو اس نے کہا ایس پی کو put him in jail تاکہ گھر کا پریشر پڑے، گھر والوں کے اوپر پریشر پڑے۔ پولیس پیچھا کرتی ہے لوگوں کا، رشتہ داروں کا کہ وہ کہاں ہے یہ سیاست ہے، یہ جمہوریت ہے، یہ اکیسویں صدی میں داخل ہونے کی تقریریں کی جاتی ہیں، یہ ملک کو آگے لے جانے کی بات کی جاتی ہے، یہ جمہوریت کی transparency ہے، یہ وہ اخلاق ہے جو برتا جا رہا ہے اور پھر یہ کہتے ہیں--- پھر بھی جب اپنے آدمی پورے نہ ہوئے تو کرنا وہی پڑا جو پہلے سے بھی بدتر تھا۔ پھر وہی رجوع کرنا پڑا، پھر اسی جو چھوٹا partner تھا اس کے آدمی کو Chief Minister بھی ماننا پڑا اور اگر یہی کچھ کرنا تھا تو پھر یہ آئین کا اور یہ سارے سلسلے کا ڈھونگ رچانے کا کیا فائدہ کیا ضرورت تھی ہوا پھر کیا یہ ساری efforts یہ پورے ملک کی بدنامی کرنے کے بعد پھر ہوا کیا پھر وہی ہوا۔ اور اب بھی ایسے آثار اور قرائن ہیں کہ پھر بھی وہاں ابھی تک یہ کشمکش جاری ہے، یہ سلسلہ جاری ہے، کارروائیاں ہو رہی ہیں۔

میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ جو Article 234 کا نفاذ کیا گیا یہ پاکستان کے اندر constitutionalism کے اوپر کلہاڑا چلایا گیا ہے ۔ اس کی جڑیں کاٹنے کی کوشش کی گئی اور کسی اخلاق کا، کسی constitution کا، کسی سیاست کا، کسی جمہوریت کی کوئی پرواہ نہیں کی گئی، کسی کا کچھ لحاظ نہیں رکھا گیا۔ اس لیے ہم یہ کہتے ہیں کہ ہم اس کی پرزور مذمت کرتے ہیں اور ہم یہ کہتے ہیں کہ جو انداز حکومت اس موجودہ حکومت کا، انتظامیہ کا ہے وہ پاکستان کے لیے انتہائی خطرناک، پاکستان کی سالمیت کے لیے خطرناک، پاکستان کی جمہوری بقا کے لیے خطرناک ہے، انصاف کے لیے خطرناک ہے اور پاکستان کے لیے اس کے نتائج کبھی اچھے نہیں ہو سکتے ۔ اگر تو یہ خود اس بارے میں غور کر کے سوچ کر کچھ کر دیں تو درست ہے لیکن اگر ان کے دلوں پر قفل لگ چکے ہیں، اگر ان کو کوئی چیز نظر ہی نہیں آتی، کوئی چیز ان کے سامنے کوئی اہمیت نہیں رکھتی تو پھر یہ فیصلہ پاکستان کے لوگوں کو کرنا پڑے گا کہ وہ اپنے مستقبل محفوظ کرنے کے لیے آئندہ کیا اقدامات کرتے ہیں۔ میں آپ سے اس پر اجازت چاہتا ہوں۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین** ۔ اب معزز ممبران لسٹ کے مطابق تقاریر فرمائیں گے۔ جی، مندوخیل صاحب ۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل۔ ہمیں لسٹ کا بتایا جائے اور یہ بھی بتایا جائے کہ ہمیں کتنا کتنا وقت دیا جائے گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ میں نے regulate کرنے کے لئے لسٹ لے لی ہے۔ میں لیڈر آف دی ہاؤس اور لیڈر آف دی اپوزیشن سے درخواست کروں گا کہ وہ مجھے طے کرکے یہ بتائیں کہ ممبران کو کتنا کتنا وقت دیا جائے۔

راجہ صاحب اور ملک قاسم صاحب تشریف فرما ہیں۔ آپ یہ بتائیں کہ ممبران کو تقریر کے لئے کتنا کتنا وقت دیا جائے۔

(مداخلت)

ملک محمد قاسم۔ میرے خیال میں دس دس منٹ کافی ہیں۔

راجہ محمد ظفر الحق۔ اگر آج ہی اس بحث کو ختم کرنا ہے تو دس دس منٹ کافی ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ تو فیصلہ یہ ہوا کہ ہر سپیکر کو دس دس منٹ دئے جائیں گے۔ یہ بھی بتایا جائے کہ لیڈر آف دی ہاؤس کو کتنا وقت دیا جائے گا۔

Malik Muhammad Qasim. If the Leader of the House and the Leader of the Opposition are not speaking and if the House wants that some Ministers should answer then that Minister may kindly be given the time

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ بجا ہے۔ آپ کے سامنے سٹاف بیٹھا ہوا ہے۔ آپ ان کے پاس اپنے اپنے نام لکھوا دیں۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل۔ ہم نے اپنے نام لکھوائے ہیں۔ مہربانی کرکے آپ ذرا ہمارے نام دیکھیں۔

چوہدری محمد انور بھنڈر۔ جناب والا! میں نے اپنا نام دیا ہوا ہے۔ میں نے ایک نہایت ہی ضروری کام کے سلسلے میں جلدی جانا ہے۔ اس لئے مہربانی کرکے مجھے پہلے وقت دے دیا جائے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ بہتر ہے۔ ملک حاکمین صاحب! اس طرف سے آپ کا پہلا

نام تھا۔ اب چوہدری صاحب فرماتے ہیں کہ میں نے ایک ضروری کام کے سلسلے میں جلدی جانا ہے اس لئے انہیں پہلے وقت دے دیا جائے۔

**ملک حاکمین خان۔** ٹھیک ہے جی۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین ۔** چوہدری صاحب۔ ملک حاکمین صاحب نے آپ کو اپنی باری دے دی ہے۔ اس لئے آپ تقریر فرمائیں۔ دس دس منٹ ہر سپیکر کے لئے مقرر کئے گئے ہیں۔

**چوہدری محمد انور بھنڈر۔** جناب والا! میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے ایک نہایت ہی اہم مسئلہ پر اظہار خیال کرنے کا موقع دیا ہے۔

جناب والا! آرٹیکل 234 کا نفاذ جو پنجاب میں کیا گیا، میں اس پر مختصراً طور پر عرض کروں گا کہ یہ غیر آئینی، غیر قانونی اور غیر جمہوری تھا۔ اس کا جس انداز سے اور جس طریقے سے نفاذ کیا گیا، وہ بھی میں سمجھتا ہوں کہ بالکل غیر اخلاقی اور غیر جمہوری تھا۔

جناب والا! 5 ستمبر کو ایک Proclamation جاری کیا گیا جس کی روح سے کہا گیا ہے کہ

"Whereas I Farooq Ahmed Khan Leghari, President of Islamic Republic of Pakistan on receipt of report from the Governor of Punjab and another information made available is that I am satisfied that a situation has arisen in which the Government of Punjab cannot be carried on in accordance with the provisions of the Constitution. Now therefore, in exercise of the powers conferred on me under Article 234 of the Constitution, I hereby direct the Governor of the Punjab to assume on my behalf, the functions of the Government of that province and all or any of the powers vested in or exercisable by anybody or authority in province other than the Provincial Assembly, make the following incidental and consequential provisions which appear to be necessary or desirable for giving effect to the objects of the Proclamation the Chief Minister and the Provincial Ministers of that province shall forthwith cease to perform such functions of their respective office and in exercise of the functions which the Governor has been directed to assume as herein and

before stated the Governor shall act to such extent and subject tosuch conditions as changed from time to time deem fit to give or impose this order shall unless rovoked earlier remain in force for a perod of 2 months.

جناب والا! یہ Proclamation 5 ستمبر کو جاری کیا گیا اور یہی Proclamation 13 ستمبر کو واپس لے لیا گیا۔ 5 ستمبر کو یہ کہا گیا تھا کہ پنجاب میں حکومت آئین کے مطابق نہیں چل رہی ہے۔ اس لئے یہ اقدام کرنا بہت ضروری ہے۔ جناب والا! 234 آرٹیکل کے تحت یہ جو اختیارات حاصل کئے گئے یا یہ جو Proclamation enforce کیا گیا۔ اس کا اصل مقصد جو تھا وہ یہ کہ آئین کے مطابق حکومت نہیں چل رہی اور یہ الفاظ اس لئے استعمال کئے گئے کہ آرٹیکل ۲۳۴ میں اگر یہ الفاظ نہ لائیں تو یہ آرٹیکل ۲۳۴ کا نفاذ نہیں کر سکتے لیکن جناب والا! یہ جو الفاظ استعمال کیے گئے۔ یہ بالکل خلاف واقع بالکل خلاف قانون، بالکل خلاف آئین استعمال کئے گئے اور صرف اختیارات حاصل کرنے کے لئے یہ الفاظ استعمال کئے گئے وگرنہ پنجاب میں کوئی ایسی صورت حال نہیں تھی کہ آئین کے مطابق حکومت نہیں چل رہی تھی۔

جناب والا! آئین کے مطابق حکومت چلنے یا نہ چلنے کا کیا معیار ہے۔ ہمارے ۲۳۴ میں کوئی ایسے واقعات نہیں آئے یا کوئی اکثر و اوقات یہ اختیارات استعمال نہیں کیے گئے لیکن ہندوستان میں اس کے بالمقابل آرٹیکل ۳۵۶ ہے اور آرٹیکل ۳۵۶ کی بھی وہی زبان ہے جو ہمارے آرٹیکل ۲۳۴ کی ہے۔ اس میں بہت سے cases آئے، بہت دفعہ اس کا استعمال ہوا اور اس کی interpretation ہوئی اور اس کی interpretation مختلف اوقات میں یہ ہوئی کہ آئین کے مطابق نہ چلنے کا مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ کسی حکومت کو علیحدہ کرنا چاہتے ہیں آپ کسی چیف منسٹر کو علیحدہ کرنا چاہتے ہیں بلکہ آئین کے مطابق نہ چلنے کا سوال یہ ہے کہ اگر صوبائی حکومت آپ کی آئینی provision کو مد نظر نہیں رکھتی ہے، نظر انداز کرتی ہے آپ کی اتھارٹی کو نہیں مانتی، فیڈریشن کی اتھارٹی کو نہیں مانتی، وہاں کوئی ایسی حکومت قائم نہیں ہو سکتی جسے عوام کا اعتماد حاصل ہو، جسے اسمبلی کا اعتماد حاصل ہو، وہ حکومت ایسے کام کر رہی ہے جہاں lawlessness ہے، ہر روز ایسے واقعات ہو رہے ہیں جو آئین اور قانون کے منافی ہیں تو اس صورت میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ یہ قانون کے مطابق حکومت نہیں چل رہی۔ پنجاب کی حکومت جناب والا! آئین کے مطابق چل رہی تھی صرف اس وقت جب وزیر اعظم کا پنجاب کے وزیر اعلیٰ کے ساتھ اختلاف

ہوا - تو یہ آرٹیکل ۲۲۴ کو invoke کر لیا گیا حالانکہ آرٹیکل ۲۲۴ کو invoke کرنے کے لئے یہ صورت حال نہیں ہے -

I want to give reference from the Commentary on the Constitution of India, by Basu regarding Artile 356

یہ کن حالات میں یہ اختیارات استعمال کئے جانے چاہئیں - ان کے متعلق ہے جناب،

"While exercising this power the government in power at the center will also remember that its only object as the member of the drafting committee was to act as a safety vaive to save the Constitution itself and was thus to be tolerated as a necessary evil. Its use must, therefore, be claimed that toleration be few and far between. Just as the frequent use of amending power takes away the sanctity and reverence which is foundation of every written Constitution, similarly, a frequent use of emergency provision in Article 356 lamentably demonstrates that we are neither fit for federalism nor for the parliamentary system of government"

یہ ہیں جناب جذبات کہ اگر ہم اسکا frequent استعمال کریں گے تو شاید ہم جمہوریت کے بھی قابل نہ ہوں پھر آگے چل کر میں عرض کروں گا کہ اس کی پھر observation ہے اس article کے تحت،

"The unseating of a Ministry commanding a majority in the Assembly by applying Article 356 is a virtual dismissal through the back door. If the Governor could not properly dismiss a Minister having the confidence of the majority in the Assembly on the ground that he was maintaining his Ministry by appointing too many Ministers or because the administration was being paralysed owing to frequent defections, it would be improper for him to secure the same end by means of his power to recommend imposition of President's rule under Article 356."

اس کے متعلق بھی جناب انھوں نے کہا ہے کہ یہ طریقہ کار ۳۵۶ کے تحت درست نہیں ہوگا۔
پھر جناب آگے چل کر کہتے ہیں

" When, therefore, the Governor entertains any doubt as to whether the Ministry in power still retains its majority in the Assembly, it would be proper for him to request the Chief Minister to call a session of the Assembly at an early date, so that the question of confidence could be tested on the floor of the Assembly, in consonance with Article 164(2), as was done by the Governor in Calcatta's case. It was only when the Governor's request was turned down by the Chief Minister thrice, then the Governor used the power of dismissal."

پھر جناب آخری para جو میں پڑھنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے

"Above all it would be a blatant impropriety for a party in power, at the union, to create instability in a State by withdrawing its support from the coalition Ministry in that State and then to resort to Article 356 with the object of gaining of a majority at the election resulting there from that would be an improper use of the Constitutional power under Article 356 for a political purpose."

یہی جناب والا ! ہوا ۔ انہی کا جناب والا ! وہ وزیر اعلیٰ تھا ۔ انہوں نے ہی اسے سپورٹ دی تھی اور support withdraw کی اور وزیر اعلیٰ کو ہٹانے کے لئے آرٹیکل 234 کو لگایا گیا ۔

جناب والا! یہ آئین کا منشا نہیں ہے یہ قانون کا منشا نہیں ہے ۔ یہ کسی جمہوری اصول کا منشا نہیں ہے ۔ کہ اس طریقے سے آرٹیکل 234 کا نفاذ کیا جائے ۔ آرٹیکل 234 کا نفاذ نہیں کیا جا سکتا ۔ آرٹیکل 234 کا نفاذ تو کراچی میں کریں ۔ آرٹیکل 234 کا نفاذ لائیں سندھ گورنمنٹ کے خلاف جہاں کوئی قانون نہیں ہے ۔ جہاں کوئی ضابطہ نہیں ہے ۔ جہاں ہر روز لوگ مر رہے ہیں ۔ جہاں ڈکیتیاں ہو رہی ہیں ۔ جناب والا ! اتنی دیر سے تو ہم سن رہے ہیں ۔ لیکن سندھ کے لئے تو Article 234 نہیں تھا ۔ لیکن پنجاب کے لئے Article 234 آ گیا ۔ جہاں constitutional machinery ختم ہو چکی ہے ۔ جہاں ایڈمنسٹریشن تباہ ہو چکی ہے ۔ جہاں کوئی قانون نہیں ہے ۔ جہاں کوئی ضابطہ نہیں ہے ۔ وہاں آپ Article 234 نہیں لاتے اور پنجاب میں لاتے ہیں ۔ صرف اس لئے کہ یہاں حکومت بدل دی جائے ۔ آپ نے پشاور کی حکومت

کو بدلا اور آپ نے پھر پنجاب کی حکومت کو بدلا ۔ کیا غیر آئینی ہتھکنڈوں سے آپ نے 234 سے ہی اپنی حکومتیں بدلنی ہیں۔ آیئے اعتماد کے ووٹ سے حاصل کیجیئے ۔ اگر لوگ آپ کے ساتھ ہیں۔ تو پھر حکومت بدلیئے ۔ ایسے حکومت نہ بدلیئے ۔ آئین کو اپنے ہاتھ میں نہ لیجیئے اور آئین کو اپنے ہاتھ میں لے کر حکومتیں بدلنے کا طریقہ غیر جمہوری ہے ۔ اور پھر یہ آپ کہتے ہیں کہ ہم جمہوریت کے علمبردار ہیں۔ کیا یہ جمہوریت ہے کہ آپ آئین کی پامالی کریںکیا یہ جمہوریت ہے کہ آپ قانون کی پامالی کریں ؟ کیا یہ جمہوریت ہے کہ جو آپ کے ساتھ ہی آدمی چلا ہے اس کو الگ کرنے کے بعد آپ پھر جناب والا! اس کو ہٹانے کے لئے ہتھکنڈے استعمال کریں۔ اور پھر جناب والا!ہوا کیا ہوا جناب یہ کہ پیپلز پارٹی بھی ہار گئی' اور جونیجو لیگ تھی وہ بھی ہار گئی ۔ دونوں ہی ہار گئے ۔ اللہ کی قدرت جناب والا! غالب ہے ۔ جب آپ کوئی بدنیتی سے عمل کریں گے تو اللہ تعالیٰ کی قدرت اور اللہ تعالیٰ کی مشیت آپ کی امداد نہیں کرے گی ۔ آپ جو کچھ پنجاب میں کرنا چاہتے تھے' وہ بھی نہ ہو سکا ۔ آپ کے وزیر اعلیٰ نہ بن سکے ۔ اور جس کو جونیجو لیگ بھی لانا چاہتی تھی ۔ وہ بھی نہ آسکا ۔ -----

جناب ڈپٹی چیئرمین۔بھنڈر صاحب ! آپ کا ایک منٹ باقی رہ گیا ہے ۔

چوہدری محمد انور بھنڈر ۔جناب والا!میں conscious ہوں ۔ جناب اصل بات تو یہ ہے کہ ان معاملات میں جب بھی وقت کی پابندی ہوتی ہے ۔ انسان بات نہیں کرسکتا ۔ اور پھر جناب یہ کس وقت کیا گیا ۔ اس وقت کیا گیا کہ جب نہ نیشنل اسمبلی in session تھی نہ سینٹ in session تھی ۔ ایک خاص طور پر یہ بدنیتی اس بات سے بھی واضح ہوتی ہے کہ نہ سینٹ ہو' نہ نیشنل اسمبلی in session ہو' اور یہ in between کرلیا جائے ۔ اور پھر جناب کتنے دنوں کے لئے آٹھ دنوں کے لئے ۔ کیا یہ ایمرجنسی آٹھ دنوں کے لئے تھی آٹھ دن کے لئے نہیں تھی۔ آٹھ دن میں وزیر اعلیٰ کو remove کرنا تھا ۔ یہ Article 234 کا اطلاق' یا اس کا جو لاگو ہونا تھا یہ جناب والا! یہ صحیح طور پر مطلوب نہیں تھا ۔ پھر جناب ایک وزیر اعلیٰ کو آپ suspend کرتے ہو' اور وزیر اعلیٰ کو suspend کرتے ہوئے suspensionمیں یہ حکم دیتے ہیں کہ تم اعتماد کا ووٹ لو ۔ جناب والا ! یہ -un

suspended وزیر اعلیٰ کو ۔ جسے پہلے آپ نے suspend کیا ۔ اور پھر کہا کہ اعتماد کا ووٹ لو ۔ constitutional ہے ۔ یہ illegal ہے ۔ کس کو کہتے ہو کہ اعتماد کا ووٹ لو۔ چاہیے تو یہ تھا کہ اگر اعتماد کا ووٹ لینا تھا تو straight away اس کو کہتے کہ اعتماد کا ووٹ لو ۔ یہ عمل بھی جو ہے یہ بھی un-constitutional ہے ۔ اور صرف اس لئے کہ یہ معطل ہوا ہوگا ۔ اس کے ساتھ کوئی نہیں جائے گا ۔ اور ہمارے ساتھ لوگ آ جائیں گے۔ اس لئے یہ کہیں گے کہ اعتماد کا ووٹ نہ لو ۔ یہ بھی بدنیتی پر مبنی تھا ۔ اور پھر جناب یہ politically motivated action تھا ۔ malafide تھا ۔ illegal تھا ۔ اور جناب میں سمجھتا ہوں کہ یہ عمل جو ہے کسی لحاظ سے بھی حکومت کے لئے ، فیڈرل گورنمنٹ کا ، یا گورنر پنجاب کا ، یا صدر مملکت کا ، صدر مملکت کو جناب والا! میں یہ عرض کروں کہ ہر بات پر نہیں کھیلنا چاہیے ۔ اور جو یہ بات کہہ دی ، ہر بات کو نہیں کرنا چاہیے ۔ یہ ان کے اختیارات تھے۔ یہ 234 انہوں نے لگائی تھی ۔ اور اس میں جناب والا! وہ may کا لفظ ہے ۔ اور پارلیمنٹ کو تو جناب والا! supersede اس لئے ، اسمبلی کو supersede اس لئے نہیں کیا کہ اسمبلی کو پھر استعمال کرنا تھا۔ وگرنہ پارلیمنٹ کو اختیارات ہوتے legislate کرنے کے ۔ پارلیمنٹ کو بھی by pass کیا گیا Provincial Assembly کو بھی نظر انداز کیا گیا ۔ اور یہ عمل جو ہے سارے کا سارا غیر قانونی ، غیر اخلاقی ، اور غیر آئینی ہے ۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین ،** شکریہ جناب ، ملک حاکمین صاحب آپ کل بولیں گے اچھا جناب ، جی جناب راجہ صاحب قبلہ۔

**راجہ محمد ظفرالحق ،** جناب چیئرمین ! یہ normally دیکھا گیا ہے کہ سوالوں کے جواب ہوں یا ہاؤس کے اندر proceedings ہوں تو اس طرح شروع کیا جاتا ہے کہ فلاں وزیر صاحب نے ایک لمبا ان کو portion دے کر کہ انہوں نے یہ کہا۔ ایک سوال کے جواب میں لیکن اپوزیشن کے جن صاحب نے سوال کیا ہو ، یا کیا سوال کیا تھا ، ان کی کیا observation تھی وہ بالکل نہیں دی جاتی ۔ اسی طریقے سے آج کی جو بحث ہے یا اس سے پہلے بھی مباحث ہوتے رہتے ہیں اس میں یہ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ اگر اخبارات cover نہ کریں سینیٹ کے proceedings کو جو آزاد اخبارات ہیں تو ٹیلیویژن وغیرہ یا ریڈیو کے اوپر پھر کچھ نہیں آتا اپوزیشن کی کوئی بات

نہیں آتی ان کا کوئی مسئلہ نہیں آتا۔ یہ مناسب نہیں ہے آپ خود ہدایات دیں کہ proceedings کو cover کرنے کے لئے وہ اس کو honestly cover کر دیا کریں۔ they do not۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ جی۔ اگلے مقرر ہیں جناب وقار احمد خان صاحب۔ اس طرف سے نہیں ہیں۔ ابھی جو راجہ صاحب نے مجھ کو نام دئیے ہیں اس میں جناب قاضی حسین احمد صاحب۔

قاضی حسین احمد: شکریہ جناب چیئرمین! میں اس بات سے اتفاق کرتا ہوں کہ آئین کے آرٹیکل 234 کے تحت President نے جو اقدام اٹھایا ہے گورنر کے مشورے سے یہ آئین کی روح کے خلاف ہے، جمہوریت کی روح کے خلاف ہے۔ اور ملک کے مفاد میں نہیں ہے نہ جمہوریت کے مفاد میں ہے۔ جناب چیئرمین! یہ بات بھی واضح ہے کہ اس کے نتیجے میں کوئی فرق بھی واقع نہیں ہوا پنجاب کی سیاست میں اور اس طریقے سے stalemate ہے اور وہی بحرانی کیفیت اس وقت پنجاب میں قائم ہے۔ حکومت اس اقدام سے جو نتیجہ حاصل کرنا چاہتی تھی وہ نتیجہ یہ تھا کہ وہاں پر مکمل اختیارات پیپلز پارٹی کے ہاتھ میں آ جائیں تا کہ پیپلز پارٹی کے کارکنوں کا جو کلچر ہے وہ اپنے کلچر کے مطابق من مانی کرسکیں۔ ان کا کلچر کیا ہے؟ جناب چیئرمین کل میں مری روڈ پر جا رہا تھا مجھ سے آگے ایک جیپ جا رہی تھی جس کی نمبر پلیٹ پر کوئی نمبر نہیں تھا۔ اس کے اوپر پیپلز پارٹی کا جھنڈا اس کی نمبر پلیٹ اس کے اوپر بڑا بڑا لکھا تھا پی پی پی اوپر پتہ نہیں کیوں سیاچن بھی لکھا ہوا تھا۔ مری روڈ پر جا رہے تھے۔ سیاچن، پیپلز پارٹی کا جھنڈا، پی پی پی یہ ایک ٹیوٹا جیپ تھی۔ میں حیران ہوں کہ اس ملک میں پولیس موجود ہے معمولی، معمولی اشاروں پر اور اشاروں کی خلاف ورزی پر لوگوں کو روکا جاتا ہے یہ کون سا قانون ہے؟ کون سا طریقہ ہے کہ نمبر پلیٹ کے بغیر صرف پیپلز پارٹی کا جھنڈا اور پی پی پی ہی کافی لائسنس ہے کہ ایک گاڑی چل سکے؟ یہ پیپلز پارٹی کا کلچر ہے۔ وہ قانون سے بالاتر ہونا چاہتے ہیں وہ کسی ضابطے کی پابندی نہیں چاہتے۔ وہ ایک ایسی حکومت کے اندر اپنے آپ کو بندشوں میں محسوس کرتے ہیں جس میں کوئی ان کے اوپر روک ہو۔ اور کوئی دیکھنے والا ہو۔ دفتروں میں جانا، بڑے افسروں کی توہین کرنا، لوگوں کی پٹائی کرنا اور لوگوں کو اپنے قاعدے اور قواعد کے مطابق کام نہ کرنے دینا اور ہر چیز اپنے ہاتھ میں لینا یہ ان کی ثقافت ہے۔ ان کا کلچر ہے۔ ان

کے اوپر ایک بہت بڑا بوجھ ہے کہ پنجاب میں کیوں ان کی سو فیصد ان کی اپنی حکومت نہیں حالانکہ پی ڈی ایف بھی ان کی حکومت ہے۔ منظور وٹو بھی ان کے ساتھ تھے۔ لیکن جس طرح کی لوٹ کھسوٹ وہ کرنا چاہتے ہیں، جس طرح کی ہٹ دھرمی وہ کرنا چاہتے ہیں، جس طرح ہر چیز کو وہ الٹ پلٹ کرنا چاہتے ہیں۔ ان میں کوئی تھوڑی سی رکاوٹ ان کو محسوس ہو رہی تھی۔ اس لئے وہ یہ چاہتے تھے کہ ہمارا اپنا ہی کوئی جیالا وزیراعلیٰ ہو اور ہماری اپنی ہی سو فیصد من مانی ہو۔

جناب چیئرمین! جو راستہ انہوں نے اختیار کیا اپنی تمام بد نامی مول لینے کے باوجود اور تمام غیر قانونی حرکات کرنے کے باوجود اور جمہوریت کی بنیادوں پر تیشہ چلانے کے باوجود ----- مولانا عبدالستار خان نیازی صاحب مجھے لقمہ دے رہے ہیں کہ آپ کہیں کہ مٹی پلید کرنے کے باوجود۔ اس کے باوجود وہ اپنا ہدف ابھی تک حاصل نہیں کر سکی ہیں اور انہوں نے پنجاب کی سیاسی صورتحال کو ایک اور crisis سے دو چار کر دیا ہے۔ یہ بحران بڑھے گا کم نہیں ہوگا۔ جناب چیئرمین! اس کا بالکل جمہوری اور آئینی طریقہ یہ تھا کہ اگر PDF کی پارٹی کو، جس میں واضح ہے کہ PPP کی اکثریت ہے، اگر PDF کو منظور وٹو کی قیادت پر اعتماد نہیں تھا تو وہ اپنی پارٹی میٹنگ کرتے اور وہ اپنے لیڈر کو تبدیل کر دیتے۔ یہ اس کا نارمل طریقہ تھا۔ PPP والے یہ جواز پیش کرتے ہیں کہ منظور وٹو نے یہ advice دے دینی تھی کہ اسمبلی کو توڑ دیا جائے اور اس کے بعد ہمارے پاس کوئی چارہ کار نہ رہتا اور نئے انتخابات ہوتے۔

جناب چیئرمین! اگر وہ وزیراعلیٰ کے اس طرح اختیارات کو چیلنج کرتے ہیں اور اس کا راستہ روکتے ہیں تو بھی صحیح نہیں ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ ان کو اپنے اوپر اعتماد نہیں ہے کہ عوام دوبارہ ان کو support کریں گے۔ وہ نئے الیکشن سے گھبراتے ہیں۔ یہ کوئی صحیح جواز نہیں ہے جو وہ پیش کرتے ہیں۔ اگر اس میں کوئی حقیقت ہے تو تب بھی کوئی جواز نہیں بنتا لیکن جو ہتھکنڈے ان کے پاس ہیں، میں ان کی موجودگی میں نہیں سمجھتا کہ منظور وٹو نے یہ advice بھی دے دینی تھی یا اس کو یہ موقع مل سکتا تھا یا وہ اس کے بارے میں سوچ سکتا تھا۔

جناب چیئرمین! یہی ڈرامہ پہلے صوبہ سرحد میں رچایا گیا۔ اور یہ طریقہ اگر اختیار کیا گیا کہ ایک اسمبلی کو معطل کر دیں اور اس کے بعد اپنی اکثریت کو یقینی بنا دیں اور اس کو یقینی بنانے کے لئے ہر حربہ استعمال کریں۔ ممبران صوبائی اسمبلی کے گھروں کا گھیراؤ کیا گیا اور ان

کو دہشت زدہ کیا گیا۔ ان کے خلاف مقدمات قائم کئے گئے۔ ان کی فائلیں کھولی گئیں اور حکومت نے اپنے تمام اداروں کو استعمال کیا۔ انکم ٹیکس کا ادارہ ہو یا پولیس کا ادارہ ہو یا FIA کا ادارہ ہو، حکومت کے پاس جتنے اختیارات ہیں ان تمام اختیارات کو استعمال کرکے اس کو یقینی بنایا گیا کہ ان کی اکثریت ہو جائے گی۔ اور خود منظور وٹو کو بھی اکیلا چھوڑنے کے لئے ان کے لوگوں کا بھی گھیراؤ کیا گیا۔ جناب چیئرمین ! اس طریقے سے PPP نے اپنے آپ کو بھی نقصان پہنچایا ہے۔ PPP کیوں برسراقتدار ہے؟ PPP اس لئے برسراقتدار ہے کہ اس نے الیکشن جیتا ہے۔ اس میں اکثریت حاصل کی۔ اگر وہ اس الیکشن کے process کو، جمہوریت کے process کو نقصان پہنچائیں گے تو وہ برسراقتدار نہیں رہ سکیں گے۔ کسی اور کی حکومت آئے گی۔

جناب چیئرمین! جمہوریت صرف یہ نہیں ہے کہ آپ نے کسی طریقے سے اکثریت حاصل کر لی اور اس کے بعد آپ سیاہ و سفید کے مالک بن جائیں ۔ صرف اس بات کا نام جمہوریت نہیں ہے۔ جمہوریت اس بات کا نام ہے کہ آپ عوام کی مرضی سے آئیں۔ انصاف کے تقاضوں کو پورا کریں۔ آئین کی جو روح ہے اس کے مطابق چلائیں۔ ہر قاعدے اور ضابطے کی اپنے آپ کو پابند سمجھیں اور اس قاعدے، ضابطے اور اس آئین کی حقیقی معنوں میں حفاظت کریں۔ اس طریقے سے جمہوریت پروان چڑھ سکتی ہے۔ اس طریقے سے باہمی مفاہمت ہو سکتی ہے۔ اور اپوزیشن کا احترام کیا جائے، ان کی بات کو تسلیم کیا جائے اور جو mandate آپ کو ملا ہے اس mandate کی حدود کی اندر رہتے ہوئے آپ اختیارات استعمال کریں۔ ظاہر ہے کہ پنجاب میں ان کو full mandate نہیں مل سکا۔ انہوں نے دوسرے لوگوں کی coalition کے ساتھ اور آزاد ممبران کو ملا کر ایک agreement کیا اور اس کے نتیجے میں ان کی حکومت بن گئی۔ ان کو ان limitations کے ساتھ ہی اپنے اختیارات استعمال کرنے چاہئیں اور ان حدود کا احترام کرنا چاہئیے۔ اگر وہ یہ نہیں کریں گے اور وہ چاہیں گے کہ مکمل اختیار، ایسا اختیار کہ وہ ہر قاعدے سے بھی نکل جائیں ہر ضابطے سے بھی نکل جائیں اور کوئی آئین ان کے راستے میں رکاوٹ نہ ہو۔ اس طریقے سے وہ ملک کو نقصان پہنچا رہے ہیں، جمہوریت کو نقصان پہنچا رہے ہیں، اپنے آپ کو نقصان پہنچا رہے ہیں۔ جناب والا! میرے پاس engineer آئے کہ ہم نے PTC میں Junior Engineers کے لئے درخواستیں دی ہیں لیکن ساڑھے تین لاکھ روپے میں ایک job ملتی ہے۔ کوئی merit نہیں ہے ۔ وزراء خود اپنے ہاتھ سے رشوت لیتے ہیں اور مجھے provincial وزراء میں بھی

ایسے لوگ معلوم ہیں اور مرکزی وزراء میں بھی ایسے لوگ معلوم ہیں جو بیچتے ہیں اور ان کے کارندے گھومتے ہیں اسلام آباد میں اور وہ رشوت لے کر لوگوں کو jobs دلاتے ہیں۔ کوئی merit نہیں ہے ' کوئی قاعدہ نہیں' کوئی ضابطہ نہیں۔ اس طریقے سے جناب چیئرمین! جمہوریت نہیں چل سکتی۔ یہ اشتعال دلا رہے ہیں۔ اگر یہ قاعدے ضابطے کے مطابق چلتے آئین کی حدود کے مطابق چلتے تو لوگ ان کے ساتھ تعاون کرنے کے لئے تیار ہوتے لیکن یہ قاعدے' ضابطے اور آئینی حدود کو پھلانگ کر اشتعال دلا رہے ہیں۔ اس طرح کی حکومت کا mandate نہیں ہے' اس طرح کی حکومت کا ان کے پاس جواز نہیں ہے ' اس طرح کی حکومت کا ان کو کوئی حق نہیں ہے کہ وہ اس طریقے سے ملک کے نظام کو چلائیں ۔ وہ یہ طریقہ اختیار کریں گے تو یہ غیر آئینی حکومت ہو گی۔ میں نے پرسوں بھی کہا غیر آئینی طریقے سے حکومت کو چلایا جا رہا ہے ۔ Judiciary اور انتظامیہ الگ ہونی چاہئیے تھی' نہیں الگ ۔ اردو کو سرکاری زبان ہونا چاہئیے تھا اس کو نہیں کیا گیا اور پھر میں کہتا ہوں پہلے میں نے کہا اس کا جواب نہیں دیا گیا کہ Article- 62, 63 کے تحت قومی اسمبلی ' سینٹ' provincial Assembly کی candidature کے لئے جو شرائط ہیں ان میں یہ شرط شامل ہے کہ وہ بڑے گناہوں سے بچتا ہو اور وہ فرائض کی ادائیگی کرتا ہو۔ سینٹ میں وزراء میں ایسے لوگ موجود ہیں جو کھلے عام شراب پیتے ہیں۔ شراب پی کر ان ایوانوں میں آتے ہیں۔ شراب پی کر وہ functions میں جاتے ہیں۔ اس میں ایسے لوگ موجود ہیں کہ لوگ کھلے عام نماز کے لئے اٹھ جاتے ہیں وہ نہیں پڑھتے۔ جناب چیئرمین! یہ آئین کا مذاق ہے ۔ اسی وجہ سے لوگوں کو اشتعال ہے ۔ آئین کے مطابق اس ملک کو چلایا جائے' قانون کے مطابق چلایا جائے ۔ اس ملک کے مسائل حل ہو سکتے ہیں۔ افہام وتفہیم پیدا ہو سکتی ہے لیکن اگر آئین کے خلاف چلایا جائے گا غیر آئینی حکومت سمجھا جائے گا' اس کو ناجائز حکومت سمجھا جائے گا اور ناجائز حکومت کو گرانے کے لئے پھر وہ حربے جائز ہو جاتے ہیں جن سے پھر ان کو تکلیف ہو تی ہے۔ کلرک آ گئے ہیں۔ انہوں نے دفعہ 144 نافذ کیا ہے۔ کیوں دفعہ 144 نافذ کیا ہے؟ کیا ان کو حق حاصل نہیں ہے کہ وہ یہاں آئیں اور اسمبلی کے سامنے مظاہرہ کریں اور اپنی demands لوگوں کے سامنے پیش کریں۔ دفعہ 144 کا کیا جواز ہے؟ کیا وہ توڑ پھوڑ کر رہے تھے؟ ان کو تشدد کا نشانہ بنایا گیا ہے۔ یہ ناجائز دفعہ 144 کا نفاذ ہے۔ یہ قانون کا ناجائز نفاذ ہے۔ آئین کے Articles کا مذاق بنانا ان کو اپنی مرضی کے مطابق توڑ مروڑ کر اس کو نافذ کرنا'

قانون کا مذاق اڑانا' ضابطوں کا مذاق اڑانا' merit کو توڑنا اور یہاں پر لاقانونیت کو اس ملک کا دستور بنانا' اس کے نتیجے میں Chaos ہو گا افراتفری ہوگی اور اس کی ساری ذمہ داری پیپلز پارٹی کی حکومت پر ہو گی۔ بہت شکریہ جناب!

**جناب ڈپٹی چیئرمین:** جی جناب آپ کا نام ہے' آپ کے لیڈر نے مجھے لسٹ دی ہے' میں اس کے مطابق چل رہا ہوں' جی جناب آپ کا نام ہے جی' جی پروفیسر ساجد میر صاحب۔

**جناب ساجد میر:** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب والا! جس طرح اس ملک میں اسلام کا نام لے کر اسلام نافذ نہ کرنے والے مجرم ہیں' اسی طرح جمہوریت کا نام لے کر غیرجمہوری روش اختیار کرنے والے بھی بہت بڑے مجرم ہیں۔ بدقسمتی یہ ہے کہ برسراقتدار پارٹی کی تاریخ ایسے غیرجمہوری اقدامات اور روش سے بھری پڑی ہے اور اگر کسی کو شک تھا تو پنجاب کے حالیہ معاملات سے وہ بالکل دور ہو جانا چاہیئے۔

جناب والا! آرٹیکل 234 کا اطلاق جو پنجاب پر کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں قائد حزب اختلاف اور دوسرے ساتھیوں نے بڑی وضاحت سے یہ بتایا ہے کہ اس کے لئے وہ آئینی و قانونی ماحول موجود نہیں تھا جس میں 234 کا اطلاق ضروری ہو چکا تھا۔ جمہوری اور آئینی راستے بند نہیں ہوئے تھے۔ عدم اعتماد کی تحریک پیش کی جا سکتی تھی۔ یا جس طرح قاضی صاحب نے کہا کہ پارٹی میٹنگ میں ایک دوسرا لیڈر منتخب کیا جا سکتا تھا' یہ تمام آئینی اور قانونی راستے موجود تھے ان کے ہوتے ہوئے 234 کا اطلاق کر کے سراسر غیر ضروری اور غیر اخلاقی روش اختیار کی گئی۔ اور جناب والا! اس آرٹیکل کے اطلاق کے بعد جو حالات پیدا کئے گئے اور جس طریقے سے اپنی مرضی کا وزیراعلیٰ لانے کی کوشش کی گئی' اس میں اگرچہ ناکامی ہوئی' لیکن جو طریقے اختیار کئے گئے وہ بھی سراسر غیرضروری اور غیرآئینی' سرکاری اداروں' سرکاری وسائل' جبر دھن' دھونس' دھاندلی کا بے دریغ' بے محابہ اور brazen faced قسم کا استعمال اس واقعہ میں ہوا ہے۔ ہم جانتے ہیں کہ کس طرح سے لاہور کے سروسز ہوٹل پر حکومتی اداروں نے قبضہ کیا' ارکان کو لانے کی ذمہ داری انٹیلیجنس کے افسران کو سونپی گئی' ایف آئی اے اور پنجاب پولیس ان کی مدد کے لئے موجود تھے۔ ارکان اسمبلی کو پکڑ پکڑ کر گورنر کی خدمت میں' وزیراعظم کی خدمت یں' وزیر اعظم کے شوہر کی خدمت میں پیش کیا گیا۔ اسی طرح بنک افسران کو کروڑوں روپے کے بریف کیس

لانے پر مجبور کیا گیا اور الائیڈ بنک اور دوسرے بنکوں کے جو سربراہ ہیں، حکومت کے مجبور کرنے پر ان کا ساتھ دیتے رہے۔ ارکان کی "وفاداریاں تبدیل کرنے کے لئے ہر ممکن طریقہ، ہر ممکن جتن اختیار کیا گیا۔ ہمارے قومی اسمبلی کے ممبر جناب اعظم طارق پر جو مقدمات تھے، قطع نظر اس کے کہ وہ درست تھے یا غلط تھے، لیکن اس کے لئے تو کل تک یہ کہا جا رہا تھا کہ وہ اتنے سنگین ہیں کہ ان کے لئے ان کو امریکہ کے حوالے کرنا پڑے گا۔ لیکن اب انہیں پورے پروٹوکول کے ساتھ وزیراعظم کی خدمت میں لایا گیا اس لئے کہ ان کی جیب میں دو ووٹ تھے، جنہیں حاصل کرنا ضروری تھا اور ان کی ضمانت بھی لی گئی۔ اسی طرح مسلم لیگ اور وٹو صاحب کے حامیوں کی گرفتاریاں ان پر دباؤ اور دوسری طرف ان کے لئے تحریص اور ترغیب کے جال بچھائے گئے تا کہ وہ اپنی وفاداریاں تبدیل کریں۔ راولپنڈی سے جو ایم پی اے ہیں ان کے بھائی اور بیٹے پر دباؤ ڈالا گیا اور ان کو گرفتار کیا گیا کہ وہ اپنے بھائی سے وفاداری تبدیل کرنے کے لئے کہیں۔ ڈی سی نارووال نے، ڈی سی گوجرانوالہ نے، ایس ایس پیز نے اس سارے آپریشن میں حصہ لیا۔ جناب والا! چھوٹے افسران کی تو کیا بات ہے کہ یہاں پر تو صوبے کے چیف سیکرٹری کو اسی لئے لایا گیا تھا کہ وہ بندوں کو قابو کر کے بڑے لوگوں کی خدمت میں پیش کریں گے اور ان سے ووٹ حاصل کریں گے۔ اسی طرح اخبارات میں آچکا ہے کہ ایک مقتول ایکٹریس کے شوہر کو مقدمہ قتل کا ڈراوا دے کر کہا گیا کہ فلاں ایم پی اے تمہارا دوست ہے کہ اس کو پکڑ کر لاؤ پھر تمہاری جان چھوٹے گی اور صوبے کے گورنر اس حد تک گئے کہ ایس پیز اور ڈی ایس پیز کو انہوں نے بلا کر کہا کہ فلاں ایم پی اے تمہارا بھائی ہے یا تمہارا زیراثر ہے اگر وہ نہ آیا تو پھر تمہاری نوکری ختم ہو جائے گی۔ گوجرانوالہ کے جو مسلم لیگ کے MPAs ہیں ان کی فیکٹریاں سیل ہوئیں، شکرگڑھ، نارووال اور فیصل آباد کے جو ایم پی اے ہیں ان کو کروڑوں کی پیش کش ہوئی۔ جناب میں سمجھتا ہوں کہ ان واقعات کے قطع نظر ایک ہی واقعہ اس حکومت کے حامیوں اور ان لوگوں کی آنکھیں کھولنے کے لئے کافی ہے جو اسے جمہوریت کے دعویدار اب بھی سمجھتے ہیں۔ صرف ایک ہی واقعہ ۸ اور ۹ ستمبر کی درمیانی رات کو اس ملک میں ہمارے جو بابائے جمہوریت کہلانے والے جناب نوابزادہ نصراللہ خان صاحب کا دروازہ کھٹکھٹایا جاتا ہے۔ دو اڑھائی بجے شب ان کو بیدار کیا جاتا ہے۔ اور ان کی پارٹی کا ایک ایم پی اے کہتا ہے کہ جناب، میں ملک کے مرد اول کے چنگل سے، ان کے جال سے بچ کر بڑی مشکل آیا ہوں۔ خدا کے لئے مجھے پناہ دیں ورنہ مجھے

وہ پھر اٹھا کر لے جائیں۔ یہ واقعہ ہی اس حکومت کے منہ پر کالک ملنے کے لئے اور ان کی جمہوری روش کو غلط ثابت کرنے کے لئے کافی ہے اور ان تمام واقعات میں اس حکومت کے دعوؤں کی کلی طور پر تردید کی ہے کہ وہ ایک عوامی اور جمہوری حکومت ہے۔ اسی لئے جناب میں نے ایک موقع پر کہا تھا کہ انہوں نے اصل میں دو دستانے پہنے ہوئے ہیں ایک پر عوامی حکومت لکھا ہے اور دوسرے پر جمہوریت لکھا ہے اور انہی دو دستانوں سے وہ اس ملک میں جمہوریت کا گلا گھونٹنے کی کوشش کر رہی ہے' اداروں کا تقدس ختم کرنے کی کوشش کر رہی ہے جناب ان واقعات کے ہوتے ہوئے ایک عام آدمی جمہوریت پر کس طرح اعتبار کر سکتا ہے۔ وہ کس طرح یقین کر سکتا ہے کہ اس ملک میں جمہوریت کام کر رہی ہے۔ اس کا اس ملک پر' اس ملک کے مستقبل پر خدانخواستہ اور جمہوریت پر سے اعتبار ختم ہو جائے گا۔ ان واقعات سے وہ یہ سمجھنے پر مجبور ہو جائے گا کہ ملک جمہوریت کے لئے نہیں بنا۔ کیا یہی خدمت انجام دے رہے ہیں جمہوریت کی کہ ایک عام آدمی سے لے کر پڑھے لکھے دانشور تک یہ سمجھنے پر' یہ کہنے پر مجبور ہو جائیں کہ اس ملک میں جمہوریت چل ہی نہیں سکتی۔ یہاں جو حکومت آتی ہے یہ کہتے ہیں کہ فلاں نے بھی یہ کیا' فلاں نے بھی یہ کیا' لیکن ان کا دعویٰ تو جمہوریت کا ہے۔ یہ تو جمہوریت کے چیمپئن ہیں۔ ان کو کم از کم اس قسم کے اقدامات' یہ روش زیب نہیں دیتی اور اگر یہ روش جاری رہی تو اس ملک میں جمہوریت کا خدا حافظ ہے۔ اور اس ملک میں جمہوریت کا قطعاً کوئی مستقبل نہیں۔ اگر اس طرح کے اقدامات جس طرح کے پنجاب میں کئے گئے ہیں' اسی طرح کے اقدامات ہوتے رہے اور اس کے ساتھ جمہوریت کے دعوے بھی ہوتے رہے۔ جناب' میں نے ایک موقع پر یہ بھی کہا تھا مجھے یاد ہے کہ الفاظ کا بھی ایک تقدس ہوتا ہے جمہوریت کے لفظ کا تقدس انہوں نے پامال کیا ہے۔ اس سلسلے میں سقراط کی مثال دی تھی کہ عین اس وقت جب کہ وہ زہر کا پیالہ لے کر اپنی جان دینے والا تھا اس نے اپنے شاگردوں کو الفاظ کے غلط استعمال پر ٹوکا تھا اور یہ کہا تھا کہ میرے بچو الفاظ کا ایک تقدس ہوتا ہے ان کے معنی اگر ختم ہو جائیں تو سب کچھ ختم ہو جاتا ہے انہوں نے جمہوریت کے لفظ کے معنی ختم کئے ہیں۔ جمہوریت کا نام لے کر ایسی غیر جمہوری روش اختیار کی جس سے لوگوں کا جمہوریت پر سے اعتقاد اٹھ گیا ہے اور جمہوریت کا لفظ اپنے معنی کھو چکا ہے اور وہی بات ہو چکی ہے کہ

خرد کا نام جنوں رکھ دیا جنوں کا خرد
جو چاہے آپ کا حسن کرشمہ ساز کرے

اور پھر اس پر اصرار یہ ہے کہ اس سراسر غیر آئینی ' غیر اخلاقی اور غیر جمہوری روش کو ہم جمہوری روش سمجھیں اور انہیں جمہوریت کا علمبردار قرار دیں کہ

یہ حکم ہے کہ اندھیرے کو روشنی سمجھو
اور ملے نشیب تو کوہ دامن کی بات کرو

شکریہ۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** شکریہ' جناب ساجد میر صاحب ۔ میں دعوت خطاب دوں گا عبدالرحیم خان مندوخیل کو۔

**جناب عبدالرحیم خان مندوخیل :** جناب چیئرمین! میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے موقع دیا کہ ہمارے ملک کے ایک بہت اہم آئینی ' سیاسی مسئلے پر جو آج سینٹ میں اس پر بحث ہو رہی ہے اس میں میں اپنے اور اپنی پارٹی کی طرف سے ملک کی جمہوری عوام کی طرف سے جناب والا! معروضات پیش کروں۔ جناب چیئرمین! میں پہلے تو اپنے اپوزیشن میں جو ہمارے محترم سینیٹرز صاحبان کی جنہوں نے اپنے نکات پیش کئے ان کے بنیادی آئین کے حوالے سے جمہوریت کے حوالے سے ان نکات کی تائید کرتے ہوئے اپنی طرف سے کچھ اضافہ کروں گا۔ جناب چیئرمین' بڑا افسوس اس بات پر ہوتا ہے کہ ہمارے ملک میں جمہوریت کے لئے جتنی ہم نے قربانیاں دی ہیں اور بڑی مشکل سے ایک آئینی خاکہ اس میں جمہوری اصول کے تحت یہاں پر پارلیمانی' فیڈرل پارلیمانی حکمرانی کا ایک نظام بنا ہے۔ تو ذمہ داری ان پارٹیوں کے زیادہ بنتی ہے جو یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ ہم نے جمہوریت کے لئے جدوجہد کی ہے بلکہ جب بھی یہاں کوئی مسئلہ اٹھتا ہے تو ایسے حضرات ہوتے ہیں کہ سب سے پہلے یہی بات کرتے ہیں کہ ہم نے کوڑے کھائے ہیں اور ہم نے یہ کیا ہے۔ اگر واقعی ہم اس کے بارے میں اتنے سنجیدہ تھے واقعی جمہوریت کے لئے ہم نے قربانیاں دی تھیں تو آج جو جمہوریت کا خون کیا جا رہا ہے ہر عمل میں 'کم از کم اس میں ہمارے دوست شریک نہ ہوتے لیکن ہم دیکھتے ہیں جناب والا! گورنمنٹ پارٹی بڑی مطمئن ہے اس بات پر جب کہ تمام پاکستان کے عوام آج یہ جو عمل انہوں نے کیا ہے یا پشتون خواہ صوبے کے خلاف انہوں نے کیا کہ ایک آمبلی ' ایک گورنمنٹ ' چونکہ وہ گورنمنٹ اور

پارٹیوں کی تھی' اسلام آباد میں برسر اقتدار پارٹیوں کی نہیں تھی تو انہوں نے آئین کا غلط استعمال کیا malafide استعمال کر کے یعنی ایک طرف وہ پارٹی پیپلز پارٹی اور اس پیپلز پارٹی کے لیڈر اور دوسری طرف ہمارے ملک کے صدر جن کا جمہوریت کے لئے دعویٰ تھا وہ یہی عمل کریں جو کہ ایک پولیس آفیسر کرتے ہیں ۔پولیس آفیسر کا کیا کام ہوتا تھا ؟ پولیس آفیسر بظاہر تمام قانونی جواز بنا کر لیکن ان تمام دفعات' قواعد' قوانین کے اصول جو ہوتے ہیں بظاہر صحیح کر کے اندر سے عمل مسخ کر کے وہ رکھتے تھے ۔ آج آئین کے بارے میں ہمارے صدر صاحب یہ کر رہے ہیں آئین کے بارے میں ہماری گورنمنٹ یہ کر رہی ہے ۔ ایک بار ایک صوبے کو اور اس کی گورنمنٹ کو انہوں نے ختم کیا اور افسوس کی بات یہ ہے کہ جیسے یہاں قاضی صاحب نے فرمایا حکومت کے اختیار میں جو کچھ تھا خواہ پیسے کا استعمال خواہ وہ کسی محکمے کا استعمال تھا ہر محکمے کا استعمال کیا کہ وہ لوگ اپنی رائے کے خلاف اپنے ارادے کے خلاف اپنے عوام کے دیئے ہوئے مینڈیٹ کے خلاف ووٹ ڈالیں یعنی اس سے بڑی واضح طور پر آئین کی خلاف ورزی جمہوریت کی خلاف ورزی ہوتی ہے اور اگر میں صاف کہوں خیانت کی ہے اور یہ خیانت ان لوگوں نے کی ہے ۔ اس کے بعد آپ کو معلوم ہے یہی دعویٰ کرتے تھے پیپلز پارٹی والے کہ فلور کراسنگ ہم نہیں چھوڑیں گے ۔ ہمارے اقبال حیدر صاحب ہمارے محترم دوست' ہمارے ساتھی مسلسل یہ نعرے لگایا کرتے تھے لیکن جب ان کی حکومت آئی تو معین قریشی جس کو یہ لوگ کہتے تھے کے ایجنٹ ہے باہر سے آیا ہے اس نے فلور کراسنگ کا قانون بنایا تھا لیکن انہوں نے اس کو چھوڑ دیا۔ فلور کراسنگ کو کیوں ؟ اس لئے کہ یہ پارلیمنٹ کے ممبروں کو خرید سکیں' اس لئے کہ یہ آسمبلی کے ممبروں کو خرید سکیں' اور اپنا ناجائز استعمال کر سکیں طاقت کا ' یہاں کون ہے ایسا شخص ' ہم نہ پیغمبر ہیں نہ ولی اللہ ہیں۔ ہم عام لوگ ہیں آج بھی اگر مجھے اقتدار دے دیں اور اسی وٹو صاحب کو اگر آپ اقتدار دیتے اور وہاں اقتدار میں بیٹھے ہوتے تو ہر قسم کا فیصلہ آپ کے خلاف کروا سکتے تھے ۔ ہم کمزور لوگ ہیں اور انسان ہیں اور آپ انسان کی ان کمزوریوں سے فائدہ اٹھاتے ہیں اور یہاں آکر اس طرح بیٹھ جاتے ہیں کہ جیسے کوئی بات نہیں ہوئی جناب والا !یہاں افسوس سے کہوں گا کہ ان لوگوں نے یعنی وہ پارٹی جو ہمارے ساتھ ایم آر ڈی میں تھی اور جمہوریت کی بحالی کے لئے جدو جہد کی اس پارٹی نےکم از کم جب وہ برسر اقتدار آئی تو انہوں نے آئین کی ہر پروویژن کی عملاً خلاف ورزی کی۔ میں اگر یہ کہوں کہ انہوں نےصرف آئین کو ایک کارٹون کی

شکل میں رکھا۔ اس کی روح کے خلاف' اس کے اصولوں کے خلاف ایک کارٹون کی شکل میں یہ آئین ہے' میں نے دے دیا ہے ۔ آپ کو' پنجاب میں کیا ہوا یہ وہی وٹو جس وٹو نے جب اس کی گورنمنٹ تھی' اسلام آباد کی گورنمنٹ نے انہیں کہا کہ آپ اعتماد کا ووٹ لیں' آپ نے اس کی پروٹیکشن کی۔ پارلیمنٹ میں اس پر بحث ہوئی اور ایک ریزولیوشن پاس ہوا اور اسی 234 کے تحت ایک ریزولیوشن پاس ہوا۔ اسی کو 234 کہہ رہے تھے کہ ریگولیشن پاس ہوا اور اس کو کہا کہ آپ اعتماد کا ووٹ لیں لیکن غلام اسحاق خان نے اور میرے محترم الطاف حسین چوہدری نے جس کا ہم بڑا احترام کرتے تھے ۔ انہوں نے آئین کے آرٹیکل 234 آرٹیکل پر پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں جو بحث ہوئی تھی ۔ اس کو روکا ۔ یہ وہی وٹو تھا کیونکہ ان کے کام آیا ۔ یہ وٹو جب اس نے تمام پارلیمنٹ کو گرایا ۔ یہ وٹو جس نے اپنی تمام پارٹی کو تقسیم کر دیا ۔ یہ وہی وٹو تھا جس نے انہیں صدر بنایا ۔ یہ وہی وٹو تھا جس نے انہیں سپیکر بنایا ۔ یہ وہی وٹو تھا جس نے انہیں وزیر اعظم بنایا ۔ جب ان کے لئے یہ مسئلہ پیدا ہوا کہ مکمل پنجاب کے صوبے میں ان کا اختلاف ہے تو یہ صورت حال پیش آئی ۔ اس کا رد عمل ان کے راستے میں حائل ہوا ۔ اس وٹو کو پھر انہوں نے اس 234 کے غلط استعمال سے ----- یہ کہتے ہیں کہ صدر نے ۔ بڑا افسوس ہوتا ہے صدر پر ۔ ایک جمہوری آدمی جس نے 30,40 سال کام کیا ہو سیاست میں' جمہوریت کے لئے اور اس نے کہا کہ مجھے علم ہے ۔ بڑا افسوس ہوا جب میں نے ریڈیو پر سنا اور اس نے T.V پر کہا کہ میں بھی اس سے مطمئن ہوں ۔ آپ کیسے مطمئن ہیں ؟ آپ کے پاس اعتماد کے ووٹ کا ' اور کوئی قانونی ' آئینی جمہوری راستہ نہیں تھا ؟ آپ کے گورنر کے پاس اعتماد کا ووٹ لینے کا کوئی طریقہ نہیں تھا ؟ آپ کے پاس تھا لیکن آپ نے کیا کیا ؟ آپ جانتے تھے کہ اگر وٹو وزیر اعلیٰ ہے ۔ آپ جانتے تھے کہ وہ اعتماد کا ووٹ لے اور اگر آپ یہاں یہ دلائل دیتے ہیں کہ وہ اسمبلی کو توڑنا چاہتے تھے تو پھر وہ جب باہر تھے تو پھر آپ ان کو پہلے سے خط لکھ دیتے ۔ آپ نے اس کو کیوں خط نہیں لکھا کہ آپ اعتماد کا ووٹ لیں ؟ ایک دن وہ یورپ سے جب یہاں پہنچا اور آپ کہتے ہیں کہ وہ ایک دن میں اسمبلی کو توڑنا چاہتے تھے اور قاضی صاحب کی بات درست ہے ۔ اگر وہ اسمبلی کو توڑنا چاہتے تھے ۔ یہ جمہوریت کا بنیادی اصول ہے ۔ آپ کہتے ہیں کہ اس دن بے نظیر بھٹو نے کہا کہ میں چاہتی ہوں کہ کبھی خیال آتا ہے کہ میں الیکشن کراؤں تو جب وٹو صاحب نے جو اس کو مینڈیٹ ملا تھا۔ اس مینڈیٹ کے مطابق جب اسے علم ہوا کہ فرض

کیا میری پالیسیوں کے خلاف ان پالیسیوں کے لئے دوبارہ مینڈیٹ لوں گا تو اسے موقع ملنا چاہیے ۔ کیا بات تھی کہ آپ نے اس کے خلاف ۔ آپ کہتے ہیں کہ وہ اسمبلی کو توڑنا چاہتے تھے ۔ بات یہ تھی کہ آپ نے آئین کا غلط استعمال کیا اور اس کے بعد ہم جانتے ہیں ۔ آپ نے آئین کے ساتھ مذاق کیا اور اپنے آپ سے مذاق کیا ۔ آپ کا کیا خیال ہے کہ عوام ان باتوں کو نہیں سمجھتے ۔ کیا خیال ہے کہ جب آپ لاہور میں بیٹھی تھیں اور جب آپ کے وزیر صاحبان اپنے اسمبلی کے ممبروں کو بھیڑوں کی طرح ' ریوڑ کی طرح' یہاں ادھر ادھر لے جا رہے تھے ۔ عوام آپ پر ہنس رہے تھے ۔ آپ نے آئین کو اتنا مسخ کیا ' آپ نے آئین کی شکل بگاڑ دی ۔ اس کے باوجود آپ کہتے ہیں کہ جی ہم پانچ سال حکومت کریں گے ۔ آپ کو علم ہے کہ جمہوریت ایک کل ہے ؛ جمہوریت ایک خول ہے ۔ ایسا نہیں ہو سکتا کہ جب جمہوریت کے دوسرے اصول آپ نہ مانیں ۔ ایک اصول اپنے لئے مانیں کہ میرے لئے جمہوریت کے اصول کے مطابق پانچ سال ہیں ۔ باقی جمہوریت کا میں کوئی اصول نہیں مانتی ۔ باقی آئین کا میں کوئی اصول نہیں مانتی ۔ ایک اصول مانتی ہوں کہ میں پانچ سال رہوں گی ۔ اگر آپ پانچ سال کا اصول مانتے ہیں تو آپ کو جمہوریت بھی ماننی پڑے گی اور اگر آپ جمہوریت کو نہیں مانتے تو پانچ سال والا اصول عوام نہیں مانے گی اور آپ کو گرائیں گے ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ وقت کا بھی خیال کریں۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل۔ جناب والا! اصل میں یہاں پر ایک بنیادی حقیقت کے بارے میں بڑا افسوس ہوتا ہے ۔ یہ ایسا نہیں ہے ۔ یہ سادہ مسئلہ نہیں ہے کہ ایک ایسا یعنی کوئی لا تعلق سا مسئلہ ہے اور اس کے بارے میں کوئی قانونی مشکل نہیں ہو گی ۔ نہیں یہ جمہوریت کا مسئلہ ہے ' یہ ملک کی ترقی کا مسئلہ ہے ۔ جب آپ یہ طریقے اختیار کریں گے جیسا کہ ہمارے دوستوں نے کہا کہ آپ کا ایک ایک عمل غیر جمہوری اور آئین کا غلط استعمال ہے تو اس طرح آپ ملک کو بڑے خطرناک راستے پر لے جا رہے ہیں اور اپنی پارٹی کو غلط راستے پر لے جا رہے ہیں۔ جناب والا بڑا افسوس ہوتا ہے ' چند چیزوں کا ذکر یہاں نہیں ہونا چاہیئے تھا لیکن ہو گا کہ یہ کہتے ہیں ہماری coalition ' کون سی coalition آپ نے ایک اتحادی کی پارٹی توڑی ' یہ کون سے moral میں ہے 'سیاسی پارٹیوں کے alliance میں کہ آپ ایک اتحادی کی پارٹی کو توڑیں

اور اتحادی کی پارٹی میں سازش کر کے باقاعدہ ان میں سے اپنے ساتھی ڈھونڈیں، یہ آپ کس جمہوری سیاست میں کر سکتے ہیں، یہ آپ نے کیا۔ بلکہ بڑا افسوس ہوتا ہے محترم چٹھہ صاحب پر کہ اس کے باوجود کہ انہوں نے اپنی پارٹی پہلے بھی توڑی اور بعد میں بھی توڑی، آج بھی وہاں خوش بیٹھے ہوئے ہیں۔ جب یہ ہم کرتے ہیں تو واقعی آمریت کے علمبردار ہیں، آپ اخباروں میں دیکھتے ہیں کہ وہ کہتے ہیں کہ سیاسی لوگ جو ہیں، حمید گل جیسا آدمی جو خود جاسوس تھا، وہ کہتا ہے میں سیاسی لوگوں کے گلے میں ہاتھ ڈالوں گا، سیاسی لوگوں کے گلے میں وہ کیسے ہاتھ ڈال سکتا ہے، جمہوریت کے علمبرداروں کو وہ اس لئے ہاتھ ڈال سکتا ہے کہ ایسے غلط اقدامات آپ کریں، آپ نے سیاستدانوں کو بدنام کیا، آپ نے جمہوریت کو بدنام کیا، تو ایسے لوگوں میں آج عمران خان بھی پیدا ہوتا ہے، ایک عام کرکٹر، وہ کہتا ہے میں سیاستدانوں کے گلے میں ہاتھ ڈالوں گا، یہ بڑی توہین ہے، لیکن یہ توہین کون کروا رہا ہے، یہ ایک غیر جمہوری عمل ہے، آپ کا یہ عمل کہ جمہوریت کے خلاف، آپ کا یہ عمل کہ آپ نے لوگوں کو شہید بھی کروایا، بہت لوگ مارے بھی گئے، اس کے بعد بھی آپ وہی کام کر رہے ہیں جو جنرل ضیاء الحق نے کیا، وہی کام کر رہے ہیں جن پر کہ الزامات ہوتے تھے، ہم کہتے تھے کہ غلط کام کر رہے ہیں، پھر تو یہ غیر سیاسی لوگ justified ہو جائیں گے، یعنی بظاہر justified ہو جائیں گے کہ سیاستدانوں کے گلے میں ہاتھ ڈالیں۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین۔** خان صاحب شکریہ آپ کی بہت بہت مہربانی۔

**جناب عبدالرحیم خان مندوخیل۔** جناب والا میں نے آپ کا اور ہاؤس کا ٹائم لیا اور دوستوں نے مجھے سنا، میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں، بہرصورت میں یہ بات تکرار سے کہتا ہوں کہ جمہوریت کل ہے، صرف ایک item پانچ سال والی جمہوریت نہیں ہے، جب آپ جمہوریت کو تسلیم کریں گے تو آپ کا یہ نقطہ بھی تسلیم ہو گا اور اس کے ساتھ جو کچھ آپ نے فیڈرل سسٹم کے ساتھ کیا اور جو آپ نے جمہوریت کو مسخ کیا، اس کی سزا آپ کو ملے گی، ایسا نہیں ہے، یہاں یہ کہتے ہیں کہ retrace کرو، اپنے عمل کو سوچو، اقتدار کے نشے میں یہ عمل چھوڑ دو۔ مہربانی۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین۔** شکریہ جی۔ جناب فتح محمد خان صاحب۔

**جناب فتح محمد خان۔** چونکہ اس پر باتیں بہت تفصیل سے ہوئی ہیں اور کافی جو اندر

کی باتیں تھیں وہ بھی سارے لوگوں کو معلوم تھیں ' ہمارے سینئیر صاحبان کو ' اور انہوں نے اچھی طرح سے اس پر روشنی ڈالی ' میں اپنی طرف سے صرف اتنا کہہ سکتا ہوں کہ چونکہ یہ ایک بڑا غیر جمہوری اقدام تھا اور غلط ' غیر آئینی ' غیر قانونی اور غیر اخلاقی تھا ' اس لئے میں اپنے ساتھیوں کے ساتھ ان کے جو الفاظ ہیں میں ان میں مکمل طور پر شریک ہونا چاہتا ہوں اور ان کی حمایت کرتا ہوں۔ لیکن اس میں تھوڑی سی بات یہ ہے کہ ہمیں ان چیزوں پر سوچنا ہوگا کہ آخر ایسا کیوں ہو رہا ہے ' اگر ہم تھوڑا پیچھے نظر ڈالیں تو غلام محمد سے شروع کر کے آج تک پہنچ جائیں کہ کوئی حکومت ایسی نہیں گزری کہ جس نے اسمبلیوں کو نہیں توڑا اور جس نے کسی بھی اسمبلی کو اپنی معیاد پوری نہیں کرنے دی ' غلام محمد نے اسمبلی توڑ دی پھر اس کے بعد مارشل لاء لگ گیا' پھر اس کے بعد ضیاء الحق نے اپنی ہی اسمبلی کو غیر ضروری طور پر ' بغیر کسی جواز کے ' بغیر کسی وجہ کے' اس کے بعد غلام اسحاق خان نے دو دفعہ غیر ضروری طور پر ' غیر آئینی طور پر ' اسمبلیاں توڑ دیں' تو یہ اس ملک کا ایک فیشن سا بنا ہوا ہے کہ جتنی بھی اسمبلیاں ہوں ان کو توڑ دیا جائے ' تو یہ ایک بہتر کام تصور کرتے ہیں ' اس طریقے سے ہمیں یہ سوچنا ہے کہ اس سے ہمیں کیسے چھٹکارا حاصل ہو سکتا ہے اور اس کے نتیجہ میں اتنی خرابیاں ملک میں آئی ہوئی ہیں کہ اکثر میرے دوست باہر بھی کہتے رہتے ہیں اور یہاں پر بھی یہ بات ہوتی ہے کہ اس ملک کا کیا حشر ہو گا۔ لوگ نہیں سمجھتے کہ اس ملک کے ساتھ کیا ہوگا۔ مجھے یہ بتانے کی ضرورت نہیں ہر ایک کو اچھی طرح سے معلوم ہے کہ رشوت ستانی میں اس ملک کا نمبر one ہے ۔ بددیانتی میں آپ دیکھیں ہم بحیثیت من حیث القوم کس حد تک بددیانت ہو گئے ہیں ۔ کس حد تک اقرباء پروری ہے' کنبہ پروری ہے ' خویش پروری ہے ' ذاتیات ہیں ' مفادات ہیں اور ملک کی طرف کسی کا رجحان ہی نہیں جاتا کہ اس ملک کے ساتھ ہم کیا کر رہے ہیں اور اس کے نتیجے میں بات بڑھتے بڑھتے آج اس حد تک پہنچ گئی ہے کہ ممبرز آف دی پارلیمنٹ کو بھی فنڈز ملتے ہیں۔ فنڈز کا کیا مطلب ہے ؟ فنڈز کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ اس میں ضرور کچھ کیا جائے اور صرف ایک قسم کی ہوتی ہے کہ وہ اپنے آپ کریں self-financing scheme ۔ اگر وزیر بھی بن جاتے ہیں تو وہ بھی ایک قسم کی ان کو self-financing scheme کے تحت اختیار دیا جاتا ہے کہ جتنا ہو سکے اپنے آپ کے لئے کر لیں ۔ یہ ساری خرابیاں جڑ پکڑتی رہتی ہیں اور نوبت اس حد تک پہنچ گئی ہے کہ سوشل ایکشن پروگرام کے نام سے ایک تباہ کن چیز بن گئی ہے جس میں لوٹ

کھسوٹ اور پیسوں کی خرد برد کے علاوہ اور کچھ نہیں ہو رہا۔ اسی طریقے سے پیپلز پروگرام میں-- اس سے پہلے بھی جو پروگرام جنہوں نے بھی بنائے تھے ان میں بھی یہی طریقہ تھا یہ اب پہلے والے پر مزید improvement ہوتی جا رہی ہے۔ کون نہیں جانتا کہ عشر زکواۃ کے نام سے جو پیسے ملتے ہیں اس میں کیا ہو رہا ہے؟ یہ کس کو پتہ نہیں کہ بیت المال میں کیا کچھ نہیں ہو رہا؟ کیا اسلام میں بیت المال اور عشر و زکواۃ کا یہی مطلب ہے جو ہم نے یہاں پاکستان میں لیا ہوا ہے۔ چونکہ اس ملک کا رجحان پیسوں کی طرف لگا ہوا ہے اور غیر جموری طریقوں پر لگا ہوا ہے اور غیر آئینی طریقوں سے حکومتوں کو توڑنے پر لگا ہوا ہے۔ اس لئے ہمیں ان باتوں پر سوچنا چاہیئے۔

جب سے پاکستان بنا ہے بدقسمتی سے جمہوریت کے نام سے کوئی آشنا نہیں تھا اس لئے ابتداء ہی سے یہاں جمہوریت صحیح طور پر نہیں چلی۔ جمہوریت کے لئے بنیادی چیز پارٹی ہوتی ہے اور عوام میں پارٹی کی جڑیں ہوتی ہیں اور عوام میں صرف وہی لوگ آگے آ جاتے ہیں جن کو قوم اور ملک کا درد ہوتا ہے جو ملک اور قوم کے لئے کچھ کرنا چاہتے ہیں۔ جن میں جذبہ ہوتا ہے وہی لوگ آگے آتے ہیں اور ہمارے گزشتہ سینتالیس سال سے جتنے لیڈر آئے ہیں اگر آپ ان پر نظر دوڑائیں تو سارے یا مارشل لاء کی پیداوار ہیں یا کوئی بڑے بڑے مالدارقسم کے لوگ ہیں چونکہ وہ اپنے لئے پارٹی بنا بھی سکتے ہیں اور چلا بھی سکتے ہیں تو ان کی پارٹی بن جاتی ہے اور پھر ہم سوچتے ہیں کہ یہ جمہوریت ہے اورجمہوریت میں ہم کیسے چل رہے ہیں' اچھے چل رہے ہیں یا برے چل رہے ہیں۔ جب اس طریقے کی جمہوریت ہو تو وہ صحیح کیسے چلے گی۔ اس کے لئے بنیادی چیز ایک پارٹی سسٹم ہوتا ہے اور اس سسٹم کے تحت اگر لوگ آ جاتے ہیں تو ان کو قوم اور ملک کا درد اتنا ہوتا ہے کہ وہ اپنا سارا وقت اور اپنی ساری صلاحیتیں لوگوں کی خدمت میں گزار دیتے ہیں اور یہاں پر ہمارے ہاں جس کی حکومت بھی بن جاتی ہے اس میں جتنی بھی صلاحیت ہوتی ہے وہ ساری کی ساری اربوں ڈالر باہر کے ممالک میں منتقل کرنے میں صرف کر دیتا ہے کہ اپنے دوسرے سیاسی حریف سے بڑھا کر کتنے ارب کھرب ڈالر باہرمنتقل کر لوں۔ اس طریقے سے قوم کی خدمت نہیں ہو سکے گی۔

دوسری بات یہ ہے جس کی حکومت بن جاتی ہے تو وہ اس وقت قوم اور ملک کی خدمت میں لگ جاتے ہیں اور آپس میں پارٹی بازی اور ایک دوسرے کو گالی گلوچ اور ایک دوسرے کو برا بھلا کہنا چھوڑ دیتے ہیں۔ اور اپوزیشن والے بھی ان کو تسلیم کر لیتے ہیں کہ چلیں یہ اپنی

میعاد پوری کر لیں لیکن ساتھ ہی ساتھ تعمیری تنقید کرتے رہتے ہیں اور لوگوں کو بتاتے ہیں کہ اگلی دفعہ اگر ہماری باری آ گئی تو ہم ان سے ان ان چیزوں میں بہتر کردار ادا کریں گے ۔ لیکن ہماری اپوزیشن اور حکومت ایسی ہوتی ہے کہ دو، دو، تین، تین سال لگ جاتے ہیں اور قانون سازی نہ ہونے کے برابر ہوتی ہے اور جو قانون سازی ہوتی ہے وہ برائے نام ہوتی ہے ۔ ہمارا انحصار آرڈیننسوں پر ہے اور اسی وجہ سے آٹھ، آٹھ، دس، دس مرتبہ آرڈیننس آ جاتے ہیں۔اسمبلیوں اور سینٹ کی تو ان کو اتنی جلدی ہوتی ہے کہ وہ میعاد کے دن ہیں 90 دن صرف وہ پورے ہو جائیں اور اس کو پورا کرنے کے لئے وہ اکثر جمعہ اور ہفتہ کو درمیان میں رکھ لیتے تا کہ وہ دن پورے ہو جائیں 90 دن پورے ہو جائیں اور یہ گھر چلے جائیں تو اگر یہی ہمارا عمل رہا تو پھر ہم کیا توقع کر سکتے ہیں کہ اس ملک میں خدمت کون کرے گا کس طریقے سے کرے گا جمہوریت کیسے پھلے پھولے گا ۔ آخر میں میں صرف اتنا عرض کروں گا کہ اس چیز کے لئے اگر واقعی جمہوریت کے لئے یا اس ملک کی بقاء کے لئے اور فلاح و بہبود کے لئے ہماری کوئی دلچسپی ہے تو سینٹ سے ہم شروع کر لیتے ہیں اور سینٹ میں جیسے اس طرف سے بہت اچھے اچھے آدمی بیٹھے ہوئے ہیں بڑے قابل آدمی ہیں راجہ ظفر الحق ہے، ڈاکٹر جاوید اقبال ہے، اجمل خٹک ہے بھنڈر صاحب ہیں، عبدالرحیم مندوخیل ہیں، قاضی حسین احمد ہیں، حافظ حسین احمد ہیں، اس طرف سے بھی کافی اچھے لوگ ہیں صحیح لوگ ہیں جیسے ملک قاسم ہیں، محمد افضل خان اور بھی ہیں سارے اچھے لیکن یہ میری طرف سے ایک تجویز ہے کمیٹی کی ۔ محمد افضل خان ہیں، شیخ رفیق احمد ہیں، یحییٰ بختیار ہیں، نصیر اللہ خان بابر ہیں، انور سیف اللہ خان ہیں اس قسم کے لوگ بیٹھ جائیں اور یہ سوچ لیں اس ملک کے لئے کہ آخر اس کا انجام کیا ہو گا اس ملک کا اور یہاں سے ہم شروع کریں کہ ہم legislation بھی شروع کریں اور کوئی ایسی روایت قائم کر لیں اور صرف ایک یا دو آدمیوں کے پیچھے ہم نہ دوڑیں تو یہاں سے اگر ہم شروع کر لیں اسی طرح سے نیشنل اسمبلی میں شروع ہو گی اور تھوڑا بہت جو ہے وہ اس طرح ہو سکے گا اگر ہم صرف باتوں پر انحصار کر لیتے ہیں تو میرے خیال میں باتوں سے ہماری ساری عمر گزر جائے گی کافی عمر تو گزر چکی ہے چونکہ میں 24 سال کا تھا جب میں اسمبلی کا ممبر بن چکا تھا اور اب میری عمر 63 سال ہو گئی ہے باقی یہ پانچ چھ یا دو سال جو ہیں یہ بھی گزر جائیں گے اور بات در اصل کچھ نہ بنے گی ۔ شکریہ ۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین ۔** شکریہ فتح محمد خان صاحب ۔ اب میں گزارش کروں جسٹس

جاوید اقبال صاحب سے کہ وہ فلور لیں ۔

جناب جسٹس ( ریٹائرڈ ) ڈاکٹر جاوید اقبال ۔ شکریہ جناب چیئرمین ۔ آپ کے سامنے یہ حقیقت واضح کی گئی ہے کہ Article 234 کا نفاذ پنجاب کی صورتحال کے لئے نہ صرف غیر جمہوری تھا بلکہ اس کے ساتھ ہی غیر آئینی بھی تھا اور اس اعتبار سے اس کو غیر جمہوری اقدام اس لئے کہا گیا ہے کہ جب دو options جو کہ آئینی تھیں یا آئین کے مطابق تھیں وہ موجود تھیں تو انہیں کیوں نہیں استعمال کیا گیا؟ یعنی میرے کہنے کا مطلب یہ ہے کہ یا تو vote of no confidence against the Chief Minister کے خلاف move کیا جاتا اور یا اس کو کہا جاتا جس وقت وہ برسر اقتدار تھا چیف منسٹر کہ آپ confidence کا ووٹ حاصل کریں ۔ جب یہ دونوں alternatives یا دونوں options موجود تھیں تو ان کو کیوں نہ استعمال میں لایا گیا اور ایک تیسری option جو کہ صرف emergency کی صورت میں استعمال کی جا سکتی تھی اسے کیوں استعمال کیا گیا؟

جناب چیئرمین ! میری یہ گزارش ہے کہ آئین کا کوئی بھی provision جس وقت اپنے context سے ہٹ کر استعمال کیا جائے تو وہ بجائے خود صرف ایک غیر آئینی اقدام نہیں بلکہ Constitution کی subversion ہے تو میں یہی گزارش کروں گا کہ وہ آرٹیکل 6 کے تحت high treason کے زمرے میں آتی ہے اور اس کو نگاہ میں رکھنا چاہئے خواہ وہ کوئی گورنر ہو یا وہ صدر ہو پاکستان کا اسے یہ خیال رکھنا چاہئے کہ اس کا کوئی بھی ایسا اقدام جو کہ غیر آئینی ہے اور غیر جمہوری تو وہ یقینا ہو گا اگر غیر آئینی ہے تو اس کے ساتھ ہی اس اعتبار سے غیر قانونی ہے چونکہ وہ subversion کی category میں آتا ہے اور subversion of the Constitution is covered by Article 6 which is high treason یعنی جہاں تک آئین کی subversion کا تعلق ہے وہ آرٹیکل 6 کے تحت high treason کے زمرے میں آتی ہے۔ میں ابھی آرٹیکل 6 آپ کے سامنے پڑھتا ہوں تا کہ کم از کم اس ملک کے صوبوں کے گورنر اور اس ملک کے صدر صاحب کو اس کا خیال رہے کہ اس قسم کے actions ملک کو کس طرف لے جا رہے ہیں۔- High treason Article 6(1) یہ بالکل clearly کہتا ہے۔

"Any person who abrogates or attempts or conspires to abrogate, subverts or attempts or conspires to subvert the Constitution by use of force or show of

force or by other unconstitutional means' by other unconstitutional means

سے مراد یہی ہے جس وقت آپ آئین کی کسی provision کو unconstitutionally استعمال کریں وہ treason بنے گا۔ اب ذرا آرٹیکل 234 کو آپ دیکھئے اس میں یہ حقیقت بالکل واضح ہے کہ

"Power to issue proclamation in case of failure of constitutional machinery in a province." So, constitutional machinery

اگر ناکام ہو تو تبھی یہ آرٹیکل نافذ کیا جا سکے گا۔ جب constitutional machinery فیل نہیں ہوئی بلکہ چل رہی ہو اور یہ آرٹیکل استعمال میں لایا جائے تو وہ unconstitutional ہو جائے گا۔ وہ unconstitutional means کے طور پر آرٹیکل 6 میں cover ہو گا and it will constitute high treason اب چونکہ اس کا کوئی خیال نہیں کرتا ۔ آئین ہمارے لئے ایک ایسا کاغذ یا کتاب ہے جس کو ہم صحیفہ آسمانی نہیں سمجھتے ، جس وقت چاہیں اس کو violate کرتے ہیں اور اس ملک میں یہ دستور بڑا پرانا ہو چکا ہے ۔ اسی سبب اس کی کوئی پرواہ نہیں کرتا ، جو بھی چاہے ایکشن لیا جاتا ہے ۔ آپ کے سامنے ابھی بھنڈر صاحب نے ہندوستان کے قوانین کا حوالہ دیا ہے اور اس کے ساتھ ہی ان کا جو comparative Article ہے وہ انہوں نے انڈین Constitution سے پڑھ کر سنایا ہے ساتھ ہی انڈین سپریم کورٹ کی کسی judgement کا بھی حوالہ دیا ہے۔ جس کے مطابق یہ حقیقت بالکل واضح ہے کہ کسی مخصوص حکومت یا کسی پارٹی کی حکومت کو قائم کرنے کی خاطر constitutional provisions کو unconstitutional طریقے سے استعمال کرنا abuse of Constitution ہے تو اس کے مطابق جو بھی abuse of Constitution ہو گی وہ subversion of Constitution کے زمرے میں آئے گی اور ایسا شخص high treason کا مرتکب ہو گا، جو اسے استعمال میں لائے گا۔ تو میں یہ بات واضح کرنا چاہتا تھا کہ جس مقصد کے لئے یہ provision استعمال کیا گیا اس کا پہلے بھی استعمال فرنٹیئر میں ہوا۔ اس سے حکومت کو تہہ و بالا کیا گیا۔ اب اس کا استعمال پنجاب میں کیا گیا اور وہاں بھی مقصود تو یہی تھا کہ حکومت تہہ و بالا ہو اور اپنی حکومت قائم ہو لیکن وہ مقصد بھی پورا نہیں ہو سکا لیکن Constitution کی violation ضرور ہوئی جس کا نوٹس سینٹ کو لینا چاہیئے اور نیشنل اسمبلی کو بھی لینا چاہیئے ۔ اب اس اعتبار سے دیکھیں تو ہٹلر نے بھی جرمنی میں الیکشن کے ذریعے ہی پاور حاصل کی تھی۔ جو جرمنی میں نازی پارٹی تھی وہ الیکشن کے ذریعے ہی برسراقتدار آئی تھی لیکن اس کے بعد اس کا

کیا عمل ہوا fascism وہ کس طرح بنا یعنی جمہوری نظام جو ہے اس کو بڑی آسانی سے فاشی نظام میں تبدیل کر سکتے ہیں وہ اس طرح ہوتا ہے کہ آپ باقی جماعتیں ہیں political parties ہیں ان کو suppress کریں اور جہاں بھی ممکن ہو سکتا ہے اپنی جماعت کو اس پر dominate کرائیں تو وہ one party حکومت بن جاتی ہے اور اسی طرح وہ it ends up into fascism یا some form of dictatorship تو میں یہی عرض کر رہا تھا کہ کوئی بھی طریقہ کار جو اپنے آپ کو بظاہر جمہوری کہے لیکن جس کا مقصود نظر one party government کا اطلاق ہو وہ جمہوریت نہیں رہتی بلکہ جمہوریت کشی کے عمل پر عمل پیرا ہوتی ہے اور اس اعتبار سے وہ گورنمنٹ کسی بھی صورت میں جمہوری نہیں کہلا سکتی البتہ اسے فاشی کہہ سکتے ہیں ۔ تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ یہ ایک بہت ہی ضروری بات ہے کہ خواہ وہ مقصد انہوں حاصل کیا یا نہ کیا بلکہ میں تو سمجھتا ہوں کہ پنجاب پر ابھی ایک اور اسی قسم کا attack ہو گا چونکہ مقصد براری نہیں ہوئی مرکزی حکومت کی۔ جو وہ چاہتے تھے وہ انہوں نے پنجاب میں حاصل نہیں کیا ۔ 234 کا جو نفاذ کیا گیا اس سے ان کے مقاصد حل نہیں ہوئے۔ لہذا 234 ایک بار پھر استعمال پنجاب میں کی جائے گی، عنقریب ہی اس کا استعمال ہو گا۔ اور اس کا مقصد بھی وہی ہوگا تاکہ ان کی یا مرکزی حکومت کی حکومت وہاں پر قائم ہو۔ جو پارٹی مرکز میں برسراقتدار ہے اس کی حکومت قائم ہو۔ تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس سلسلے میں فتح محمد خان صاحب نے جو آپ کے سامنے تجویز پیش کی ہے میں اسی تجویز کو سراہتے ہوئے یہ عرض کروں گا کہ سینٹ میں ایک کمیٹی بنائی جائے جو کم از کم اس بات کا نوٹس لے کہ Constitution کی violation, Un-Constitutional means کے تحت جو treason کے زمرے میں آتی ہے وہ کس کس وقت ہوتی ہے۔ اور اس کا اندراج یا اس کی فہرست ہم بناتے چلے جائیں۔ تاکہ ہمارے سامنے یہ بات رہے کہ کون کون treason کا مرتکب ہوتا ہے۔ اور اس treason کے لئے نیشنل اسمبلی ہی کو اختیار دیا گیا ہے کہ اس کے لئے سزا کیا تجویز کی جائے۔ اس ضمن میں بھی ہم سوچ لیں کہ ہم نے جس وقت موقع ملا ان لوگوں کو جو Constitution کو اس طرح سے violate کرتے ہیں ان کے اعمال کو treason صورت میں سزا دی جائے گی اور کب دی جائے گی۔ یہ کمیٹی جو ہے اس کے لئے حکومت وقت کے ممبران میں سے بھی کچھ لئے جائیں اور اپوزیشن کے ممبران میں سے بھی کچھ لئے جائیں کیونکہ اس کا تعلق State سے ہے ، اس کا تعلق کسی پارٹی سے نہیں ۔ لیکن نگاہ

رکھی جانے کہ treason کا مرتکب کون ہوتا ہے اور اس کو کس قسم کی سزا دی جانی چاہیئے۔ میں اس سے زیادہ اور کچھ نہیں کہنا چاہتا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، شکریہ جناب۔ جی جناب .on point of order۔

سید اقبال حیدر، جناب چیئرمین! میں معزز رکن اور مقرر کی تہہ دل سے عزت اور احترام کرتا ہوں اور ان کے قانون اور آئین کے اوپر ان کے علم اور دانش کو بھی میں اصل سمجھتا تھا۔ لیکن اس حقیقت کے سامنے جبکہ Supreme Court of Pakistan نے متفقہ طور پر صدر کے proclamation of emergence under 234 in respect of the NWFP Government has been held as a Constitutional exercise and despite this judgement it is showing utter disrespect and disregard to the Supreme Court. It is his own judgement which has categorically held that the President exercised his powers under the Constitution and the proclamation is valid under the Constitution to call it as an un-Constitutional act is the most unfair and unjust. Had it been somebody else then it would have been non-lawyer then I could have understood lack of knowledge. But I am sure my learned...........

جناب ڈپٹی چیئرمین، آپ تشریف رکھیں۔

Syed Iqbal Haider: Another point, sir. The Article 234 ; this is a very naive word Un-Constitutional exercise of powers.

جناب ڈپٹی چیئرمین، دیکھیں، شیر افگن صاحب نے تقریر کرنی ہے' جو سوالات انہوں نے اپنی تقریر میں فرمائے ہیں' وہ جواب دے دیں گے اس وقت۔ آپ تشریف رکھیں جناب۔ پلیز تشریف رکھیں اقبال حیدر صاحب' وہ جواب آئے گا' ہر ایک کا وہ نوٹ فرما رہے ہیں' وہ جواب دیں گے۔

(مداخلت)

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل، جناب چیئرمین! ہم ڈاکٹر صاحب کے مشکور ہیں کہ ڈاکٹر صاحب نے واقعی اپنا قانونی اور آئینی علم یہاں ثابت کیا۔ واقعی جتنے وہ عالم تھے

exactly انہوں نے ثابت کیا دلیل سے۔ اور اقبال حیدر صاحب فرما رہے ہیں کہ سپریم کورٹ نے فیصد کیا۔ -----

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ تشریف رکھیں جی۔ میں اب فلور دیتا ہوں محترمہ فضہ جونیجو کو۔ آپ تشریف رکھیں جی۔ وہ جناب ہو جائے گا۔ میں سمجھتا ہوں۔ اقبال حیدر صاحب no cross talk please.

جناب آفتاب احمد شیخ: جناب یہ ہاؤس کب تک چلے گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: وہ ابھی میں عرض کروں گا۔ ہاؤس سے پوچھ لیں گے۔ اذان تو ہونے دیجئے اس کے بعد پوچھ لیں گے۔ پلیز محترمہ فضہ جونیجو صاحبہ۔

محترمہ فضہ جونیجو: میں زیادہ وقت نہیں لوں گی، ہاؤس اگر آپ adjourn بھی کرنا چاہیں گے تو I will hardly take 15 minutes. ۔ چیئرمین صاحب! آج یہاں پہ جب میں enter ہوئی ہال میں تو میں نے دیکھا پنجاب کے معاملے پر بحث ہو رہی ہے۔ ہمارے آئین کے جو ماہر ہیں انہوں نے کافی اس پر بات کی ہے۔ اور کسی حد تک اتفاق بھی ہے ان کی باتوں سے۔ جہاں تک پنجاب کے معاملے کا تعلق ہے۔ تو اس میں نہ صرف صوبے کو بلکہ پورے ملک کو پریشانی میں ڈالا ہوا تھا۔ پورا ملک اس کی لپیٹ میں آیا ہوا تھا جن دنوں یہ چیز ہو رہی تھی۔ یہ پہلے تو پی ڈی ایف کا اندرونی معاملہ تھا۔ لیکن پھر یہ جیسے کہ میں نے پہلے کہا کہ پورا صوبہ اس کی لپیٹ میں آ گیا۔ اب پی ڈی ایف کے جہاں تک alliance کا تعلق ہے میری جو گفتگو ہے مختلف ہو گی باقی حضرات سے جو اب تک بول چکے ہیں، وہ ایک ایسا alliance ہے جو 1993 کے الیکشن کے سے پہلے بنا وہ ایک election alliance تھا اور اس کے بعد government formation کی شکل میں تبدیل ہو گیا۔ دونوں جو main parties ہیں پی ڈی ایف کی ان کے ارادے یہ رہے کہ اس alliance کو آئندہ الیکشن تک چلایا جائے۔ جیسے جیسے وقت گزرتا گیا جو کہ ایک normal procedure ہوتا ہے یہ alliance مختلف مراحل سے گزرا، بہت نازک مراحل سے بھی گزرا، لیکن جتنا pressure پچھلے دنوں پنجاب کے معاملے میں اس alliance پر پڑا اتنا pressure پہلا نہیں پڑا۔ پنجاب کا معاملہ چونکہ ایک بڑے صوبے کا بھی معاملہ تھا پاکستان کی majority population کا معاملہ تھا اس لیے بھی اس کی نوعیت اور طرح کی تھی۔ دوسرے لفظوں میں یہ

کہا جاتا رہا کہ یہ پاکستان کے سب سے بڑے صوبے پنجاب کے رائے دہندگان کا مذاق اڑانے کے مترادف تھا جو حالات وہاں پر ہوئے۔ اب جناب' چونکہ پی ڈی ایف کا معاملہ تھا تو میرا یہ خیال ہے کہ اس کو اسمبلی suspend کرنے سے پہلے حل کرنے کے دو طریقے تھے ایک یہ کہ پی ڈی ایف کے اندر بیٹھ کے اس کو افہام وتفہیم کے ساتھ حل کیا جاتا۔ دوسرا یہ طریقہ جو کہ اپنایا گیا اور جس کو کہ میں غیرموزوں کہوں گی۔ اگر اس چیز کو ٹھنڈی طرح سے لیا گیا national level پہ بھی تو پھر چیئرمین صاحب آئندہ مستقبل میں کوئی بھی صوبائی حکومت محفوظ نہیں رہ سکتی۔ اور ہر صوبائی حکومت کے مستقبل کا دارومدار مرکز کی خوشنودی پہ ہو گا۔ یہ درست ہے کہ کسی بھی صوبائی حکومت کو یہ اجازت نہیں دی جا سکتی کہ آپ مرکز سے معرکہ آرائی کریں لیکن دستور کی حدود میں رہتے ہوئے' آئین کی حدود میں رہتے ہوئے' ان کو policies بنانے کا بھی حق ہے اور اختلاف رائے بھی بہرحال وہ رکھ سکتے ہیں۔ جہاں تک پنجاب کا معاملہ ہے تو جناب وہاں پہ یہ ہوا تھا کہ پیپلزپارٹی کے کچھ وزراء نے استعفے دیئے اور پاکستان مسلم لیگ جونیجو گروپ کے چند مشیروں نے استعفے دیئے تھے میرا یہ خیال ہے کہ گورنر صاحب اسمبلی کی تاریخ اور وقت کا تعین کرتے اور میاں منظور احمد وٹو صاحب سے کہتے کہ آپ آ کے vote of confidence لیں' یہ جائز طریقہ کار تھا لیکن چیزیں اس کے برعکس ہوئیں۔ بظاہر صوبے میں ایسا کوئی بحران نہیں تھا جس کی بنا پہ کہا جائے کہ صوبے کی حکومت جو ہے وہ آئین کے مطابق کام نہیں کر رہی تھی۔ جناب چیئرمین' دیکھا جائے تو اس وقت ہمارے ملک میں سندھ بھی ایک بڑا صوبہ ہے۔ سندھ کے جو حالات ہیں rural کے urban کے وہ کافی discuss ہو چکے ہیں اس floor پہ بھی اور نیشنل اسمبلی میں بھی اور سب بخوبی جانتے ہیں کہ وہاں پہ کیا حالات ہیں۔ سندھ میں لاشوں کے انبار لگے ہوئے ہیں اس کے باوجود سندھ کی حکومت آئین کے عین مطابق چل رہی ہے لیکن پنجاب میں آئین خطرے میں پڑ گیا تھا یہ بات میری سمجھ سے بالاتر ہے میرا خیال ہے کہ کسی کو بھی اس کی سمجھ نہیں آئی یا دوسرے لفظوں میں یہ کہیں کہ یہ it was quite obvious اور سب کو سمجھ میں آ گئی۔ اب اس کو اگر دیکھا جائے وہاں پنجاب میں حکومت اپنے پورے پریشر کے ساتھ' پورے زور شور کے ساتھ' پوری توجہ کے ساتھ اتنے دن موجود تھی۔ میرا یہ خیال ہے کہ اگر اتنے دن کراچی میں گزاریں تو اس ملک کے لیے' اس کی ملکیت کے لیے' اس کی جانوں کے لیے بہت بہتری ہو گی۔ یہاں پہ ایسا لگ رہا تھا کہ لاہور کے حالات (میں ان دنوں میں لاہور میں ہی تھی)

کراچی سے زیادہ بدتر ہو گئے ہیں ۔ حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ کراچی میں ایک کروڑ سے زیادہ کی آبادی ایک جنگ زدہ شہر کی زندگی بسر کر رہی ہے ۔

جو واقعات اس وقت لاہور میں رونما ہو رہے تھے ، ان کو ہماری جمہوری قوتیں بہت حیرت اور افسوس کے ساتھ دیکھ رہی تھیں ۔ جہاں تک میاں منظور احمد وٹو صاحب کا تعلق ہے میں کہوں گی کہ ان کے ساتھ جو ہوا ، وہ بہت افسوسناک ہے ۔ میں اس کی تفصیل میں نہیں جاؤں گی ، کیونکہ سب کو علم ہے کہ ان کے ساتھ کیا کیا گیا ؟ جو افسران ان کو ایئرپورٹ سے لینے گئے ، ان کو بھی اپنے عہدوں سے ہٹا دیا گیا ۔ حالانکہ وہ اس وقت PDF کے وزیر اعلیٰ تھے ۔

جناب والا ! اگر آپ حقیقی معنوں میں دیکھیں تو ہماری پارٹی میں سب ممبران سے زیادہ میاں منظور احمد وٹو نے ان کا practically ساتھ دیا تھا ۔ اگر ہم تقریباً دو سال پہلے کے حالات کی طرف دیکھیں تو اس حکومت کو لانے میں ، ان کے راستے میں جتنے کانٹے تھے ، وہ میاں صاحب نے چنے تھے ۔

جناب چیئرمین صاحب ! یہ کہا جاتا ہے اور میں نے سنا ہے کہ یہ سیاست ہے اور سیاست میں تو یہ بھی ہو گا اور وہ بھی ہو گا ۔ میرا خیال نہیں ہے کہ سیاست میں سب کچھ ہو گا ۔ ہر شعبہ کے کچھ قوانین ہیں ۔ ہر شعبہ کو چلانے کا طریقہ کار ہے ۔

(ڈیسک بجائے گئے)

اگر ہم یہاں بیٹھ کر یہ message دیں گے کہ جی سیاست ہے اور سیاست میں سب کچھ ہو گا ۔ تو باہر جو ہمارے un educated masses میں کیا پیغام جائے گا ؟ وہ تو پھر الٹا بھی چلیں گے اور سیدھا بھی چلیں گے ۔ ہر چیز کے اصول ہوتے ہیں ۔ سیاست میں بھی سب کچھ نہیں ہوتا ہے ۔ وہ بھی ایک طریقہ کار سے ہی چل سکتی ہے ۔

جناب والا ! موجودہ حکومت کے پیپلز پارٹی کے جو ممبران میرے ساتھ بیٹھے ہوئے ہیں اور پیپلز پارٹی کے جو ووٹرز ہیں ، انہوں نے ماضی سے بہت سبق سیکھے ہیں ۔ یہ حقیقت ہے کہ انہوں نے ایک مشکل وقت کاٹا ہے ۔ انہوں نے بہت شور شرابہ میں بھی وقت گزارا ہے ۔ لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ ان کی سوچ میں بنیادی تبدیلی نہیں آئی جو کہ آنی چاہیئے ۔ ایک چھوٹا سا واقعہ بھی انسان کو کیا سے کیا سکھا دیتا ہے ۔ اگر آپ ان واقعات کو دیکھیں تو اس میں تو شخصیتیں ہی بدل جاتی ہیں ۔ میں خود بیٹھ کر سوچ رہی تھی کہ اس کی reasons کیا ہیں کہ

ہم ایک دوسرے پر الزام لگا دیتے ہیں ' اس کی ضرور کوئی وجہ ہوگی ۔ تاہم میں اس نتیجہ پر پہنچی کہ یہ ایک انسان کی نفسیات ہے، کہ زندگی کا جو وقت کسی نے جس طرح سے گزارا ہوتا ہے ' وہی چیزیں اس کو suit کرنے لگ جاتی ہیں ۔ یا یوں کہیں کہ زندگی کا جو اچھا وقت ہوتا ہے ' No matter that is one period, only one year glorious period آپ کا دل کرتا ہے کہ باقی زندگی بھی اسی طرح سے گزرے تو اچھا ہے ۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ ان کا خاصا وقت مشکلات میں بھی گزرا ہے ۔شور شرابے میں بھی وقت گزرا ہے ۔ اب جب چار دن سکون سے گزر جاتے ہیں ?-May be they feel uneasy یہ ایک نفسیاتی چیز ہے ۔ لیکن اب اس میں مسئلہ یہ آ جاتا ہے کہ individually تو ہم وہی کریں جو ہمیں suit کرتا ہے اور جہاں ملک کی تقدیر ہمارے ہاتھ میں آ جائے ' وہاں ہمیں پھر وہ کرنا چاہیے جو قوم کو suit کرے ۔

( ڈیسک بجائے گئے )

میں نے پیپلز پارٹی کے بھائیوں سے یہ بھی سنا ہے کہ جمہوریت ہے تو شور شرابہ تو ہوگا۔ اس سے زیادہ بھی وہ الفاظ استعمال کرتے ہیں ۔ کہتے ہیں کہ جمہوریت ہے تو یہ بھی ہوگا اور وہ بھی ہوگا۔ لیکن میں عرض کرتی ہوں کہ جمہوریت یہ ہے کہ آپ اپنی رائے دے سکتے ہیں' دوسرے کی تنقید سن سکتے ہیں ۔ ان سب چیزوں کو ملا کر جمہوریت بنتی ہے تاکہ جو جمہوریت کی گاڑی ہے وہ ایک balance طریقے سے چلے۔ اس کا نام جمہوریت ہے۔جمہوریت اگر شور شرابے اور اس چیز کا نام ہے تو پھر سب سے زیادہ جمہوریت کراچی میں ہے۔

جناب چیئرمین ! یہ کہا جاتاہے کہ ہم جمہوریت لے آئے ہیں ۔ ہم سب کی یہ عادت ہے اور ہم کہتے ہیں کہ جمہوریت کے دعویدار ہیں ۔ میں عرض کرتی ہوں کہ صرف الیکشن جیت کر یہ کہہ دینا کہ ہم جمہوریت کے دعویدار ہیں ' یہ کافی نہیں ہے ۔ جمہوریت صرف الیکشن جیت کر یہاں آ جانے کا نام نہیں ہے ۔ دیکھنا یہ ہے کہ آپ اس کو چلاتے کیسے ہیں ۔ جب آپ کرسی پر بیٹھتے ہیں تو پھر آپ اس کو چلاتے کیسے ہیں ۔

(ڈیسک بجائے گئے )

میرے خیال میں جمہوریت ایک پورے process کا نام ہے جس کا الیکشن ایک حصہ ہے۔ یہ ایک package قسم کی چیز ہے۔ اس میں اپوزیشن بھی آ جاتی ہے۔ The way you govern ' وہ بھی آ جاتا ہے ۔ اس میں الیکشن بھی آ جاتے ہیں۔ یہ سب چیزیں آ جاتی ہیں۔ اب

اس میں سے آپ ایک چیز اٹھا کر کہیں کہ ہم چونکہ الیکشن جیت گئے ہیں، اس لئے ہم جمہوریت کے دعویدار ہیں اور باقی عوامل کو اٹھا کر پھینک دیں۔ میں نہیں کہوں گی کہ یہ صحیح معنوں میں جمہوریت ہے۔ میں اپنی بات کو ختم کرنے سے پہلے اپنے سیدھے ہاتھ بیٹھے ہوئے مسلم لیگی ارکان کا شکریہ ادا کروں گی جنھوں نے پنجاب کے معاملے میں بڑی فراخدلی کا مظاہرہ کیا اور اس situation کو سنبھالنے میں کسی حد تک مدد ملی ۔ میں گورنمنٹ بنچز سے کہوں گی کہ آپ ان کے اس خیال سے کچھ مطلب لیں۔ جہانتک پیپلز پارٹی کا تعلق ہے میں سمجھتی ہوں کہ وہ بھی شکریے کے حق دار ہیں کیونکہ پنجاب میں چند دنوں کی غیر یقینی کی صورت حال پیدا کرکے انہوں نے پاکستان کی اہم سیاسی جماعتوں کے لئے وہ کام کر دیا ہے جو شاید ویسے عرصے میں ہو پاتا۔ یہ جو پنجاب میں غیر یقینی صورت حال پیدا ہوئی اس سے مسلم لیگی قیادتوں میں بھی ایک نیا شعور پیدا ہوا ہے اور وہ ایک دوسرے کے قریب آ رہے ہیں۔ اب جناب جہانتک پی ڈی ایف کا تعلق ہے۔ میں چند لفظوں میں وہ بھی بات کر نا چاہتی ہوں۔ اس alliance کا جہانتک تعلق ہے۔ میں نے یہ دیکھا کہ پنجاب میں جو حالات create ہوئے اتنے پریشر کے باوجود بھی یہ ابھی ایک دوسرے سے بیزار نہیں ہوئے ہیں اور دونوں main پارٹیز اس alliance کو چلانے کے موڈ میں ہیں۔ definitily اتنے shock کے بعد کچھ after shock بھی ہوتے ہیں اور وہ کچھ عرصہ چلتے ہیں مجھے امید ہے کہ مرکزی لیڈر صاحبان اس کو سوجھ بوجھ اور جمہوریت سے حل کریں گے اور یہ چیز صحیح طریقے سے چلے گی۔ چیئرمین صاحب! میری دلی خواہش یہ ہے کہ یہ جمہوریت چلے، حکومت کوئی بھی ہو، یہ جمہوریت پاکستان میں مستحکم ہو، یہ جمہوریت پاکستان میں پروان چڑھے۔۔

(اس مرحلے پر ظہر کی اذان کی آواز سنائی دی۔)

**محترمہ فضہ جونیجو۔** میں چند لفظوں میں اب اپنی بات کو ختم کروں گی۔ میں یہ کہہ رہی تھی۔ چیئرمین صاحب! میری خواہش یہ ہے میری دعا یہ ہے کہ اس ملک میں جمہوریت چلے یہ جمہوریت مستحکم ہو، مضبوط ہو، پروان چڑھے، یہ وہ جمہوریت ہے جو جناب محمد خان جونیجو نے اپنی سیاسی بصیرت کے ساتھ، اپنی جدوجہد کے ساتھ محنت کے ساتھ اور سچائی کے ساتھ وہ اس کو اس track پر لائے۔ ہمارا کام صرف اتنا ہے کہ ہم اس track کو پکڑ کر چلیں۔ موجودہ حکومت بھی اسی کا ایک حصہ ہے اور اسی کی وجہ سے برسر اقتدار آئی ہے۔ میں اپنی بات ختم کرتی ہوں۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ شکریہ محترمہ! کیا خیال ہے ملک صاحب! ڈاکٹر صاحب اور خان صاحب؟

جناب آفتاب احمد شیخ۔ جناب کتنے سپیکرز بقایا ہیں؟

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ میرے پاس لسٹ میں پانچ کے نام باقی ہیں۔ جو لسٹ میرے پاس پڑی ہوئی ہے۔ اس میں پانچ ہیں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی۔ میرا خیال ہے ان کو بھی سن لیا جائے۔ اس میں ایک اور بھی میں گزارش کروں گا ہم مشکور ہیں معزز اراکین کے، بڑی خوبصورت تجاویز دیں۔ انہوں نے بہت ساری خامیوں کا نشاندہی کی ہے۔ کئی باتیں کی ہیں دستوری لحاظ سے، جمہوری لحاظ سے، قانونی اور اخلاقی لحاظ سے، تو بہتر یہی ہوگا کہ آج کا مسئلہ آج یہاں پر ختم ہو تا کہ دونوں موقف جو ہیں وہ واضح طور پر لوگوں کے سامنے آئیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ بہتر ہے جناب۔ تو اگر دس منٹ کے لئے adjourn کردیں نماز وغیرہ کے لئے تو بہتر ہے۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی۔ نہیں جناب، پھر واپس نہیں آئیں گے۔ جس نے نماز کے لئے جانا ہے وہ جا سکتا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ ٹھیک ہے۔ تو میں محترمہ کے بعد اب فلور دوں گا مولانا ستار نیازی صاحب تو تشریف لے گئے ہیں۔ شیخ آفتاب احمد صاحب۔

جناب آفتاب احمد شیخ۔ جناب چیئرمین! میں آپ کا بہت شکرگزار ہوں کہ کافی وقفے کے بعد آپ نے مہربانی کی۔

جناب چیئرمین! میں اپنی بات اس حوالے سے شروع کروں گا۔ "ڈان" اخبار جو ۶ ستمبر کا ہے۔ اس میں چار لائنیں پڑھوں گا۔ چار لائن وہ یہ کہتا ہے "ڈان" اخبار

The President was reportedly advised by Prime Minister Benazir Bhutto during her 2 hours and 20 minutes long meeting with him which started at 9.30 PM, the Prime Minister had arrived at the Prsidency to attend the Presdient's dinner in the honour of outgoing American Ambassador Jan Monjo.

کہا یہ گیا کہ وزیر اعظم نے دفتر صدر اس وقت تک نہیں چھوڑا جب تک کہ یہ اعلامیہ جاری نہ ہو گیا کہ پنجاب کی حکومت suspend کی جاتی ہے ۔ اور اس کے بعد یہ بات جو کہی گئی ہے کہ گورنر صاحب کی advice تھی یا فلاں کی advice تھی اپنی جگہ وہ ہوگی ۔ لیکن صحیح advice جس کی تھی اس کا نام اخبار والوں نے دے دیا ہے ۔

جناب چیئرمین ! یہ تو ایک ایسی بات ہے جو اخباروں میں آگئی ہے ۔ لیکن جس بات کی یہاں میں وضاحت کرنا چاہتا ہوں وہ یہ کہ 1977 کے بعد سے پنجاب ایک مسئلہ بنا رہا پیپلز پارٹی کے لئے ۔ 1977 کے بعد سے پنجاب میں پیپلز پارٹی کی حکومت کسی حوالے سے قائم نہیں ہو پا رہی تھی ۔ چنانچہ طریق کار جو وضع کیا گیا اور اس طریقہ کار کے حوالے سے کیا یہ گیا کہ وٹو صاحب کے ساتھ چونکہ 18 ممبر تھے مسلم لیگ ( جونیجو گروپ ) کے اور وٹو صاحب نے ان کو 18 سے بڑھا کر 40 کر دیا ۔ اس تمام عرصے میں وٹو صاحب کسی بھی صورت میں پیپلز پارٹی کے مختلف وزراء یا مختلف ممبران کے کسی حکم کے called on نہیں ہو رہے تھے ۔ لہذا ایک ترکیب وضع کی گئی کہ سب سے پہلے چارج شیٹ دی گئی وٹو صاحب کو ۔ وہ چارج شیٹ ان کو تو کم دی گئی پریس کو leak out کی گئی ۔ اسمیں ان کے financial impropriety کے بارے میں تفصیلات پریس کو جاری کی گئیں ۔ یہ قسط نمبر (۱) تھی ان کے خلاف ۔ نمبر (2) میں enblcok استعفے آئے جس میں پی پی کے وزراء اور چار پی ایم اے کے استعفے سپیشل اسائنٹس ۔ یعنی یہ ماحول create کیا گیا ۔ اور نمبر (3) میں وٹو صاحب کی صورتحال کو اس انداز سے پیش کیا گیا ۔ کہ جیسے وٹو صاحب سے زیادہ corrupt کوئی بھی وزیر اعلیٰ اب تک پیدا نہیں ہوا ۔ گیم صرف یہ تھا کہ کسی نہ کسی حوالے سے کوئی نہ کوئی طریقہ کر کے پنجاب کی وزارت اعلیٰ جو ہے حاصل کی جائے ۔ ادھر دوسری جانب گورنر صاحب کوشش میں لگے رہے کہ کسی صورت سے تعداد M.P.As کی بڑھائی جائے ۔ جب فائنل رپورٹ انہوں نے پیش کی تو اس میں بتایا کہ جناب 107 سے زیادہ تو کسی حال میں ہمارے ممبران نہیں بڑھ رہے ہیں ۔ تمام S.Ps کو استعمال کر لیا ۔ تمام ڈپٹی کمشنرز کو استعمال کر لیا ۔ فیکٹریاں بند کر دیں ۔ جو کچھ کر سکتے تھے کیا ۔ لیکن ہمارے پاس 107 سے زیادہ نہیں بڑھ رہی ہے ۔ چنانچہ 107 سے تعداد زیادہ بڑھنے کی بات فائنل ہوئی ۔ تو مجبوراً پی ڈی ایف سے جونیجو گروپ سے مفاہمت کی صورتحال کو ضروری سمجھا ۔ ورنہ اس سے پہلے مفاہمت کی صورتحال

کی طرف توجہ نہیں دی جا رہی تھی۔ اپنے ممبران کو بڑھانے میں لگے ہوئے تھے۔ اور اس کے لئے ہر طریقہ کار استعمال کیا جا رہا تھا ۔ گورنر صاحب کی اس رپورٹ کے بعد رات کو اسلم حیات قریشی صاحب جو چیف سیکریٹری پنجاب ہیں ۔ انہیں بلایا گیا ۔ اور انہیں یہ کہا گیا کہ بھائی مجبوری ہے ۔ جو بڑی کرسی ہے وہ جونیجو گروپ کو پنجاب میں دینا پڑے گی ۔ لہذا رولز آف بزنس میں ترمیم راتوں رات کی جائے ۔ اس کو finalize کیا جائے اس کو notify کیا جائے۔ لیکن پی ایم ( ج) سے فی الحال اس بات کو چھپایا جائے یہ بات out نہ کی جائے ۔ اس بات کو واضح نہ کیا جائے ۔ چنانچہ جو رپورٹس ہیں اور جو اخبارات میں بات آئی ہے ۔ وہ یہ آئی ہے ۔ کہ انہوں نے S&GAD کے سیکریٹری صاحب کو ہدایات جاری کیں کہ بھائی یہ ایسا نوٹیفکیشن تیار کرو۔ اور اس نوٹیفکیشن کے تحت سارے اختیارات جو ہیں آئی جی سے لے کر ایس ایس پی تک چیف سیکریٹری سے لے کر D.S.Ps تک ان کے تبادلے ' ان کے پروموشن ان کے سلسلے میں ۱۹ گریڈ سے اوپر کے تمام افسران کے معاملے میں سارے اختیارات گورنر صاحب کو فراہم کردیئے جائیں ۔ یہ وہ رات تھی جب جناب چٹھہ صاحب نے سٹیٹ گیسٹ ہاؤس میں پوری رات گزاری ۔ اپنے لوگوں کے درمیان اور آخیر میں یہ فیصلہ ہوا کہ نکئی صاحب کو وزیر اعلیٰ بنایا جائے ۔ رات کو کیا کچھ ہوا یہ ان کے علم میں نہیں تھا ۔ صبح بھی ان کے علم میں نہیں آیا ۔ یہ بات ان کے علم نہیں آئی کہ سروسز رول کو تبدیل کیا گیا ہے۔ جب ان کا وزیر اعلیٰ بن گیا تب ان کو معلوم ہوا کہ اس کے یہ اختیارات ہیں ۔ اور یہ اختیارات نہیں ہیں۔ یہ گیم کھیلا گیا ۔ پیپلز پارٹی نے یہ گیم کھیلا ۔ اب صورتحال جو پنجاب میں ہوئی ہے۔ وہ یہ ہے جناب چیئرمین! کہ آیا 234 کا صحیح استعمال کیا گیا ہے یا غلط استعمال کیا گیاہے ۔

میرے ساتھیوں نے بہت ساری باتیں کی ہیں میں اس کو repeat نہیں کروں گا۔ میں اس بات کی طرف آؤں گا جو اقبال حیدر صاحب نے اٹھائی تھی۔ 234 کا جو ایمرجنسی اختیار ہے صدر محترم کو ' اس میں اس اختیار کا استعمال 25-2-1995 کو یہ کیا گیا تھا ۔ جو سرحد کی وزارت اعلیٰ تھی ۔ سرحد کی اسمبلی کو dismiss کیا گیا تھا ۔ اور یہ اختیار اس وقت استعمال کیا گیا تھا ۔ اس میں تاریخ یہی تھی اس وقت جب یہ کیس سپریم کورٹ میں گیا ۔ اور سپریم کورٹ نے 234 کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لینے کے بعد جو فیصلہ کیا ۔ میں وہ فیصلہ آج ساتھ

لایا تھا - اور میں یہی سوچ رہا تھا کہ یہ بات جو ہے اس کی وضاحت ہاؤس میں ہونی چاہیے - ادھر یہ بات کہی گئی ہے - کہ سپریم کورٹ نے اس بات کو confirm کردیا کہ صدر 234 کے اختیارات جب چاہے جس طرح چاہے استعمال کرسکتا ہے - اور سپریم کورٹ نے جو سرحد میں اسمبلی dissolve کی گئی تھی اس بات کو confirm کردیا ہے - میں صرف یہاں بات صحیح کردینا چاہتا ہوں اور ان کی اطلاع کے لئے میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جو بات سپریم کورٹ نے اس سلسلے میں کہی ہے - وہ یہ ہے- انہوں نے کہا ہے کہ ۳ باتیں بڑی ضروری ہیں- اگر یہ ۳ باتیں موجود نہ ہوں تو اختیار کا استعمال ناجائز ہے اور غلط ہے- اس میں جناب والا! یہ کہا گیا

Article 234 and 184 i.e., the satisfaction of the President under Artcle 234 with regard to the existence of the situation in which the Government of Province can not be run in accordance with the provision of the Constitution can not be treated as subjective

یہ سپریم کورٹ کا فیصلہ ہے - the satisfaction of the President in this regard must be based on existence of objective conditions to justify issuing of the

کرتی ہے justify نہیں کرتیں جو conditions exist اگر وہ Proclamation under Article 234 ایسا Proclamation کرنے کے لئے تو جناب والا! وہ Proclamation غلط ہے اور ۳ وجوہات اپنے فیصلے میں سپریم کورٹ کے ججوں نے بتائی ہیں

while the existence of the provision in the nature of Article 234 has been felt necessary in the Constitution based on Federal democratic structure but at the same time the abuse of the exercise of a power by functionaries vested with the discretion under the Constitution for the purposes alien to the scope of such provision can not be ruled out totally. The Supreme Court therefore, act with great subscription while examining a case of this nature in exercise of their power of judicial review and intervene only in those cases where they discover that the power has been exercised either outside the scope of the Constitution, it is one or it is tainted with *mala fide* or power has been exercised to achieve objects not

contemplated by these provisious of the Constitution.

میں یہ عرض کر رہا تھا کہ یہاں جو 234 کے اختیارات استعمال کئے گئے ہیں۔ وہ تیسری کیٹگری میں جو کیس آتا ہے سپریم کورٹ والے mention کیا ہے، اس کے تحت استعمال کئے گئے ہیں۔ وہ یہ کہتا ہے tainted with mala fide or power has been exercised to achieve objects not contemplated by these provisions of the Constitution وہ مقاصد حاصل کرنے کے لئے اگر پاور کا استعمال کیا صدر محترم نے آرٹیکل 234 کا استعمال کیا ہے تو وہ کسی صورت سے exempted from challenging in the superior courts نہیں ہے اور دستور کا آرٹیکل 238 کسی صورت سے اس proclamation کو کوئی protection نہیں دے سکتا اور ایسا اعلامیہ، ایسا آرڈر، ایسا نوٹیفکیشن it is subject to challenge.

اب میں عرض کروں جناب والا! کہ یہاں کس مقصد کے لئے یہ الفاظ استعمال کئے گئے ہیں۔ شرط یہ 234 میں ---

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** مختصر کریں شیخ صاحب۔ آپ بہت بولتے ہیں ۔ 10 منٹ آپ کے ہو چکے ہیں۔

**جناب آفتاب احمد شیخ :** میری عرض یہ ہے کہ آرٹیکل 234 کا استعمال اس صورت میں ضروری ہے جس میں کہا گیا ہے کہ a situation has arisen in which the Government of the Province can not be carried on in accordance with the provisions of the Constitution صدر محترم اس آرٹیکل کی طرف اس وقت جا سکتے ہیں جب ایسے حالات پیدا ہو جائیں کہ دستور کے مطابق صوبے کی حکومت نہ چلائی جا سکتی ہو۔ میرے تمام معزز ساتھیوں نے بتایا کہ دستور کے مطابق یہ یہ آپشن موجود تھے۔ یہ یہ طریق کار موجود تھا۔ جس طرح جنرل صاحب نے، ڈاکٹر صاحب نے اور تمام ساتھیوں نے یہ بات کہی کہ دستور کے سارے options موجود تھے ۔ یہ تمام options موجود ہونے کے باوجود صرف ایک مقصد تھا اور وہ 234 کا استعمال۔ کہ حکومت کو ختم کرو، معطل کرو اور اس کے بعد bargaining کرو، چھاپے مارو اور گرفتاریاں کرو۔ تفصیلات تمام ساتھیوں نے دی ہیں۔ اور اس کے بعد ظاہر ہے کہ اس دوران ہمیں موقع ملے گا اور جب موقع ملے گا تو ہم اپنے لوگوں کی تعداد بڑھائیں گے اور بڑھانے کے بعد پنجاب کی

حکومت کو حاصل کر لیں گے۔ تو اگر یہ مقصد ہے۔ تو یہ مقصد قطعی ناجائز ہے اور اس مقصد کی قانون کوئی اجازت نہیں دیتا ہے۔ میں اسی ruling میں جناب چیئرمین! صرف تھوڑی سی تفصیل آپ کے سامنے یہ پیش کروں گا کہ جو باتیں انہوں نے بیان کی ہیں اس میں کہاں Article 234 وہاں مساوی Article جو ہے وہ 356 ہے تو انہوں نے بتایا کن کن واقعات میں اور کن کن صورت حال میں یہ Article استعمال ہو سکتا ہے اور کہاں کہاں استعمال نہیں ہو سکتا ہے۔ اس میں یہ بات واضح طور پر کہی گئی ہے کہ اگر حکومت کو تبدیل کرنا مقصود ہے union کی حکومت اگر in minority ہے اور صوبے کی حکومت کسی اور پارٹی کی ہے اور اس کو اگر ہٹانا مقصود ہے اور اس مقصد کے لئے Article-356 کا استعمال کیا جا رہا ہے تو قطعی ناجائز ہے قطعی غلط ہے۔

(اس مرحلے پر جناب پریزائڈنگ آفیسر (جناب حامد رضا گیلانی) کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب والا! میں یہ عرض کروں یہاں پر جیساکہ ڈاکٹر صاحب نے فرمایا کہ اگر Article-234 کو استعمال اس لئے کیا جا رہا کہ وہاں پر پیپلز پارٹی کی حکومت قائم کی جائے تو یہ بالکل دستور کا subversion ہے دستور کو ناجائز طریقے سے استعمال کیا جا رہا ہے اور میں اس بات کی مکمل تائید کروں گا کہ یہاں دستور کا subversion کیا گیا ہے ۔ لہذا دستور میں ہی ایک قانون موجود ہے ایک شق موجود ہے۔ جس کے تحت ایسے cases کو جبکہ دستور کو اپنے مقاصد کے لئے استعمال کیا جائے۔ وہاں Constitutional filure کوئی نہیں ہے ۔ Constitutional machinery failure کا پنجاب میں نہیں تھا۔ وہاں دونوں صورتیں ہو سکتی تھیں۔ چیف منسٹر کو کہا جا سکتا تھا یا اس کے خلاف no confidence کا موشن آتا یا اس سے کہا جاتا تم motion of no confidence پا س کراؤ اپنے حق میں دونوں باتیں ہو سکتی تھیں اور یہ نہیں کیا گیا۔ یہ جو 234 کو استعمال کیا گیا اس کو صرف اس لئے استعمال کیا گیا کہ ایک ایسا مقصد حاصل کرنا مقصود تھا جو normal طریقوں سے حاصل نہیں ہوتا۔ انہوں نے Constitutional سارے options کو ایک طرف رکھ دیا اور ایک طرف رکھ کر کے یہ صورت حال پیدا کی۔ جناب والا! گورنر جو ہے صوبے میں وفاق کا نمائندہ ہے۔ گورنر جو ہے اس کی appointment صدر کرتا ہے۔ اس وقت جس انداز سے Rules of Business کو تبدیل کیا گیا ہے اور جس انداز سے اختیارات چھینے گئے ہیں وزیر اعلیٰ سے ۔ وزیر اعلیٰ کا ہاتھ کاٹا گیا ہے۔ Home and SAnd

GAD سارے محکمے ان سے لے لئے گئے ہیں۔ وہ ایک ڈی سی 19 گریڈ سے لے کر یا اس سے کسی بڑے افسر کو نہ وہ transfer کر سکتے ہیں نہ post کر سکتے ہیں۔ تو میں یہ عرض کروں گا کہ گورنر جب صوبے کے معاملات میں interfere کرے ۔ گورنر جب خود وزیر اعلیٰ بن جائے اور جب وزیر اعلیٰ گورنر بن جائے تو ایسی صورت حال میں Article 2- A کا حوالہ دینا چاہوں گا کیونکہ Article 2-A یہ کہتا ہے کہ

"Wherein the territories nor included in for accession with Pakistan and such other territories may here after be included in or accede to Pakistan shall form a federation. Wherein the units will be autonomous."

جناب والا! قرار داد مقاصد میں جو اب Constitution کا حصہ ہے Article 2-A کے تحت "it is now sensitive part of the Constitution" قرارداد مقاصد میں یہ کہا گیا ہے کہ تمام صوبے autonomous ہوں گے۔ ان کی autonomy کی قدر کی جائے گی۔ ان کی autonomy میں interference نہیں ہو گا۔ میں یہ عرض کروں کہ یہ گورنر صاحب کا جو کھیل ہے کہ بھاگ بھاگ کے اطلاع دے رہے ہیں کہ صاحب اب 106 ہو گئے ' اب 105 ہو گئے ' اب 104 ہو گئے ' اب 107 ہو گئے۔ سر اب میں کیا کروں میرے ذمہ ایک کیا تھا میں فیل ہو گیا ہوں۔ آپ کو PML(J) کو لینا ہی پڑے گا ساتھ تو انہوں نے کہا کہ آپ Rule change کر دو تا کہ اختیارات چھین لیں اس سے ۔ وہاں پہ یہ کیا گیا تو میں آپ سے عرض کروں کہ اگر یہ صورت حال ہے تو ایک اتنے بڑے صوبے کی جو 66% ہے ۔ اس 66% صوبے کے ساتھ یہ کھیل اس کی autonomy میں اس انداز سے دخل اندازی یہ گورنر صاحب Rule تبدیل کر کے سب کچھ انہوں Chief Minister سے چھین لیا ہے اب تو خبر یہ سننے میں آ رہی ہے جناب والا! جہاں تک مجھے دوسرے اخباروں سے اور دوسرے ذرائع سے اطلاع ملی ہے وہ یہ کہ پیپلز پارٹی کے جناب مخدوم الطاف صاحب کے لئے separate سیکرٹریٹ بنائی جا رہی ہے تو وزیر اعلیٰ کا سیکرٹریٹ الگ ہے ۔ اور جو اصل وزیراعلیٰ ہیں یعنی پیپلز پارٹی کے مخدوم الطاف صاحب کے لئے ایک علیحدہ سیکرٹریٹ قیام عمل میں لایا جائے گا۔ یہ کیا ہے جناب والا یہ صرف اور صرف صوبائی خودمختاری کے حصے بخرے کئے جا رہے ہیں۔ اس کے اتنے بھیانک نتائج ہوں گے جس کی حد و حساب نہیں ہے۔ اس لئے کہ چھوٹے صوبوں کو تو پہلے ہی شکایت ہے۔ انہیں پہلے ہی اس بات کی شکایت

ہے کہ مرکز ناجائز طریقے سے ان کے معاملات میں دخل اندازی کر رہا ہے۔ جو چھوٹے صوبے ہیں وہ پہلے ہی چلا رہے ہیں اور اگر انہوں نے پھر یہ تھیلا کھول دیا' اس بوتل کے جن کو نکال کے باہر کر دیا' بڑی مشکل سے اس جن کو بوتل میں ڈالا گیا تھا۔ یہ صوبائی خودمختاری کو بوتل میں بند کر دیا گیا تھا' کاک لگا دیا گیا تھا۔ اب اگر یہ سب کیا جائے گا کہ الگ سیکرٹریٹ ہو گا مخدوم الطاف صاحب کا اور چیف منسٹر کے اختیارات چھین لئے جائیں گے اور گورنر صاحب گھوڑے پہ ہر جگہ جایا کریں گے۔ اور وہ اپنی پوزیشن کو مزید بہتر بنانے کے لئے وہ اقدامات کریں گے کہ جس کا کوئی تصور نہیں کر سکتا ہے۔ کسی کو پکڑوا رہے ہیں' کسی کی مل بند کر رہے ہیں' کسی کے قرضے کے نوٹس ایشو کروا رہے ہیں' کسی سے کچھ کر رہے ہیں' کسی سے کچھ کر رہے ہیں۔ یہ سب جو وہ کر رہے ہیں یہ بہت ہی غلط ہے۔ یہ صوبائی خودمختاری میں ایک ایسا قدم انہوں نے رکھا ہے کہ جس کے اثرات تمام صوبوں پہ پڑیں گے اور جو صورتحال خراب ہو گی کہ پھر سنبھالے نہ سنبھلے گی۔ اب پنجاب کا وزیراعلیٰ ہے he is sandwich, he is sandwich between Makhdoom Iltaf on one side, and on the other side, he can not move یہ کیسا وزیراعلیٰ ہے۔ چٹھہ صاحب کے ساتھ دھوکہ بازی انہوں نے کی ہے' ساری رات ان کو سٹیٹ گیس ہاؤس میں اپنے اراکین کے ساتھ busy رکھا اور دوسری طرف rules change کر کے صبح ان کو کہتے ہیں کہ ٹھیک ہے وزیراعلیٰ آپ کا ہو گا۔

**ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی** : وقت ختم ہو گیا ہے ان کا۔

**Mr. Presiding Officer:** Your ten minute has been over, Would you kindly wind up please, I have some more honourbale members to participate in this speech.

**جناب آفتاب احمد شیخ** : جناب چیئرمین! میں ختم کر رہا ہوں' صرف یہ عرض کر رہا ہوں کہ ویسے ہی اس ملک میں بڑے مسائل ہیں۔ یہ ہارس ٹریڈنگ جو آپ کا وطیرہ بن گیا ہے' آپ ہر جگہ ہارس ٹریڈنگ سے کام لے رہی ہیں' یا کام لے رہے ہیں۔ آپ نے سرحد میں یہ کام کیا' پنجاب میں یہ کام کیا' پیپلز پارٹی کی گورنمنٹ ہر جگہ یہ کام کر رہی ہے اور اس کے علاوہ آپ دیکھیں کشمیر میں کیا صورتحال چل رہی ہے' کراچی میں کیا صورتحال ہے۔ وہاں کراچی میں مار

دھاڑ لگی پڑی ہے۔ آپ کے پاس پہلے ہی مسائل کیا کم ہیں؟ جو آپ نے وہاں صوبائی خود مختاری کا مسئلہ چھیڑ دیا ہے، وہاں گڑبڑ کر رہی ہیں۔ اس لئے میں آخیر میں یہ بات کہوں گا کہ یہ قدم بالکل غلط تھا۔ دستور اس کو sanctioned نہیں کرتا ہے، سپریم کورٹ کا فیصلہ جو پیر صابر شاہ کے کیس میں ہے، اس میزان پر اگر اس اقدام کو ناپا جائے تو یہ اقدام بالکل غلط ہے، بالکل غلط ہے، unconstitutional ہے، اور چونکہ unconstitutional ہے، اور دستور کو ذاتی اغراض و مقاصد کے لئے استعمال کیا گیا ہے، پارٹی کی حکومت کو پنجاب میں ناجائز طریقے سے قائم کرنے کے لئے، اس لئے ڈاکٹر صاحب کی بات بالکل صحیح ہے کہ ایسے معاملات میں جب دستور کو اس مقصد کے لئے استعمال کیا جائے۔

it is straight simple version of the Constitution punishable under article 6 of the Constitution.

**Mr. Presiding Officer:** Dr. Sahib you are next speaker. May I read out the names of the speakers that help the House, after Muhammad Ibrahim Khan, we have Dr. Abdul Hai, Malik Hakmeen Khan, Mr. Zareef Khan Mandokhel and last of all Dr. Sher Afgan shall sum up. And I request the member not to exceed the limit of ten minutes. Now I call upon Muhammad Ibrahim Khan to take the floor please.

**جناب محمد ابراہیم خان:** مجھ سے پہلے فاضل دوستوں نے پنجاب میں جو کچھ ہوا پچھلے دنوں اس پر اپنے خیالات کا نہایت بلیغ طریقے سے اور واضح طریقے سے اظہار خیال کیا۔ میں اپنے پیش رو بھائیوں سے جو مقرر تھے اس سے میں پورا پورا متفق ہوں کہ جو کچھ ہوا پنجاب میں، پنجاب ملک کا ایک بڑا صوبہ ہے۔ ملک کی آبادی کی ۵۶ فیصد آبادی یہاں پر ہے۔ یوں سمجھئے کہ یہ خود ملک کا دل ہے اور یہ خود ملک ہے۔ وہاں پر ایک غیر جمہوری طریقے سے ایک حکومت کو stable حکومت کو destabilize کرنا اور سٹیٹ کے سارے وسائل استعمال کر کے اپنی پارٹی کو اقتدار میں لانا یہ نہایت نامناسب ہے۔ میں اور قانونی نکات کی طرف نہیں جاتا میں صرف ایک بات کرنا چاہتا ہوں کہ اگر صوبوں میں، جیسے میرے فاضل دوست شیخ صاحب نے فرمایا، اگر صوبوں

کی خودمختاری میں ایسی ہی مداخلت جاری رہی اور صوبوں کے عوام کو یقین ہوگیا کہ یہ فیڈرل حکومت ہمارے جمہوری حق کو پامال کرتی ہے، ہماری جمہوری حکومت کو پامال کر رہی ہے اور ہمیں اس طریقے سے سیاسی طور پر بداخلاق بناتی ہے۔ ہارس ٹریڈنگ کے ذریعے سے، پیسے کی آفر کرنے کے ذریعے سے، حکومتی اداروں کو استعمال کرکے، تو اس کے نہایت خطرناک نتائج نکلیں گے۔ وہ وقت دور نہیں ہے جب یہ سوچیں گے کہ کیا اس فیڈرل حکومت کے ساتھ ہم چل سکتے ہیں، یا ہم کوئی اور راستہ نکالیں یہ کیا ہے۔ بجائے یہ کہ اس قوم کو جمہوری راستے پر ڈالیں، قوم کو undemocratic راستے پر چلا رہے ہیں، قوم کو بااخلاق بنانے کی بجائے، اس کو بداخلاق بنا رہے ہیں، قوم کو ایماندار بنانے کی بجائے اس کو بددیانت بنا رہے ہیں تو اس کے نتائج نہایت خطرناک ہوں گے۔ اس صوبے کی cummunity کی بات نہیں ہے ملک کی بقاء کی بات آجاتی ہے۔

جناب عالی! میں صرف اتنا عرض کرتا ہوں کہ یہ پہلا وقت نہیں ہے یہ دوسرا واقعہ ہے پہلے انہوں نے فرنٹیئر میں کیا اور ایک غلط مثال قائم کی۔ پھر یہ پنجاب میں کیا، میں عرض کرتا ہوں کہ اس روز بھی میں نے عرض کیا تھا کہ بلوچستان کی حکومت مینگل کی، عطااللہ مینگل کی اس لئے توڑی تھی کہ وہاں پٹ فیڈر میں چھ قتل ہوئے تھے۔ اس کو جواز بنا کر اس حکومت کو توڑا گیا تھا اور یہاں جو پی پی کی اپنی حکومت ہے سندھ میں آج بھی ۱۶ قتل کی اخبار میں خبر آئی ہے۔ تو وہ تو دوسرا صوبہ جہاں ان کی اپنی پارٹی کی حکومت نہ ہو تو وہاں ۶ قتل ہو جاتے ہیں کئی سال میں اس کا جواز نہیں رہتا کہ وہ حکومت کرے اور ان کی حکومت میں ہر روز ۱۶، ۲۰ آدمی قتل ہوں اور ان کی حکومت بھی کام کررہی ہے۔ آئینی طریقے سے کام کر رہی ہے یہ یکطرفہ ٹریفک جو پیپلز پارٹی چلا رہی ہے، یہ آمرانہ طریقہ ہے۔ اور میرے کسی دوست نے بجا کہا کہ ۲۰ سالوں میں اپنا رویہ انہوں نے ٹھیک نہیں کیا۔ میں عرض کرتا ہوں ۷۷ء کی بات ہے فرنٹیئر میں ایک آدمی قتل ہوا تھا، میری پارٹی کے ساڑھے چار ہزار ورکرز کو گرفتار کیا۔ بلوچستان سے لے کر ڈی آئی خان تک۔ یہ کیا رویہ ہے قتل تو ایک آدمی کرتا ہے، قتل تو دو آدمی کرتے ہیں، چار ہزار آدمی اکٹھے ہو کر تمام بلوچستان سے لے کر چترال تک ساڑھے چار ہزار آدمی قتل نہیں کرتے۔ مگر سب کو سولہ ایم پی او میں جیل میں ڈال دیا۔ کسی کو عدالت میں پیش نہیں کیا۔ اور جو ہائی کورٹ سے رہا ہونے صبح بے جا میں جنہوں نے رٹ کیا تھا، ان کو اس دروازے سے جیل سے نکال کر دوسرے دروازے سے ڈی پی آر میں داخل کیا۔ تو یہ بات اگر کوئی غیر قوم

اگر اپنے مفتوحہ ملک سے کوئی کرے، کسی مفتوحہ علاقے سے کرے، تو پھر تو ٹھیک ہے۔ لیکن اپنی ہی قوم، اپنی حکومت، اپنے ملک کے باشندے، اپنے عوام کو کیوں غلط راستے پر لگاتے ہیں ان کو یہ کیوں یہ سبق پڑھاتے ہیں اور سکھاتے ہیں ان کے بعد تو کسی اور حکومت نے بھی آنا ہے اگر یہ ایسی بنیاد رکھیں گے تو انہوں نے پھر غلط راستوں کے راہ نکال لیئے ہیں میں اس کے متعلق صرف یہ ہی کہہ سکتا ہوں کہ صوبائی خود مختاری ہمارے آئین کا حصہ ہے اور کسی صوبائی حکومت کو اس طریقے سے دھاندلی سے ہارس ٹریڈنگ سے رشوت سے، جبر و تشدد سے، ریاستی ایجنسیوں کے استعمال سے، حکومتوں کا بدلنا نہایت ہی ناروا کام ہے undemocratic کام ہے یہ تو آمر لوگ بھی نہیں کرتے ایسی باتوں سے شرماتے ہیں چہ جائے کہ وہ پارٹی جو جمہوریت کا دعویٰ کرتی ہے وہ ایسے کام کرے اور ایسے اعمال کرے اور حکومت کو اس طرح ایکسپوز کرے جو پنجاب میں ہوا ہمیں اس کا بہت افسوس ہے یہ شخص میری پارٹی کا نہیں ہے اور کوئی ذہنی اشتراک بھی نہیں ہے مگر جو کام ہے وہ قوم کا ہے جو قوم کے ساتھ رویہ ہے یہ رویہ غلط ہے، کہا جا سکتا ہے جیسے غالب نے کہا کہ۔

اس رنگ سے اٹھائی کل اس نے اسد کی لاش
کہ دشمن بھی جس کو دیکھ کر غمناک ہو گئے

دوست تو دوست تھے دشمن بھی خفا ہوا ہے یہ کیسی جمہوریت کی بات کرتے ہیں تو میں بات زیادہ طویل نہیں کرنا چاہتا اتنا عرض کرتا ہوں کہ اگر اسٹیٹ ایجنسیوں کو جیسا کہ میرے فاضل دوستوں نے کہا اپنے اغراض و مقاصد کے لیئے ایسے استعمال کیا جاتا رہا تو میری اپنی سوچ کے مطابق یہ اسٹیٹ ایجنسیوں کو اپنا مد مقابل اپنا دشمن اپنی نوکری کے لیئے اپنی تنخواہ کے لیئے لوگوں کی دشمنیاں لیں گے اور یہ اعتماد یہ اسٹیٹ ایجنسیاں اور یہ ریاست کھو بیٹھیں گے اور اس کو یہ سمجھیں گے کہ وہ تو فلاں کا ذاتی نوکر ہے ان ملازموں کو تو اس نے گھر کی لونڈی بنایا ہوا ہے جب انصاف ختم ہو جائے گا کسی ملک میں تو پھر وہ اسٹیٹ بھی نہیں رہ سکتی تو اپنے ملک کو اگر بچانا ہے خدا را ان ناروا اقدامات سے ان ناروا فعلوں سے اپنے آپ کو روکے رکھیئے اور حقیقی جمہوریت کی طرف آئیے انتقامی کارروائیوں کو چھوڑیئے اپنے اقتدار کو جائز ناجائز طریقے سے لانا چھوڑیئے آج آپ حکومت میں ہیں کل آپ اپوزیشن میں ہوں گے یہ تو جمہوریت کی ضرورت ہے اور اس کا لازمہ ہے شکریہ جناب۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر - مہربانی - جی ڈاکٹر عبدالحئی صاحب -

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ - میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے اس مسئلے پر مجھے موقع عنایت فرمایا میں اپنی بات اس طرح سے اس معزز ایوان میں رکھوں گا کہ ہمارے ملک میں جمہوریت اور جمہوری روایات کی تاریخ بہت مختصر ہے جمہوری اداروں کا احترام اس کی بھی کوئی لمبی چوڑی ہمارے ہاں روایت نہیں رہی ہے زیادہ وقت ہمارے ملک کا غیر جمہوری نظام میں گزرا ہے اور غیر جمہوری نظام یا مارشل لاء کی وجہ سے یہاں جمہوریت کی جڑیں کھوکھلی ہیں وہ منظم نہیں ہیں مستحکم نہیں ہیں سب سے مشکل بات اس ملک کے اندر یہ رہی ہے کہ یہاں اچھی روایات کی پاس داری بہت کم رہی ہے اور حتی الامکان اس بات پر زور دیا گیا ہے ہمارے ملک کے اندر کہ اقتدار اعلیٰ ہر حال میں ہاتھ میں آئے اور یہاں پر حکمرانی کو سب سے زیادہ اولیت دی جاتی رہی ہے اور چاہے وہ غیر جمہوری طریقے سے ہو چاہے وہ کسی بھی طریقے سے ہو نہ صرف یہ کہ اقتدار اعلیٰ کو اہمیت بلکہ اس کو فل پاور دی گئی ہے - یہ ہمارے ہاں شروع سے یہ غلط طریقہ کار رہا ہے اور آج بھی اسی طرح سے جاری ہے میں سمجھتا ہوں ایک سیاسی کارکن کی حیثیت سے کہ جب تک اس ملک کے اندر سرمایہ دار بڑے بیوروکریٹس اور جاگیردار اسمبلیوں میں براجمان رہیں گے اور ایوانوں کی زینت بنے رہیں گے دولت اور پیسے اور بیوروکریسی کے بلبوتے پر اقتدار میں آتے رہیں گے اس ملک میں جمہوریت اور جمہوری ادارے مضبوط نہیں ہوں گے یہ پہلی بار نہیں ہے کہ صوبوں کے معاملات میں مداخلت صوبوں کے معاملات میں مداخلت 1973 میں بلوچستان میں ہوئی اس کے بعد بھی ہوتا چلا آرہا ہے- یہ ایک طرفہ نہیں ہے - یہ نہیں ہے کہ آج پیپلز پارٹی کی حکومت ہے تو وہ ٹوٹل پاورز اپنے لئے چاہتے ہیں لیکن اس سے پہلے مسلم لیگ اس کا بھی یہی حال تھا - کوئی بھی جماعت خاص طور پر یہ دو بڑی جماعتیں ہیں - مسلم لیگ کے حوالے سے یا پیپلز پارٹی کے حوالے سے ان کے اقتدار اعلیٰ کی تاریخ میں جمہوریت اور جمہوری روایت کی طرف توجہ کم رہی ہے - ہم سب باتیں تو کرتے ہیں کہ Rule of Law ہو ' اسمبلیوں کی بالا دستی ہو اور ہم سب یہ بات کرتے ہیں کہ اس ملک کے عوام نے ' کروڑوں عوام نے اس جمہوریت کے لئے قربانیاں دی ہیں اور پارٹی کے کارکنوں نے بھی قربانیاں دی ہیں - اس میں کوئی شک نہیں ہے - پیپلز پارٹی کے کارکنوں نے بھی لاٹھی ڈنڈے اور کوڑے کھائے ہیں اور دوسرے جماعتوں

کے لوگوں نے بھی اس جمہوریت اور اس جمہوری روایت کے لئے قربانیاں دی ہیں ۔ مگر سب سے بڑھ کر بات یہاں آ کر عجیب محسوس ہوتا ہے کہ ان قربانیوں کے باوجود جمہوریت کا راگ گانے کے باوجود جب اقتدار میں آتے ہیں تو تمام باتیں ہمیں بھول جاتی ہیں ۔ پھر صرف ایک ہی بات سامنے آ جاتی ہے کہ اس اقتدار کو کس طرح سے مضبوط کیا جائے اور اس کے لئے تمام ہتھکنڈے استعمال کئے جاتے ہیں ۔

ہم عدلیہ کی آزادی کی بات کرتے ہیں ، ہم اخبارات کی آزادی کی بات کرتے ہیں ، ہم قومی وحدتوں اور وفاق کے درمیان اختیارات کی بات کرتے ہیں ۔ سب یہ بات کہتے ہیں کہ خود مختاری ہونی چاہئیے ۔ قومی وحدتوں کو زیادہ سے زیادہ اختیارات ملنے چاہئیے ۔ ان کے وسائل پر قابو پانے کی بات کرتے ہیں ۔ سب یہ کہتے ہیں کہ 8th amendment کو جانا چاہئیے ۔ اس کا خاتمہ ہونا چاہئیے ۔ مگر عمل اس کے خلاف ہے اور سب یہ بات کرتے ہیں کہ آئین میں صدر کو اس طرح کا اختیارات نہیں ہونا چاہئیے کہ جب وہ چاہے وفاقی حکومت کے ایماء پر یا اپنے صوابدیدی اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے اسمبلیوں کو ختم کرے ۔ باتیں ہم سب کرتے ہیں کہ ایسے کوئی اختیارات وفاقی حکومت یا محترم صدر صاحب کو نہیں ہونے چاہئیں مگر جب اقتدار میں آتے ہیں تو اس کے لئے ہم سب خاموش ہو جاتے ہیں ۔ اس طرح سے ملک کے اندر کیسے اچھی روایات جگہ لیں گی ۔ معیشت کا یہ حال ہے جو کہ اصل مسئلہ ہے ۔ اس کی طرف کسی کو کوئی توجہ نہیں ہے ۔ ملک اب ایسی پوزیشن میں ہے کہ ہم اپنے وسائل اور آمدنی سے قرضوں کا بوجھ نہیں اتار سکتے اور خاص طور پر ایک قسط بھی اور ان کا ایک حصہ کافی amount میں دینا پڑتا ہے ۔ اس طرح ہمارے ملک کی ساری revenue چلی جاتی ہے اور دوسری طرف سے ہمارا یہ حال ہے کہ جو تھوڑی بہت privatizatiion ہوا ہے ۔ پچھلی حکومت نے یا موجودہ حکومت نے جو کچھ ہڑپ کیا ہے اس کا کوئی معلوم ہی نہیں ۔ آج میں نے ضمنی سوال میں پوچھا تو کہا گیا کہ کوئی بیس پچیس ارب ہے ۔ پچھلی حکومت کا تو کوئی معلوم ہی نہیں ہے ۔ یہ نظر آتا ہے کہ ان لوگوں کے ان حکمرانوں کے جو اسمبلیوں میں یا اقتدار میں ہیں ۔ ان کے کارخانوں میں اضافہ ہو رہا ہے ، ان کی دولت میں اضافہ ہو رہا ہے ، ان کے بنک بیلنس میں اضافہ ہو رہا ہے ، یورپ اور امریکہ میں بہتر زندگیاں گزارنے کے لئے ان کو موقع مل رہا ہے ۔ باقی معیشت تباہ حال ہے ۔ مہنگائی زوروں پر ہے ۔ بے روزگاری عروج پر ہے ۔ یہاں تک کہ لاکھوں ڈگری والے لوگ ، پوسٹ گریجویٹس جو

ہیں سارے کے سارے دھکے کھا رہے ہیں ۔ کسی کو ان کے لئے غم نہیں ہے۔ کوئی ان کا پرسان حال نہیں ہے کہ بھئی اس ملک کے اندر کوئی ایسا نظام ہو جس سے بے روزگاری پر کسی حد تک قابو پایا جا سکے ۔ صنعت کاری بالکل ملک کے اندر نہیں ہو رہی ہے ۔ قومی سرمایہ کار کاریگر تصور نہیں ہے ۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔** جناب ڈاکٹر صاحب مہربانی سے 234 کی طرف آئیں ۔حالات تو ہر ایک کو معلوم ہیں ۔

**ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔** 234 ہی کی تو مصیبت ہے ۔ حالات تو ہر ایک کومعلوم ہیں ۔ اس کی طرف ہی آ رہا ہوں ۔ جناب والا ! یہ لاکھوں کلرک جو بیچارے ہڑتال پر ہیں ۔ میں ایک عمومی نقشہ دے رہا ہوں کہ ہم کس طرف جارہے ہیں ۔ جب ہم معیشت کی طرف توجہ نہیں دیں گے ، جب ہم قرضوں کے بوجھ سے فارغ نہیں ہوں گے ، جب ہم ملک کے عوام کو قانون کی بالا دستی ، قانون کی حکمرانی نہیں دیں گے یا حکمران یہ سوچے کہ ہم قانون سے بالا تر ہیں ۔ اب تو یہ صورت حال ہے کہ حکمران جو طبقہ ہے ۔ ان کے جو رشتے دار ہیں وہ بھی حکمران ہیں تو کس طرح سے ملک کا نظام چلے گا۔ کس طرح سے ملک کے اندر جمہوریت کی جڑیں مضبوط ہوں گی ۔

جناب والا ! میں آپ کے توسط سے اس معزز ایوان کی یہ عرض کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ جمہوریت کی گاڑی یک طرفہ نہیں ہے ۔ جمہوریت کی گاڑی کے لئے اپوزیشن کا ایک اہم رول ہے ۔ میں معذرت کے ساتھ کہوں گا۔ کہ اپوزیشن بھی اس مسئلے پر سنجیدہ نہیں ہے اگر وہ سنجیدہ ہوتی تو اس معزز ایوان میں ، قومی اسمبلی میں ، سینٹ میں ہمارے اپوزیشن کے دوستوں کے لئے بہت موقع ہے ، میں کہتا ہوں کہ اس ملک کے اندر اتنی بڑی اکثریت کے ساتھ جو اپوزیشن آج موجود ہے ، قومی اسمبلی میں یا سینٹ میں اتنی بڑی اکثریت کے ساتھ اپوزیشن کبھی نہیں رہی ، یہ چاہیں تو یہ سب کچھ کر سکتے ہیں ، یہ حکومت وقت کو مجبور کر سکتے ہیں کہ وہ جمہوریت اور جمہوری اداروں کے لئے جو جمہوری اصول ہیں ان کی پاسداری کریں ، ان کا بھی مطمع نظر اور ہے ، بھئی ہٹاؤ ، نکلو ، گورنمنٹ چھوڑو ، حکومت چھوڑو ، ان سب کی یہی رٹ ہے کہ بھئی اسمبلیوں کو ختم کرو ، اقتدار چھوڑو ، اس طرح سے جمہوریت مضبوط نہیں ہوگی کہ صرف آپ رہیں ، آپ چلے جائیں ، آپ کو رخصت ہے ، بھئی ہے ، سوائے رخصت کے ، بھئی کے ، آپ کہیں اس ملک

کے اندر آٹھویں ترمیم کا خاتمہ ہونا چاہیئے ۔ آپ کہیں کہ آئین میں قومی خود مختاری ہونی چاہیئے آپ کہیں کہ اس ملک کے اندر بیروزگاری کے لئے اپوزیشن کے پاس یہ مسئلہ ہے ۔ آپ کہیں کے کراچی کے مسئلے کو جمہوری انداز سے ۔ اس طرح سے حل کریں ۔ میں آج کافی وقت سے اس ایوان میں بیٹھا ہوں ۔ کبھی کوئی اپوزیشن کی طرف سے مثبت بات نہیں آئی ۔ تنقید صحیح ہے تنقید ان کا حق ہے جائز ہے ۔ مگر خود کب مثبت تجاویز کے ساتھ آئے ۔ کیا ان مسئلوں کو اس طرح سے حل کرتے ہیں ۔ وہاں بھی یہی ایک رونا ہے کہ ہم باہر اقتدار میں بیٹھے ہیں ۔ کب جلدی اقتدار میں پہنچتے ہیں ۔ بھئی پہلے یہاں بدقسمتی سے 22 مہینوں میں ۔ 26 مہینوں میں ۔ 28 مہینوں میں حکومتیں گئی ہیں ۔ کیا فائدہ ہوا ۔ تو جب تک جمہوری ادارے چلیں گے نہیں ۔ اپنی میعاد پوری نہیں کریں گے ۔ کیسے جمہوریت مضبوط ہو گی ۔ ٹھیک ہے حکومتیں غلط ہیں ۔ حکومتوں کا رویہ صحیح نہیں ہے ۔ چاہے صوبائی حکومتیں ہیں یا وفاقی حکومت ہے یا وہ ملازمتوں میں انصاف نہیں کر رہے ہیں یا وہ ملک کی جو دولت ہے اس کی منصفانہ تقسیم نہیں کر رہے ہیں ۔ ملک کے عوام کے مفاد کے حوالے سے یا ایک مخصوص گروہ اقتدار کو غلط استعمال کر رہا ہے یا عدلیہ کی آزادی صحیح نہیں ہے یا پریس کی آزادی متاثر ہو رہی ہے ۔ اس کے لئے یہ جو ادارے ہیں ۔ یہ ان کا کام ہے ۔ سینٹ کا کام ہے ۔ قومی اسمبلی کا کام ہے کہ وہ اس کے لئے آئین میں ترامیم چاہیں ۔ کبھی اپوزیشن اپنے ساتھ کبھی کوئی ترمیم ۔ کوئی اصول ۔ کوئی ضابطہ لائے کہ بھئی اس ضابطے کے تحت ملک کو چلنا چاہیئے تا کہ حکومت کو کارنر کر سکیں ۔ حکومت کو عوام سے isolate کریں ۔ محض ایک بات پر لوگ آپ کے ساتھ نہیں آئیں گے کہ اسمبلیوں کو اپنی میعاد نہ پوری کرنے دیں ۔ اس سے مسئلے حل نہیں ہوں گے ۔ اور الجھیں گے۔

جہاں تک 234 کا تعلق ہے میں نے جیسے عرض کیا اچھی روایات ہمارے ملک کے اندر نہیں ہیں ۔ یہ بھی غلط ہے ۔ غیر جمہوری ہے ۔ غیر سیاسی ہے ۔ میری نظر میں غیر اصولی ہے ۔ بھئی جب کوئی بھی حکومت ہے تو اس کو آپ کام کرنے کا موقع دیں ۔ اگر ایک حکومت اپنے فرائض منصبی ادا کرنے میں کوتاہی برت رہی ہے یا غلط کاری کر رہی ہے یا کرپشن میں ملوث ہے تو اس کا حل بھی اسمبلیوں میں ہے وہ اس کے اوپر عدم اعتماد کر سکتے ہیں ۔ لیکن معطل کر کے اندرون خانہ تھوڑا بہت نظام کر کے ۔ اس سے فائدہ نہیں ہو گا ۔ پہلے ہی ہمارا ملک بدنام ہو رہا ہے ۔ کوئی کہتا ہے گھوڑا ٹریڈنگ ۔ کوئی کہتا ہے گدھا ٹریڈنگ ۔ پتا نہیں کتنے کتنے نام استعمال

کرتے ہیں ۔ لوٹا کریسی ۔ یہ اچھی بات نہیں ہے ۔ یہ ملک کو بھی زیب نہیں دیتا ۔ یہ کروڑوں عوام کا جو مینڈیٹ ہے یہ اس کے ساتھ انصاف نہیں ہو رہا ہے ۔ جو عوام آپ کو مینڈیٹ دیتے ہیں ہمارا فرض بنتا ہے کہ ہم اس مینڈیٹ کا احترام کریں ۔ لیکن بدقسمتی سے یہ باتیں جو ہو رہی ہیں یہ یکطرفہ نہیں ہیں ۔ میں صرف حکومت وقت کو اس کا مورد الزام نہیں ٹھہراؤں گا ۔ ہمارے ہاں دونوں طرف سے ۔ دونوں بڑی پارٹیاں اپوزیشن میں مسلم لیگ اور اقتدار میں پیپلزپارٹی ۔ دونوں جمہوریت کو اس ملک میں مضبوط کرنے میں سنجیدہ نہیں ہیں ۔ دونوں ہماری جیسی چھوٹی پارٹیوں کو لے کر بس اپنا کام نکالتے ہے ۔ وہ کہتے ہیں بس حکومت کرو ۔ چلاؤ ۔ چلاؤ، چلاؤ۔ اس طرح سے جناب والا نظام درست نہیں ہو گا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس معزز ایوان میں یا قومی اسمبلی میں ۔ ہم سب کا یہ فرض بنتا ہے کہ اس بات پر توجہ دیں کہ سب سے اہم بات اس ملک کے اندر Rule of Law ہو اور یہ جو دولت ہے جس پر 90 فیصدی عوام کا حق ہے ۔ اس کو واپس ملنا، چاہیئے ۔ ملک کی دولت کی منصفانہ تقسیم ہو ۔ سب لوگوں کو روزگار ملے ۔ مہنگائی ختم ہو، انصاف ہو، امن ہو ۔ خوشحالی ہو ۔ وہ اس وقت ہو سکتا ہے جب ہم اصولوں کی پاسداری کریں اور میں سمجھتا ہوں کہ حکومتوں کو کنٹرول کرنا بھی اس معزز ایوان کا کام ہے ۔ سینٹ اور قومی اسمبلی کا کام ہے ۔ صوبائی اسمبلیوں کا کام ہے ۔ وہ دیکھیں کہ اس ملک کے ساتھ کیوں بے انصافی ہو رہی ہے ۔ 13 کروڑ عوام کے ساتھ کیوں زیادتی ہو رہی ہے ۔ کہاں اصولوں کی پامالی ہو رہی ہے ۔ کہاں امن و امان کی بیخ کنی ہو رہی ہے ۔ کہاں صرف چہیتے لوگ اپنی من مانی کر رہے ہیں، کہاں کہاں ملک کی دولت کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا جا رہا ہے اگر اس ملک کے اندر آپ یہ تاثر دیتے ہیں کہ سیاست صرف دولت کے بل بوتے پر ہوگی۔ ارب پتی بنو، کھرب پتی بنو ۔ آج دونوں پارٹیاں یہ تاثر دے رہی ہیں کہ جس کے پاس دولت ہوگی وہ سیاست کرے گا ۔ یہ کیا اصولوں کی پاسداری کریں گے ۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر**۔ آپ کا وقت ختم ہے ۔ آپ دوہرا رہے ہیں ۔

**ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ**۔ میں ان گزارشات کے ساتھ آخر میں یہ عرض کروں گا کہ ہم سب کو اس بات کا خیال رکھنا چاہیئے چاہے اپوزیشن میں ہوں یا حکومت میں ۔ یہ 234 کا ناروا استعمال جو ہے اس کا کوئی تدارک ہو اور floor crossing کا بھی قانون ہونا چاہیئے ۔ ہم سب

عہد کریں آؤ قانون بناتے ہیں کہ floor crossing نہیں ہوگی جس پارٹی کے ٹکٹ پر منتخب ہوئے ہے اسی پارٹی میں رہیں ۔ اگر آپ میں جرات ہے تو اس پارٹی کی سیٹ چھوڑیں الیکشن کریں دوبارہ عوام کے پاس جا کر mandate لیں ۔ یہ کہاں کا انصاف ہے کہ ایک پارٹی کا ٹکٹ لے کر منتخب ہو کر دوسری پارٹی میں floor crossing کر جاتے ہیں ۔ بہت بہت شکریہ!

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر**۔ ڈاکٹر صاحب، میں آپ سے پوچھنا چاہ رہا ہوں میرے پاس دو معزز صاحبان کے نام ہیں ایک ملک حاکمین خان صاحب کا اور دوسرے حافظ فضل محمد صاحب کا اور وقار صاحب کا نام بھی ہے تو کیا خیال ہے ایوان کا اجلاس جاری رکھیں یا اتوار کو یہ مسئلہ لے لیں ۔

**ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی**۔ آج اس بحث کو ختم کریں ۔ اجلاس جاری رکھیں۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر**۔ ٹھیک ہے ۔ ملک حاکمین خان صاحب۔

**ملک حاکمین خان**۔ جناب والا، آج جس طریقے سے اپوزیشن کی طرف سے پنجاب کے سلسلے میں بڑی معصومیت سے اور بڑی مظلومیت سے بعض معاملات کو اجاگر کرنے کی کوشش کی گئی میں سمجھتا ہوں بڑی اچھی بات ہے جمہوریت کی بات کر رہے ہیں ۔ آرٹیکل 234 کی بات کر رہے ہیں اور یقینا" انہیں حکومتی پارٹی پر تنقید کرنی چاہیئے لیکن میں اس بات پر حیران ہوں کہ تنقید پی ڈی ایف کے اندرونی معاملات پر کی جا رہی ہے ۔ میں حیران ہوں کہ بات تو آئین کی کرتے ہیں، بات تو اسمبلی کی dissolution کی کر رہے لیکن شاید ان کے علم میں یہ بات نہیں ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی یا دوسرے جو ان کے اتحادی ہیں ان کی یگانگت سے پی ڈی ایف بنا ہوا ہے اور اس کے اندرونی معاملات ہیں اور جب وہ چاہیں آپس میں مل بیٹھ کر حالات کو درست کرنا چاہیں ان میں تبدیلی لانا چاہیں تو وہ لا سکتے ہیں ۔

جناب والا، آپ کو یاد ہوگا کہ جب جناب ذوالفقار علی بھٹو کی حکومت تھی ۔ وہ وزیر اعظم پاکستان تھے اس وقت بھی پنجاب میں پیپلز پارٹی کو حکومت تھی اور جب وہ سمجھتے تھے کہ ہمارا چیف منسٹر پنجاب میں پنجاب کے مفادات کو پوری طرح تحفظ نہیں دے رہا یا جب وہ سمجھتے تھے کہ اب اس لیڈر کی یا اس قیادت کی یا اس چیف منسٹر کی اب ضرورت نہیں ہے کیونکہ اس سے اس کے اپنی ممبران صوبائی اسمبلی یا وزراء صاحبان پوری طرح مطمئن نہیں ہیں تو وہاں

بھی جناب والا' باہمی مشورے سے تبدیلی آتی رہی ہے ۔ کبھی وزیر اعلیٰ پنجاب ' جناب معراج خالد تھے ۔ ان کے بعد ملک غلام مصطفےٰ کھر صاحب تشریف لائے ۔ ان کے بعد محمد حنیف رامے صاحب تشریف لائے ۔ اس کے بعد صادق حسین قریشی صاحب' اور یہ خوش قسمتی یا بدقسمتی جو بھی آپ سمجھیں' میں گنہگار بھی اس کابینہ میں through out رہا اور میں سمجھتا ہوں وقت کے تقاضوں کے تحت تبدیلی آتی ہے ۔ پی ڈی ایف میں تبدیلی آئی ہے ۔ اگر میاں منظور وٹو صاحب نے کہیں یو کے میں جا کر کانا پھوسی کی ۔۔ جناب والا ' میں اپنے اتحادیوں سے یہ بات کرنا چاہتا ہوں جس طریقے سے انہوں نے اپنے طور پر اپنے کیس کو plead کیا ' جو ہمارے ساتھ رفقاء کار ہیں' جناب والا' یہ بات کسی سے ڈھکی چھپی ہے کیونکہ میاں منظور وٹو صاحب ہمارے اتحادی تھے' پاکستان پیپلز پارٹی جو پنجاب میں اکثریتی پارٹی ہے اس کے چیف منسٹر تھے ۔ پی ڈی ایف کے چیف منسٹر تھے ' اچانک انہیں کیا ضرورت پڑ گئی کہ لندن میں جا کر میاں شہباز شریف سے کانا پھوسی کرتے رہے ۔ وہ کون سا پروگرام تھا کہاں اس کو پی ڈی ایف نے اجازت دی کہ تم جا کر نواز شریف سے مل بھگت کر کے ایسے حالات پیدا کرو ۔ جناب والا! لنڈن میں ان کا بڑا ایک systematical پروگرام تھا بڑے سوچے سمجھے منصوبے کے تحت یہ اسمبلیوں کی dissolution کرنا چاہتے تھے یہ اسمبلی کو توڑنا چاہتے تھے ۔ تو جناب والا! بات کی ہمارے فتح محمد خان صاحب نے کہ اسمبلیاں ٹوٹتی رہی ہیں غلام محمد صاحب سے بات انہوں نے کی ضیاء الحق کی طرف وہ آئے اس کے بعد دوسری طرف آگے بڑھے کہ اسمبلیاں ٹوٹتی رہی ہیں ۔ یہ اسمبلی نہیں ٹوٹی ہے اس میں گورنر نے دعوت دی ہے وزیر اعلیٰ کو کہ آؤ آ کر اعتماد کا ووٹ لو لیکن بدقسمتی سے وہ تشریف نہیں لائے وہ سمجھتے تھےکیونکہ ان کے خلاف عدم اعتماد ہو چکا تھا کیونکہ ایک بحرانی کیفیت تھی ایسے حالات تھے corruption کے charge تھے اس کے ساتھ ساتھ جناب والا! جس کیبنٹ کے چیف منسٹر کے خلاف اس کے ایم پی اے حضرات یا اس کے وزیر وزراء یا اس کے مشیر احتجاجاً استعفےٰ دے دیں تو میں سمجھتا ہوں اس کی اخلاقی جرات ہونی چاہئے کہ وہ استعفےٰ پیش کرے کہ میں نے اپنے پروگرام کے ساتھ اپنے منشور کے ساتھ اپنے orientation کے ساتھ اپنی struggle میں یا جو اس کی سوچ تھی میں اس ideology سے پوری طرح میں متاثر نہیں کر سکا ہوں لوگوں کو میں ایک بہتر result نہیں دے سکا ہوں عوام کو ۔ تو جناب والا! یہ چیزیں بڑی واضح ہیں اور بات کی جا رہی ہےجمہوریت کی اور جمہوریت کی بات کون کر رہے ہیں

جناب والا! جو اس ڈکٹیٹر کا تسلسل ہیں ' جو مارشل لاء کے ساتھ رہے ہیں ' جو ظلم اور ستم ڈھانے جا رہے تھے وہ لوگ بات کر رہے ہیں میں بہت احترام کرتا ہوں جناب راجہ ظفر الحق صاحب کا لیکن میں تقریر سن کر حیران تھا کہ بڑی مظلومیت ' بڑی جمہوریت کی بات بڑی struggle والے لوگوں کے خلاف ۔ میں حیران تھا کیونکہ مجھے وہ دن یاد ہیں کیونکہ میرے ان سے بڑے اچھے تعلقات ہیں جناب والا! میں جب دیکھتا تھا ضیاء الحق کیا شان ہے قدرت کی جس طرح وہ ظلم و ستم ڈھا رہا تھا معصوم اور پسی ہوئی غریبوں کے back پر lashes مار رہا تھا بے گناہ لوگوں کو تختہ دار پر لٹکاتا رہا تو اس وقت راجہ صاحب ہمارے محترم خوبصورت شیروانی اور خوبصورت cap کے ساتھ شانہ بشانہ ان کے قدم بہ قدم جا رہے تھے اس وقت تو انہیں یہ خیال نہیں آیا جس طرح ظلم و ستم ڈھا رہے تھے کیا انہیں ملے گا آج تو جناب بڑی بڑی باتیں کی جا رہی ہیں بڑی مظلومیت اور معصومیت کی بات کی جا رہی ہے ۔ جناب والا ! ہماری یہ درخواست ہے کہ دروغ گوئی سے کام نہ لیں اگر اس ملک میں واقعی جمہوریت کی خدمت کرنی ہے واقعی اس ملک میں اس قسم کے ایسے حالات پیدا کرنا چاہتے ہیں جو سچائی پر مبنی ہوں تو پھر صاف گوئی سے بات کریں پھر self criticism سے بات کریں ' پھر پہلے اپنے پر تنقید کریں ۔ اپنی غلطیوں کا خمیازہ کرنے کی بات کریں ' ایک اصول پر چلنے کی بات کریں تب تو یہ مشن کو آگے بڑھا سکتے ہیں ' تب تو یہ منزل تک پہنچ سکتے ہیں لیکن جب جناب والا ! ایسی چیزیں سنی جاتی ہیں ایسا تاثر دیا جاتا ہے ' ایسے ڈرامائی طریقے سے بات کی جاتی ہے میں سمجھتا ہو انتہائی دکھ کی بات ہے میں یقیناً ان حالات میں وقت کم ہے میں بہت سے ایشوز کو لینا چاہتا تھا لیکن میں یقیناً وزیر اعظم پاکستان محترمہ بینظیر بھٹو اور ان کے ساتھ ان کے رفقاء کار میں نام لوں گا نواب زادہ نصراللہ خان کا بھی میں نام لوں گا میر بلخ شیر مزاری کا بھی کا انہوں نے اس بحرانی کیفیت میں اس اتحاد کو ٹوٹنے نہیں دیا ۔ جناب والا ! کون نہیں جانتا کہ میاں نواز شریف تو چاہتے ہیں کہ فوری طور پر ان اسمبلیوں کی dissolution ہو جائے ختم ہو جائیں ایک نیا سلسلہ جاری ہو جائے آپ روز ان کی اخبار میں بات دیکھیں کبھی وہ mid term election کی بات کرتے ہیں ۔ اور تم کون سے پیر بابا ہو سیاسی ' تم نے کون سی اپنے دور میں خدمت کی ہے کہ آج ہمیں سبق دیتے ہو اب ہمیں مشورہ دیتے ہو آج ہمیں درس دیتے ہو آؤ سیاست ہم سے سیکھو سیاست بہادر سکھا سکتا ہے سیاست جرات مند سکھا سکتا ہے سیاست اپنے دل میں محبت رکھنے والا سکھا سکتا ہے سیاست اپنے اصولوں پر کاربند رہنے والا

سکھا سکتا ہے ۔ میاں صاحب آپ کیا سیاست سکھائیں گے ہمیں ؟ آپ کے پاس کوئی پروگرام نہیں ہے ۔ آپ کے لوگ تو چند دنوں میں چیخ و پکار کر جاتے ہیں اس لئے یہ پنجاب کا مسئلہ ہمارا اندرونی مسئلہ ہے اور ہمارے اتحاد جو پی ڈی ایف کا اس پر مبارک باد نہیں دے رہے ہیں اس محترمہ کو اس وزیر اعظم پاکستان کو جس نے اتنی بھاری اکثریت کے باوجود انہوں نے فیصلہ دیا اپنے پی ڈی ایف کے لوگوں کے سامنے میں مبارک باد دینا چاہتا ہوں حامد ناصر چٹھہ کو بھی مبارکباد دینا چاہتا ہوں جنھوں نے بیٹھ کر یہ فیصلہ کیا کہ اے نہیں بی ' بی نہیں سی لیکن متفقہ فیصلہ دیا ۔ جناب والا! یہ باتیں کرتے ہیں ' تاثر دیتے ہیں جس سے میں سمجھتا ہوں کہ یہ انتہائی افسوسناک بات ہے ۔ جہاں تک میرے محترم نے بات کی کہ ہم جیالوں کو دیکھتے ہیں کہ کبھی ان کی پیٹ ایسی لگی ہوئی ہے ۔ نہیں نہیں ایسی بات نہیں ہے اور ایسی بات مت کریں ایسا جیالا نہیں ہو سکتا ہے ۔ ہو سکتا ہے ان کے اپنے ہی لوگ ہوں جو صرف بدنام کرنے کے لئے ایسی سوچ رکھتے ہوں تاکہ یہ تاثر ملے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی حکومت ہے ۔ پاکستان پیپلزپارٹی ایک organized party ہے ۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے نوجوان ' حریت پسند تو کندن بن کر میدان میں اترے ہوئے ہیں وہ ایسی حرکت نہیں کر سکتے ۔ وہ سمجھتے ہیں کہ یہ ہماری حکومت ہے اور وہ اس کو بدنام نہیں کر سکتے ۔ جناب والا! اس لئے ان کی بات میں وزن نہیں ہے ۔ مخالفت کریں اور اپوزیشن کا حق ہے کہ وہ تنقید کرے لیکن کسی argument کے ساتھ کرے ۔ کسی آئین اور دستور کے ساتھ بات کرے ۔ یہاں ایسے خوبصورت dialogue بولے گئے ہیں کہ ہو سکتا ہے جو نہ جاننے والا ہو وہ حیران ہو لیکن یقین کریں ان میں کوئی حقیقت نہیں ہے ۔ بابا خود سوچو اور اپنے اپنے طور پر سوچو ' اپنے گریبان میں جھانک کر دیکھو کہ آپ لوگوں نے کیا کچھ نہیں کیا اس ملک کے غریبوں کے لئے ' اتنا ظلم وستم آپ لوگوں کے دور میں ہوا کہ آنے والی نسلیں بھی آپ کو معاف نہیں کریں گی جناب والا ۔ یہ اسلئے کہتے ہیں کہ آج پاکستان پیپلزپارٹی اس ملک کی خدمت کرنا چاہتی ہے اور جو وہ اسے 50 سال پیچھے لے گئے ہیں وہ اسے ترقیاتی ' معاشی ' اقتصادی لحاظ سے آگے بڑھانا چاہتی ہے ۔ جناب والا انہیں ذرا احساس نہیں ہے اور میں حیران ہوں کہ کانگریس نے جو متفقہ طور پر فیصلے کیئے ہیں Pressler Amendment کے بارے میں جو ہمارے لئے انتہائی خوفناک تھی کسی طرف سے یہ بات نہیں اٹھائی گئی ۔ اخلاقی طور پر تو یہ چاہیئے تھا کہ ہمارا لیڈر آف اپوزیشن کھڑا ہوتا اور کہتا محترمہ بے نظیر بھٹو صاحبہ وزیر اعظم پاکستان

ہمارے آپ سے سیاسی اختلاف تھے لیکن جو آپ کی فارن پالیسی ہے اور جو آپ کا رول اور کردار رہا ہے ہم آپ کو تحسین پیش کرتے ہیں ۔ ہم آپ کو شاباش دیتے ہیں ۔ ہم آپ کو مبارکباد دیتے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اپوزیشن کا کام یہ ہے کہ جو گورنمنٹ اچھے کام کرے اس کے لئے appreciation دیں ' جو اس میں کمی بیشی ہو اس کی تنقید کرے۔ اصلاحی بات کرے اور وہ صحیح سمت میں جانے تو یہی ہماری یگانگت ہو گی۔ اسی میں ہماری کامیابی ہو گی۔ جناب والا! میں شکر گزار ہوں آپ کا ۔ آپ کی بہت بہت مہربانی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ جناب وقار احمد خان۔

Mr. Waqar Ahmed Khan: Thank you Mr. Chairman for giving me the opportunity to speak . First of all I will like to categorically refute and deny the allegations that I heard from the Leader of the Opposition. He made a statement that the President is a party to this act, I would like to say that the President is bound to act on the advice of the Prime Minister and he is not a party to the act.

[ At this stage the Chair was occupied by Mr. Deputy Chairman

( Mir Abdul Jabbar).

Mr. Waqar Ahmad Khan: Sir, if I may add we talk about Article 234. Article 234 was invoked, when Watoo's Cabinet resigned. Cabinet resigned - members of the Peoples Party and Chatha League together resigned. So it was a matter of crisis. The Article 234 had been invoked to protect the Assemblies so that they should not be dissolved.

Now we talk about democracy. Let us talk about democracy. We are, Peoples Party, a majority party in the Province of Punjab. To protect and to keep the solidarity and Alliance together having a clear majority in the Province being installed a Chief Minister from the minority party so that is a democracy,

that is a promise. If you want to know, Chatta League also supported our cause, they were with us, because there was corruption, there was highhandedness, they were committed with Mian Manzoor Wattoo, they were against the people of Punjab. Raja Sahib talked about horse trading and actions taken by the administration, I would state, there was no such thing, there was no such action taken by the administration. If there was any horse trading, if there was any donkey trading, that was done by Nawaz League. They were there who are giving flowery statements in the newspapers that we are proposing a way, inviting Chattha League and everybody wished to break the alliance and form a grand alliance and dissolve the Assembly and all that. And I would complement Madam Prime Minister Benazir Bhutto and the Leaders of the PDF that they stood by each other and continued to proceed in a manner which gives the true picture of democracy. They talked that Mian Manzoor Wattoo was never given the opportunity to take Vote of Confidence. Mian Manzoor Wattoo was indeed given the opportunity to take a Vote of Confidence, whereas, he did not have the decency to appear in the Assembly and show his faith. I would not take much of your time, Mr. Chairman, and I thank you for giving me the opportunity. Thank you very much.

**جناب ڈپٹی چیئرمین:** شکریہ جناب وقار صاحب۔ کوئی رہتے ہیں آپ نے بھی نام دیا ہے۔ابھی آپ کا نمبر تو ---- ٹھیک ہے۔

**حافظ فضل محمد:** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین ' صاحب' میں آپ کا انتہائی مشکور ہوں کہ آپ نے اس اہم موضوع پر مجھے کچھ کہنے کا موقع فراہم کردیا۔ یہاں پاکستان میں ہمیشہ جو بھی حکمران ' جو بھی جماعت ' جو بھی پارٹی برسراقتدار آتی ہے' تو اس ملک کے قانون اور آئین کو اپنے گھر کی لونڈی سمجھ کر اس طرح استعمال کرتی ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ

جو دونوں فریق ایک دوسرے پر الزامات لگاتے ہیں اور یہ حقیقت ہے یہ سچ بھی ہے اور ہم دونوں کی حمایت کرتے ہیں۔ ان کے الزامات ان کے بارے میں حق بجانب ہیں۔ لیکن اس طرف کے الزامات اس طرف کے ارکان پر لگانا کیا یہ حق بجانب ہے! یہاں قانون اور آئین نام کی کوئی چیز ہے۔ جبکہ اسی قانون بلکہ اسی آئین کی کچھ دفعات کے تحت صدر صاحب کو جو اختیارات حاصل ہیں، انہیں دفعات کے تحت جب صدر ضیاء الحق صاحب مرحوم نے، جب اسحاق خان صاحب (زندہ مرحوم) نے ان دفعات کا سہارا لیتے ہوئے تین بار پاکستان کی منتخب اسمبلیوں کا جو حشر کیا، جس بے دردی سے ان کو ذبح کردیا تو پورا ملک اس کے خلاف اور خصوصاً پیپلز پارٹی سر تا پا اس کے خلاف احتجاج بن گئی۔ لیکن آج وہی آئین ہے لیکن اس آئین کو چلانے والا صرف ہاتھ بدل گیا۔ جو صاحب آج اس آئین کا سہارا لیتے ہیں اسی انداز سے بدنیتی کی بنیاد پر، بدنیتی پر مبنی اقدامات آئین کی رو سے جو آج ہو رہے ہیں تو وہی پیپلز پارٹی جو کل اس قسم کے اقدامات کی انتہائی مخالفت کرتی تھی پوری دنیا کو سر پر اٹھا کر شور مچاتے تھے، آج وہی پیپلز پارٹی اسی قسم کے اقدامات کی حمایت کر رہی ہے۔ ہمیں تعجب ہے، جناب چیئرمین صاحب، حقیقت یہ ہے میں دل کی باتیں کرتا ہوں۔ میں یہ روائیتی انداز کی باتیں نہیں کرتا ہوں۔ میں تو ابھی تک یہ جمہوریت کو سمجھا ہی نہیں ہوں کہ جمہوریت ہے کیا؛ عملاً تو یہاں ہمارے اداروں میں جمہوریت کا نام و نشان ہے ہی نہیں۔ جہاں تک ہم یہاں کتابوں میں پڑھتے ہیں یا اپنی ذہنی استعداد اور صلاحیت کی بنیاد پر ہم نے جو جمہوریت سمجھی ہے، میرے خیال میں جمہوریت یہ ہے کہ ادارے کسی ملک کے انتہائی مضبوط اور شخصیات انتہائی کمزور ہوتی ہیں۔ جب کسی ملک کے ادارے مضبوط ہوں گے اس ملک کی شخصیات کمزور ہوں گی تو وہ کبھی بھی اپنی من مانی، اپنی نفسی اور ذاتی خواہشات اور مفادات کے تحت اس ملک کے آئین اور قانون کو استعمال نہیں کر سکتے لیکن یہاں جب ہم دیکھتے ہیں جو بھی آتا ہے وہ آئین اور قانون کا سہارا لے کر قانون کی پیچیدگیوں سے اور آئین کی پیچیدگیوں سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ایسے اقدامات کرتا ہے کہ جو جی چاہتا ہے وہی اقدام کرتا ہے۔ کیا یہی جمہوریت ہے۔ میں حقیقت کہتا ہوں جہاں تک میرا اندازہ ہے تو میں حلفیہ کہتا ہوں کہ اگر یہ مسلم لیگ کا دور حکومت ہوتا مسلم لیگ والے اس طرح کا اقدام کرلیتے جو آج پیپلزپارٹی نے پنجاب میں کیا تو یہی پیپلزپارٹی والے شور مچاتے۔ لیکن آج چونکہ انہوں نے کیا ہے تو اس کے دفاع کے لیے وہ بہت بڑی لمبی لمبی شاندار انداز میں تقریریں کرتے ہیں۔

مجھے تعجب ہے اور مجھے یہ علم بھی ہے کہ بڑی حد تک ان کے بھی انصاف پسند لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ یہ اچھا نہیں ہے۔ ایک طریقہ ہے' آئین اور قانون کا بھی ایک طریقہ ہے تو وہاں ان کو عدم اعتماد کی تحریک کا نوٹس دینا چاہئے تھا پہلے یہ مرحلہ طے کرلیا جاتا اگر اس مرحلے سے معاملہ بڑھ جاتا اور بات گزر جاتی تو آپ کو معلوم ہے جناب' آپ کو خوب پتہ ہے کہ آئین میں' جو ہمارے آئین میں یا قانون میں جو اختیارات حکمران کو حاصل ہیں وہ انتہائی ناگزیر حالات کو سنبھالنے کے لیے ہیں اس وقت اس طرح کے اقدامات کئے جاتے ہیں جب اس کی ضرورت ہو۔ اس کے لیے نہیں ہے کہ جب بھی وہ چاہے جب بھی اس کے دل میں کوئی بات آ جائے جب بھی وہ کسی کو خواہ مخواہ ذلیل کرنے کے لیے' رونے کے لیے' لتاڑنے کے لیے' روندنے کے لیے چاہے ان کو استعمال کر لے۔ یہ آئین کے اختیارات نہ صدر کو اس بنیاد پر حاصل ہیں' نہ کسی حکمران کو اس بنیاد پر حاصل ہیں بلکہ یہ انتہائی خراب حالات کو گھمبیر حالات کو سنبھالنے کے لیے آخری اختیارات حاصل ہیں۔ یہ تو انتہائی آخری قدم ہے جو صدر صاحب نے پنجاب کے حوالے سے اٹھایا۔ ان کے لیے اور اچھے مراحل بھی تھے' ایک جمہوری انداز سے وہاں تبدیلی کرا سکتے تھے۔ یہ بھی اگر وہ یہ کہتے ہیں کہ یہ ہمارا اپنا اندر کا مسئلہ ہے بھئی یہ پنجاب کی حکومت کا مسئلہ ہے' یہ پنجاب پاکستان کا سب سے بڑا اہم صوبہ ہے اور یہ ملک کا مسئلہ ہے وہاں جو corruption ہوا کیا یہ پیپلزپارٹی والے یہ ضمانت دے سکتے ہیں کہ ہم نے وٹو حکومت اس لیے ختم کر دی کہ وہاں کرپشن ہو رہی تھی۔ کیا اب یہ ضمانت دے سکتے ہیں کہ اب نہیں ہو گی۔ جب انہوں نے اس تبدیلی میں' اس مرحلے میں جو پیسے خرچ کر دیئے اگر یہ ملک کے غریب عوام کو صاف پانی مہیا کرنے کے لیے استعمال ہو جاتے تو آدھے پاکستان کے غریب لوگوں کی اصل بنیادی ضروریات اس سے حل ہو جاتیں۔ میں حیران ہوں یہی پارٹی جو سب سے زیادہ جمہوریت کی دعویدار' سب سے زیادہ غریب پروری کی دعویدار ہے پھر ملک کا سرمایہ کس بے دردی سے' کس انداز سے' اس طرح اپنے اقتدار بچانے کے لیے اپنی ذاتی خواہشات کو پورا کرنے کے لیے استعمال کر رہی ہے مجھے حقیقت ہے کہ بہت بڑا تعجب ہے اس پہ اور یہی پارٹی جو ہے جو کہتی ہے کہ ہم نے جمہوریت کے لیے بہت بڑی قربانی دی۔ میں کہتا ہوں کہ بالکل دی ہے' ہم بھی ساتھ تھے ہم بھاگے نہیں تھے ہم ساتھ تھے۔ یہ تو سب سے بڑی مصیبت کی بات ہے' دکھ کی بات ہی یہ ہے کہ

ہو جائے جو باغباں ہی خود حریف شاخ گل

تو رہے گی رونق گلزار آخر کب تلک

جب یہی جماعت سب سے زیادہ جمہوریت کی چیمپئن بنی ہوئی ہے لیکن یہی جماعت جو آج پاکستان میں جمہوریت کو جس انداز سے ذبح کر رہی ہے اس کی مثال پوری دنیا میں سامنے نہیں ہے۔ کیا مالاکنڈ میں بھی یہی صورت حال تھی ' کیا وہاں بھی کرپشن ہو رہی تھی کہ مالاکنڈ میں شبخون مارا' کیا باڑا میں بھی یہی تھا وہاں بھی انہوں نے شبخون مارا وہاں کی عوام کو جس طرح سے مسلمانوں کو جس انداز سے قتل کر دیا۔ پوری دنیا میں جمہوریت کی تو یہی تعریف ہے کہ عوام کی خواہشات کے مطابق وہاں کے Law ہوں' وہاں کا آئین ہو' وہاں کی ثقافت ہو' وہاں کا کلچر ہو' وہاں کی تہذیب ہو ' عوام کی خواہشات کے مطابق۔ جب وہاں کے لوگ یہ چاہتے ہیں کہ ہم اسلام چاہتے ہیں اور اس ملک کی بنیاد بھی' اساسی بنیاد یہی ہے کہ ہم یہاں اسلامی معاشرہ تشکیل دیں گے۔ جب وہاں انہوں نے یہ کیا جس انداز سے کچل دیا جس انداز سے روندھا گیا ' جس انداز سے ننارا گیا اس کی مثال پوری دنیا میں نہیں۔ کیا کراچی میں یہی ہے۔ جب کراچی کے یہ حالات ہیں' باڑا میں یہ حالات ہیں۔ وہاں کا کلچر ہو ' وہاں کی تہذیب ہو ۔ سب کچھ عوام کی خواہشات کے مطابق ہو ۔ جب وہاں کے لوگ یہ چاہتے ہیں کہ ہم اسلام چاہتے ہیں اور اس ملک کی اساسی بنیاد بھی یہی ہے کہ ہم یہاں اسلامی معاشرہ تشکیل دیں گے ۔ جب انہوں نے وہاں پہ اس کے لئے اقدامات کیئے تو اس تحریک کو جس انداز سے کچل دیا گیا ' جس انداز سے روندا گیا ' اس کی مثال پوری دنیا میں نہیں ملتی ہے ۔ کیا کراچی میں بھی یہی حالات نہیں ہیں ؟ کراچی کے یہی حالات ہیں ' باڑہ میں یہ حالات ہیں ۔ باجوڑ میں یہ حالات ہیں ۔ مالا کنڈ میں یہ حالات ہیں ۔

جناب والا ! صوبہ سرحد کی طرح پنجاب میں بھی شب خون مارا گیا ۔ مجھے ابھی تک یہ سمجھ نہیں آ رہی ہے کہ جمہوریت ہے کیا بلا ؟ جو بھی حکمران آتا ہے وہ قانون اور آئین کو اپنی مرضی کے مطابق اپنی خواہشات کی تکمیل کے لئے استعمال کرتا ہے ۔ کیا یہی جمہوریت ہے کہ وہاں کے عوام جنہوں نے اصل مینڈیٹ دیا ہے ' جو اصل پارٹی ہے --- نظریاتی طور پہ ہم ایم کیو ایم کے خلاف ہیں ۔ اس میں کوئی شک نہیں ۔ ہماری پارٹی کا اساسی نقطہ ہر قسم کی فرقہ واریت ' تعصب ' علاقائیت اور نسل پرستی کے خلاف ہے ۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ایم کیو ایم کے خلاف ہیں لیکن پھر بھی اگر جمہوریت کے دائرے میں ' جمہوریت کے حوالے سے دیکھا

جانے تو وہاں کا مینڈیٹ کس کو حاصل ہے ؟ یہ ایم کیو ایم کو حاصل ہے ۔ لیکن قومی اسمبلی میں ایم کیو ایم کے نمائندے موجود نہیں ہیں ۔ یہ کمال کی بات نہیں ہے کہ ایم کیو ایم کے صوبائی اسمبلی کے جو ممبران ہیں ' ان سب نے ایک لاکھ ' نوے ہزار ' اسی ہزار اور ایک لاکھ دس ہزار اور ایک لاکھ بیس ہزار تک ووٹ لئے ہیں جب کہ وہاں سے جو قومی اسمبلی کے ممبران کامیاب ہو کر آئے ہیں وہ صرف پانچ پانچ' چھ چھ ہزار تک ووٹ لے کر آئے ہیں ۔ اس صورت حال میں ہم پوری دنیا کو کس طرح باور کروا سکتے ہیں کہ ہمارے ملک میں جمہوریت ہے ؟ یہ حقیقت ہے کہ ان کو مینڈیٹ دینا چاہیئے ۔ وہاں ان کے حق کو تسلیم کرنا چاہیئے ۔ ان کے اور وہاں کے عوام کے درمیان جو فاصلے ہیں ' ان کو ختم کرنا چاہیئے ۔ تاکہ وہ اپنے عوام سے ملیں ۔ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ ایم کیو ایم کے اندر ....

**جناب ڈپٹی چیئرمین** ۔ مولانا صاحب ۔۔

**حافظ فضل محمد** ۔ جی ' میں سمجھ گیا ہوں ۔ میں اپنی بات ختم کرنے والا ہوں ۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین** ۔ ماشاء اللہ ' آپ سمجھ گئے ہیں ۔

**حافظ فضل محمد** ۔ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ ایم کیو ایم کے اندر کچھ تخریب کار' کچھ دہشت گرد ' کچھ لٹیرے ' کچھ چور گھس گئے ہیں ۔ ان کا یہ فرض بنتا ہے کہ ان کو اپنی صفوں کے اندر سے نکال دیں ۔ بس یہی ہماری چند گزارشات تھیں ۔ میں آپ کا بہت مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے موقع دیا ۔

حقیقت یہ ہے کہ ہم دونوں اطراف سے اصول کی بنیاد پہ تعاون کرنے کے لئے تیار ہیں ۔ ہم اگر ان کے نزدیک جاتے ہیں یا ان کے نزدیک جاتے ہیں تو ایک اصول کی بنیاد پہ جاتے ہیں ۔ ہم دونوں سے یہ درخواست کرتے ہیں کہ وہ ایک دوسرے کے وجود کو برداشت کریں اور اگر اس ملک کی جمہوریت کو چلانا ہے ۔۔۔اگرچہ جو عقیدہ ہمارا جمہوریت کے متعلق ہے ' وہ ان کا نہیں ہے ' تاہم میں یہ عرض کرتا ہوں کہ اگر ہم اس طرح کریں گے تو عوام یہ کہنے میں حق بجانب ہوں گے کہ ہمارے سیاست دان جو جمہوریت کے نعرے لگاتے ہیں ' یہ اس لئے نہیں لگاتے ہیں کہ ان کو جمہوریت سے محبت ہے بلکہ اس لئے لگاتے ہیں وہ اپنے آپ کو اقتدار تک پہنچانے میں کامیاب ہو سکیں ۔ اپنی عیاشی کے لئے ' اپنی استراحت و آسائش کے

لئے اور سب کچھ کرتے ہیں ۔ مارشل لاء کی مخالفت وہ اس لئے کرتے ہیں کہ مارشل لاء میں ان کے یہ راستے مسدود ہو جاتے ہیں ۔ اگر وہ مارشل لاء کی اس لئے مخالفت کریں گے تو پھر ان لوگوں کے بارے میں پوری دنیا یہ تاثر قائم کرنے میں حق بجانب ہو گی ۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین** ۔ جناب مندوخیل صاحب ۔

**جناب عبدالرحیم خان مندوخیل**۔ جناب والا ! میں گزارش کرتا ہوں ۔۔

**ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی**۔ جناب والا ! اب بہتر یہی ہے کہ اب وہ ہمیں سنیں ۔

( مداخلت )

**جناب عبدالرحیم خان مندوخیل**۔ میں ان سے بہتر بات کرنے والا ہوں ۔

**ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی**۔ نہیں جناب والا ! ایسے نہیں ہو سکتا ہے ۔

**جناب عبدالرحیم خان مندوخیل** ۔ یہ ہاؤس اس لئے نہیں ہے کہ یہاں بات نہ کی جا سکے ۔ میں یہاں کورم کا سوال اٹھاتا ہوں ۔ یہ کوئی ایسا سادہ مسئلہ نہیں ہے ۔ پنجاب کی آئینی حکومت کے خاتمے کے بارے میں یہاں ایک اہم مسئلہ زیر بحث ہے اور کوئی سننے والا نہیں ہے ۔ یہ کوئی superficial یا کوئی رسمی کارروائی نہیں ہے بلکہ اس کارروائی کو سننا ہے ۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین** ۔ تو کیا آپ کورم پوائنٹ آوٹ کرتے ہیں؟

**جناب عبدالرحیم خان مندوخیل** ۔ میں کورم پوائنٹ آوٹ کرتا ہوں ۔ کورم نہیں ہے ۔

**ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی**۔ جناب والا! یہ ہماری بات سننا پسند نہیں کرتے ہیں۔

**جناب عبدالرحیم خان مندوخیل**۔ ہاؤس پورا ہونا چاہیے ۔ کورم نہیں ہے ۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین** ۔ آپ تشریف رکھیں ۔ گھنٹیاں بجائی جا رہی ہیں اور اس کے بعد دیکھتے ہیں ۔

(اس موقع پر گھنٹیاں بجائی گئیں)

جناب ڈپٹی چیئرمین- گنتی کی جائے- پانچ منٹ تک گھنٹیاں بجائی گئی ہیں-

(مداخلت-)

**Mr. Chairman:** The House is adjourned to meet again on Sunday at 10:00 a.m.

---

*[The House was adjourned to meet again at 10 o'clock on 1st October, 1995.]*

---

PCPPI—4530 (97) Senat—15-10-97—180.